585

مواعظ القرآن والحدیث

DATA ENTERED

از

حضرت والا مرتبت الحاج پیر سید محمد معصوم شاہ صاحب جیلانی قادری نوریہ

... قادری نعیمی

نوری کتب گھر نزد ریلوے سٹیشن لاہور
... مسجد لاہور نمبر ۲

Marfat.com

ادع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ

سید محمد معصوم شاہ صاحب گیلانی قادری نوری سجادہ نشین نوری دربار رسادی چک شریف

ضلع گجرات

کے وعظوں کا بے نظیر مجموعہ

مواعظ القرآن والحدیث

حصہ دوم

ناشر

مولوی سید محمد سعید شاہ خلف الرشید سید محمد ظریف شاہ گیلانی قادری نوری

DATA ENTERED

ملنے کے پتے

کتاب گھر نوری مسجد بالمقابل ریلوے اسٹیشن لاہور

کتب خانہ اسلام گنج نوری مسجد لاہور نمبر ۲

Marfat.com

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	نمبر صفحہ
۱	فضائل درود شریف	۳
۲	فضائل محرم	۶
۳	فضائل جہاد	۱۲
۴	سود کا بیان	۱۷
۵	وعظ منظوم	۲۱
۶	تجارت کا بیان	۲۲
۷	شراب کا بیان	۲۷
۸	پوری دعائیں	۳۴
۹	تعلیم اصول کا بیان	۴۹
۱۰	وعظ پنجابی	۵۲
۱۱	عورتوں سے برتاؤ کے بیان میں	۵۸
۱۲	نیک عورتوں کے بیان میں	۶۲
۱۳	وعظ	۶۵
۱۴	سفرنامہ مدینہ منورہ	۸۹
۱۵	اچھی دوستی کے بیان میں	۹۳
۱۶	فضائل بیت اللہ	۹۶
۱۷	نظم	۹۷
۱۸	فضائل الصدقات	۹۸
۱۹	فضائل قیام لیل کے بیان میں	۱۰۲
۲۰	فضائل جمعہ	۱۰۶
۲۱	وعظ پنجابی	۱۱۲
۲۲	فضائل سید المرسلین	۱۱۵
۲۳	وعظ پنجابی	۱۳۲
۲۴	امارت کے بیان میں	۱۳۳
۲۵	جھوٹ کے بیان میں	۱۳۸
۲۶	وعظ پنجابی	۱۴۱
۲۷	خطبات	۱۴۲
۲۸	بخیلی کے بیان میں	۱۴۵
۲۹	فضائل زیارت قبور	۱۵۰
۳۰	فضائل زکوٰۃ	۱۵۴
۳۱	سفرنامہ مدینہ منورہ	۱۵۸

(پنجاب پریس لاہور)

وعظ

فضائل درود شریف

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا -

ترجمہ:۔ بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی) پر اے ایمان والو ان پر درود اور خوب سلام بھیجو - فائدہ:۔ درود شریف تمام احکام سے افضل ہے۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ نے کسی حکم میں اپنا اور اپنے فرشتوں کا ذکر نہ فرمایا - کہ ہم بھی یہ کرتے ہیں تم بھی کرو سوائے - درود شریف کے

حدیث:۔ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا رواہ مسلم

ترجمہ:۔ روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ علیہ وسلم نے جو مجھ پر ایک بار درود پڑھا اُس پر اللہ دس رحمتیں کرے گا - (مسلم)

حدیث:۔ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلٰوةً وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ

ترجمہ: روایت ہے حضرت انس فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم - کہ جو مجھ پر ایک بار درود پڑھے گا اللہ اس پر

Marfat.com

عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَحُطَّتْ
عَنْهُ عَشْرُ خَطِيَّاتٍ وَرُفِعَتْ
لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ

حدیث ۳۔ وَعَنْ مَسْعُوْدٍ قَالَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اَوْلَى النَّاسِ بِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَكْثَرُ
هُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ۔

حدیث ۴۔ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ
قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ
اُكْثِرُ الصَّلٰوةَ عَلَيْكَ فَكَمْ اَجْعَلُ
لَكَ مِنْ صَلٰوتِيْ فَقَالَ مَا شِئْتَ
قُلْتُ الرُّبُعَ قَالَ مَا شِئْتَ فَاِنْ زِدْتَ
فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ قُلْتُ النِّصْفَ قَالَ
مَا شِئْتَ فَاِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ
لَكَ قُلْتُ فَالثُّلُثَيْنِ قَالَ مَا
شِئْتَ فَاِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ
لَكَ قُلْتُ اَجْعَلُ صَلٰوتِيْ كُلَّهَا
قَالَ اِذًا يُكْفٰى هَمُّكَ وَيُكَفَّرُ
لَكَ ذَنْبُكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ۔

حدیث ۵۔ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ
عُمَرَ قَالَ مَنْ صَلَّى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى

دس رحمتیں کرے گا اور اس کے دس گناہ
معاف کئے جائیں گے اور اس کے دس درجے
بلند کئے جائیں گے روایت کیا نسائی نے۔

ترجمہ۔ حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں۔
فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کہ
قیامت میں مجھ سے زیادہ قریب وہ ہوگا
جو مجھ پر زیادہ درود پڑھے گا۔ (ترمذی)

ترجمہ۔ روایت ہے حضرت ابی بن کعب
سے فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول
اللہ میں آپ پر بہت درود پڑھتا ہوں تو
درود کتنا مقرر کروں۔ فرمایا جتنا چاہو۔
میں نے کہا چہارم فرمایا جتنا چاہو۔ اگر درود
بڑھا دو تو تمہارے لئے بہتر ہے میں نے
کہا آدھا فرمایا جتنا چاہو اگر درود بڑھا دو
تو تمہارے لئے بہتر ہے میں نے کہا
دو تہائی فرمایا جتنا چاہو۔ لیکن
اگر درود بڑھا دو تو تمہارے لئے بہتر ہے
میں نے کہا میں سارا درود ہی پڑھوں گا۔ فرمایا
تب تو تمہارے غموں کو کافی ہوگا۔ اور تمہارے گناہ مٹا دیگا

ترجمہ۔ روایت ہے حضرت عبد اللہ ابن
عمر سے فرماتے ہیں۔ کہ جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَمَلٰٓئِکَتُہٗ سَبْعِیْنَ صَلٰوۃً رَوَاہُ اَحْمَدُ ۔

پر ایک بار درود پڑھے گا۔ تو اس پر اللہ تعالیٰ اور فرشتے ستر بار درود بھیجیں گے۔ (رواہ احمد)

وعظ

نظم

نقلی چھڈ قلم توں آہن ویکھیں قلم الٰہی — تیرے کارن پاک خدا نے ہے ہر چیز بنائی

تیرے کارن زمین خدا نے پانی اتے رکھائی — انت حساب کسے نہ آوے اوہ ہر خلق دسائی

تیرے کارن باغ تمامی کھڑیاں خوش گلزاراں — تیرے کارن کئی قسم دے میوے باجھ حساب شماراں

تیرے کارن ہر دن سورج وقت مقرر چڑھدا — چاند اسفر کریندا ہر دن اک پل دیر نہیں کردا

تیرے کارن رات خدا نے واہ واہ عجب بنائی — تیرے کارن چن تے تارے سب کر دے روشنائی

تیرے کارن پاک خداوند رحمت مینہ برساندا — تیرے کارن پتھراں وچوں ہے دریا چلاندا

تیرے کارن رب نے پیدا کیتیاں نہریاں چھاواں — تیرے کارن رب چلاندا واہ واہ خوش ہواواں

وَاذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ وچ قرآن دے آوے — یعنی نعمت رب دی والا تذکرہ کیتا جاوے

مٹی وچوں میوے کڈھے پاک خداوند باری — جدھر جاؤ رزق خدا دا کھاوے خلقت ساری

دستر خوان فراخ زمین دا قدرت نال وچھایا — قسم قسم دا بندیاں کارن اللہ رزق بنایا

لکڑی وچوں میوے پیدا کیتے خالق باری — انت شمار کسے نہ آوے کھاوے خلقت ساری

ویکھ انگور دا گچھا رب نے کیسا عجب بنایا
سیب انار ماٹے اتے سوہنا رنگ چڑھایا

فضائل محرم

حدیث ۱

فضائل یوم عاشوراء قال عز وجل ان عدة الشھور عند اللہ اثنا عشر شھرا فی کتب اللہ الی قولہ منھا اربعۃ حرم و قد تقدم ذکر ذلک وان منھا المحرم فھذا الشھر من الاشھر المحرمۃ عند اللہ تعالی وفیہ یوم عاشوراء الذی عظم اللہ تعالی اجر من اطاعہ فیہ من ذلک ما اخبرنا بہ ابو نصر عن والدہ باسنادہ عن مجاھد عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صام یوما من المحرم فلہ بکل یوم ثلثون یوما۔

(غنیۃ الطالبین)

ترجمہ حدیث ۱

فضائل میں عاشورا کے دن کے اللہ عزوجل نے فرمایا بیشک مہینوں کی گنتی اللہ کے پاس بارہ مہینے ہیں اللہ کی کتاب میں اللہ کے اس قول تک ان میں سے چار مہینے حرام ہیں اور ابھی آگے گذر چکا ہے اس کا بیان اور اُن میں سے محرم ہے پس اللہ تعالیٰ کے پاس حرام مہینوں میں سے یہ ایک مہینہ ہے کہ اس میں عاشورہ کا دن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بڑا اجر مقرر کیا اس کا جو اسی دن میں اسکی تابعداری کرے۔ اس میں سے وہ خبر ہے جو ہمکو ابو نصر نے اپنے باپ سے اپنے اسناد سے اس نے مجاہد سے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ علیہ وسلم جو شخص محرم میں کے ایک دن روزہ رکھے تو اُسکے لیے ایک دن کے عوض تیس دن ہیں۔

حدیث ۲

وعن ابی ھریرۃ رض ایضا قال قال

ترجمہ حدیث ۲

اور نیز روایت ہے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
فُتُرِضَ عَلٰی بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ صَوْمُ یَوْمٍ
فِی السَّنَۃِ وَھُوَ یَوْمُ عَاشُوْرَآءَ
الْعَاشِرِ مِنَ الْمُحَرَّمِ فَصُوْمُوْہُ وَ
وَسِّعُوْا فِیْہِ عَلٰی عِیَالِکُمْ وَمَنْ وَسَّعَ
عَلٰی عِیَالِہٖ مِنْ مَالِہٖ فِیْ یَوْمِ عَاشُوْرَآءَ
وَسَّعَ اللّٰہُ عَلَیْہِ سَائِرَ سَنَتِہٖ وَمَنْ
صَامَ ھٰذَا الْیَوْمَ کَانَ لَہٗ کَفَّارَۃً
اَرْبَعِیْنَ سَنَۃً وَمَا مِنْ اَحَدٍ
اَحْیَا لَیْلَۃَ عَاشُوْرَآءَ وَاَصْبَحَ صَائِمًا
مَاتَ وَلَمْ یَدْرِ بِالْمَوْتِ ۔

سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے فرمایا بنی اسرائیل پر فرض کیا گیا
ایک دن کا روزہ سال بھر میں اور وہ
عاشورہ کا دن ہے۔ محرم سے دسویں دن
سو تم اس دن روزہ رکھو اور اس دن اپنے
عیال پر فراخی کرو۔ اور جو کوئی اپنے اہل پر اپنے
مال سے فراخی کرتا ہے عاشورا کے دن میں تو
اللہ تعالےٰ اسپر تمام سال فراخی کریگا۔ اور جو
کوئی روزہ رکھے اس دن میں تو وہ اس کے لئے
چالیس سال کا کفارہ ہوجاویگا۔ اور نہیں کوئی
جو عاشورا کے دن کی رات زندہ رکھے اور صبح کو
روزہ دار اُٹھے وہ مر جائے اور اپنی موت کو نہ
جانتا ہے۔

....

....

حدیث ۳

وَفِیْ حَدِیْثِ عَلِیٍّ کَرَّمَ اللّٰہُ
وَجْھَہٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْیَا لَیْلَۃَ
عَاشُوْرَآءَ اَحْیَاہُ اللّٰہُ تَعَالٰی مَاشَاءَ ۔

ترجمہ حدیث نمبر ۳

اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حدیث
میں ہے۔ کہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی عاشورہ کی
رات کو جاگتا ہے اسکو زندہ رکھیگا اللہ تعالےٰ
جب تک چاہے۔

....

حدیث ۴

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ رَسُوْلُ

ترجمہ حدیث ۴

اور عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

Marfat.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ وَسَّعَ عَلٰی اَھْلِہٖ فِیْ عَاشُوْرَآءَ وَسَّعَ اللّٰہُ عَلَیْہِ سَائِرَ سَنَتِہٖ وَقِیْلَ عَنْ بَعْضِ السَّلَفِ اِنَّہٗ قَالَ مَنْ صَامَ یَوْمَ الزِّیْنَۃِ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ اَدْرَکَ مَافَاتَہٗ مِنْ صِیَامِ السَّنَۃِ وَمَنْ تَصَدَّقَ فِیْہِ یَوْمَئِذٍ اَدْرَکَ مَافَاتَہٗ مِنْ صَدَقَۃِ السَّنَۃِ ؕ

کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے گھر کے لوگوں پر عاشورہ کے دن فراخی کرے تو اللہ تعالےٰ اُس پر تمام سال فراخی کرے گا اور بعض سلف سے روایت ہے کہ اُن نے کہا جو شخص زینت کے دن کا روزہ رکھے عاشوراء کے دن کا تو وہ پالیگا جو اس سے فوت ہوا سال کے روزے میں سے اور جو کوئی اس دن صدقہ کرے تو وہ پالیگا جو اس سے فوت ہوا سال کے صدقہ میں

....

حدیث ۵

وَقَالَ یَحْیَی بْنُ کَثِیْرٍ مَنِ اکْتَحَلَ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ بِکُحْلٍ فِیْہِ مِسْکٌ لَمْ یَشْتَکِ عَیْنَیْہِ اِلٰی قَابِلٍ مِنْ ذٰلِکَ الْیَوْمِ ؕ

ترجمہ حدیث ۵

اور یحیی بن کثیر نے کہا جو شخص عاشوراء کے دن سرمہ لگائے اس سرمہ میں سے جس میں کستوری ہو تو اس کی آنکھ اُس دن سے آئندہ سال تک نہ دکھیگی۔

حدیث ۶

وَعَنْ اُمَیَّۃَ بْنِ خَلْفِ الْجُمَحِیِّ قَالَ رَاَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی بَیْتِیْ صُرَدًا قَالَ ھٰذَا اَوَّلُ طَائِرٍ صَامَ عَاشُوْرَآءَ وَقَالَ قَیْسُ بْنُ عُبَادَۃَ کَانَتِ الْوُحُوْشُ تَصُوْمُ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ ؕ

ترجمہ حدیث ۶

اور امیہ بن خلف جمحی سے روایت ہے کہ حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے گھر پر ممولہ دیکھا تو فرمایا یہ پہلا جانور ہے جس نے عاشورہ کے دن کا روزہ رکھا۔ اور قیس بن عبادہ نے کہا جنگل کے جانور بھی عاشوراء کے دن روزہ رکھتے ہیں۔

Marfat.com

حدیث ۷

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ صِیَامٍ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الَّذِیْ یَدْعُوْنَهُ الْمُحَرَّمَ وَاَفْضَلُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْمَفْرُوْضَةِ وَفِیْ جَوْفِ اللَّیْلِ الصَّلٰوةُ یَوْمَ عَاشُوْرَآءَ ؛

ترجمہ ۷

اور حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہا حضرت رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بہتر روزے رمضان کے بعد اللہ کے مہینے کے روزے ہیں جسکو بولتے ہیں ۔ محرم اور بہتر نماز فرض اور رات کے درمیان کی نماز کے بعد وہ نماز ہے جو عاشورآء کے دن میں ہو ۔

حدیث ۸

وَعَنْ عَلِیٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ قَالَ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ شَهْرِ الْمُحَرَّمِ تَابَ اللّٰهُ عَلٰی قَوْمٍ وَّیَتُوْبُ عَلٰی اٰخَرِیْنَ ؛

ترجمہ حدیث ۸

اور حضرت علی کرم اللہ وجہٗ سے روایت ہے کہا حضرت رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کے مہینے محرم میں اللہ نے ایک قوم سے توبہ قبول کی اور اوروں سے توبہ قبول کرے گا ۔

حدیث ۹

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ اٰخِرَ یَوْمٍ مِّنْ ذِی الْحِجَّةِ وَاَوَّلَ یَوْمٍ مِّنَ الْمُحَرَّمِ فَقَدْ خَتَمَ السَّنَةَ الْمَاضِیَةَ بِصَوْمٍ وَّافْتَتَحَ السَّنَةَ الْمُسْتَقْبِلَةَ

ترجمہ حدیث ۹

اور حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی روزہ رکھے آخر دن میں ذالحجہ سے اور پہلے دن میں محرم سے تو اس نے سال ختم کیا پچھلا روزہ سے اور اگلا شروع کیا

Marfat.com

بِصَوْمٍ وَّجَعَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ
لَهُ كَفَّارَةَ خَمْسِيْنَ سَنَةً ۔

حدیث ۱۰

وَعَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ
قَالَتْ كَانَ عَاشُوْرَاءَ يَوْمٌ
تَصُوْمُهُ قُرَيْشٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ
وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ يَصُوْمُهُ بِمَكَّةَ فَلَمَّا
قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ وَفُرِضَ صِيَامُ
رَمَضَانَ فَمَنْ شَاءَ صَامَ
عَاشُوْرَاءَ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ ۔

حدیث ۱۱

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
الْمَدِيْنَةَ فَوَجَدَ الْيَهُوْدَ تَصُوْمُ
يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ فَسَأَلَ عَنْ ذٰلِكَ
فَقَالُوْا هٰذَا الْيَوْمُ الَّذِيْ اَظْهَرَ
عَزَّوَجَلَّ فِيْهِ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ
وَبَنِيْ اِسْرَائِيْلَ عَلٰى قَوْمِ فِرْعَوْنَ فَنَحْنُ
نَصُوْمُهُ تَعْظِيْمًا لَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ نَحْنُ اَحَقُّ بِمُوْسٰى مِنْكُمْ فَاَمَرَ بِصَوْمِهِ ۔

روزہ سے اور کردے گا۔ اللہ اس کے
لئے پچاس سال کا کفارہ ۔

ترجمہ حدیث ۱۰

اور روایت ہے عروہ سے اس نے
حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے
کہا عاشورہ ایسا دن ہے جس کا روزہ
رکھتے تھے قریشی جاہلیت میں اور رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں اس کا
روزہ رکھا کرتے تھے۔ پھر جب مدینے میں
آئے تو رمضان کا روزہ فرض کیا گیا سو جو چاہے
عاشورہ کے دن کا روزہ رکھے اور جو چاہے ترک کردے

ترجمہ حدیث ۱۱

اور ابن عباس سے روایت ہے کہا حضرت
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں یہودیوں
کو عاشورا کے دن کا روزہ رکھتے پایا تو ان سے
آپ نے پوچھا انہوں نے کہا یہ وہ دن ہے جس
میں اللہ عزوجل نے حضرت موسےٰ علیہ السلام
اور بنی اسرائیل کو فرعون کی قوم پر غالب فرمایا۔
سو ہم اس کی تعظیم کے لئے روزہ رکھتے ہیں پس
فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم زیادہ حقدار
ہیں موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تم سے اور آپ نے اس
دن کے روزے کا حکم فرمایا۔

Marfat.com

نظم

وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ط نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَأْكُلُوْنَ ه

ترجمہ۔ اور تحقیق واسطے تمہارے بیچ چارپایوں کے البتہ نشانی ہے ڈر کی پلاتے ہیں ہم کو بعضی چیز کہ بیچ پیٹوں ان کے ہے واسطے تمہارے بیچ اس کے منافع ہیں بہت اور اس میں سے کھاتے ہو۔

چڑھی گھٹا رحمت دی فضلوں نیاری عجب مولا دے ۔۔۔ گرج چمک نے کالے بادل وسن عجب نظارے
پل وچ بدل کالے چٹے آون کر کر دھاواں ۔۔۔ اوڑ دور کرن دی خاطر خوش برساتاں آیاں
پتر جھڑن پرانے موسم جا خزاں دا آئے ۔۔۔ نویں لباس درختاں تائیں قدرت پھیر پہنائے
لکڑی اوچوں سوہنیاں شاخاں ڈنڈیں ہرے آون ۔۔۔ پھل پھل میوے نال درختاں عجب بہار دکھاون
چارہ سبز تے رنگ مجھاں دا کالا رنگ سیاہی ۔۔۔ بہت سفید دودھ انہاں تھیں کڈھیا آپ الٰہی
گرم کرن تھیں دودھ نے آتے آلائی جاوے ۔۔۔ جاگ لاون تھیں دہی بن جاندا قدرت رب وکھاوے
تے دروں دودھ جے رڑکیا جاوے مکھن پیدا ہووے ۔۔۔ گرم کرن تھیں گھی بن جاندا اکی صنعت چنگیوے
وچ تھناں سوراخ نہیں دل دیکھے آپ الٰہی ۔۔۔ جد تک تو نہ برتن رکھیں دودھ نہ نکلے کائی
معلوم ہویا دودھ تیرے کارن اللہ پاک بنایا ۔۔۔ مجھاں گاواں بکریاں اندر قدرت نال رکھایا
تیری خاطر پیدا کیتیاں چیزاں کئی ہزاراں ۔۔۔ آون وچ حساب نہ ہرگز باجھ حساب شماراں
کئی قسم دیاں سبزیاں پیدا کردا ہے رب باری ۔۔۔ کدو ٹینڈے پالک مولی نوری عجب پیاری
کھاون کارن کئی قسماں دے میوے رب بنائے ۔۔۔ آم انار انگور کھجوراں لکڑیوں باہر آئے
مالٹے سیب اتے رب خالق کیسا رنگ چڑھایا ۔۔۔ خربوزے نوں رنگ دے سوہنا مٹھا عجب بنایا
میوہ بھری ٹہنی تینوں ہے نصیحت کردی ۔۔۔ میوہ جد زیادہ لگے سر سجدے وچ دھردی

برسن ویلے اوچے بادل بہت نیچے ہو جاندے
تاں اوہ سکیاں گھٹیاں اوتے رحمت مینہ برساندے

فضائل جہاد

آیت ۱:- يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ○

ترجمہ:- اے غیب کی خبریں دینے والے (نبی) جہاد فرماؤ کافروں اور منافقوں پر۔ اور ان پر سختی کرو۔ اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور کیا ہی بری جگہ پلٹنے کی۔

آیت ۲:- يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ ۚ إِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ وَإِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ يَغْلِبُوا أَلْفًا مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَفْقَهُونَ ○

ترجمہ:- اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دو۔ اگر تم میں کے بیس صبر والے ہوں گے۔ دو سو پر غالب ہوں گے۔ اس لئے کہ وہ سمجھ نہیں رکھتے۔ (پ ۱۰ ع ۵ الانفال)

آیت ۳:- يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَى تِجَارَةٍ تُنْجِيكُمْ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ○ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ○

ترجمہ:- اے ایمان والو۔ کیا میں بتادوں وہ تجارت جو تمہیں دردناک عذاب سے بچالے۔ ایمان رکھو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر۔ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال و جان سے جہاد کرو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانو۔

آیت ۴:- وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِنَ اللَّهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِمَّا يَجْمَعُونَ ○

ترجمہ:- اور بے شک تم اگر اللہ کی راہ میں مارے جاؤ یا مر جاؤ۔ تو اللہ کی بخشش اور رحمت ان

Marfat.com

کے سارے دشمن دولت سے بہتر ہے (پ۵ سورہ آل عمران)

آیت ۵۔ وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَمْوَاتٌ ط بَلْ أَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُونَ ۝

ترجمہ۔ اور جو خدا تعالےٰ کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں ہاں تمہیں خبر نہیں۔ (پ۲ سورہ بقرہ)

آیت ۶۔ وَالَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ أَعْمَالَهُمْ ۝

(پ۲۶ سورہ محمد)

ترجمہ۔ اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے اللہ تعالےٰ ان کے عمل ضائع نہ فرمائے گا۔

آیت ۷۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا الَّذِينَ يَلُونَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً ط وَاعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ۝ (پ۱۱ سورہ توبہ)

ترجمہ۔ اے ایمان والو جہاد کرو ان کافروں سے جو تمہارے قریب ہیں اور چاہیے کہ وہ تم میں سختی پائیں اور جان رکھو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔

آیت ۸۔ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِهِ صَفًّا كَأَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوصٌ ۝

ترجمہ:۔ بے شک اللہ دوست رکھتا ہے انہیں جو اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں صف باندھ کر۔ گویا وہ عمارت ہیں رانگا پلائی (پ۲۸ الصف سورہ)

حدیث نبوی ؐ

حدیث ۱:۔ وَعَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاهِدُوا

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

اَلْمُشْرِكِيْنَ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ وَاَلْسِنَتِكُمْ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ۔

حدیث ۲

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنَانِ لَا تَمَسُّهُمَا النَّارُ عَيْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَعَيْنٌ بَاتَتْ تَحْرُسُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ۔

حدیث ۳

وَعَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَنْفَقَ نَفَقَةً فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كُتِبَ لَهٗ بِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ۔

حدیث ۴

وَعَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ مَيِّتٍ يُخْتَمُ عَلٰی

نے فرمایا ہے کہ مشرکین سے اپنی جان، مال اور زبانوں کے ذریعے جہاد کرو۔

ترجمہ حدیث ۲

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دو آنکھوں کو دوزخ کی آگ نہ چھوئے گی ایک آنکھ وہ جو خدا کے خوف سے روئی اور دوسری آنکھ وہ جس نے خدا کی راہ میں نگہبانی کرتے رات گزاری۔

ترجمہ حدیث ۳

حضرت خریم رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن فاتک کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص خدا کی راہ میں (یعنی جہاد میں) کچھ خرچ کرے اس کے حساب میں سات سو گنا ثواب لکھا جاتا ہے۔

(ترمذی نسائی)

ترجمہ حدیث ۴

حضرت فضالہ بن عبیدؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر شخص کا عمل مرنے کے بعد ختم ہو

Marfat.com

عَمَلِهِ إِلَّا الَّذِي مَاتَ مُرَابِطًا فِي
سَبِيلِ اللّٰهِ فَإِنَّهُ يُنَمِّي لَهُ
عَمَلُهُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَيَأْمَنُ
فِتْنَةَ الْقَبْرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ
وَأَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنْ
عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ۔

حدیث ۵

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهِيدُ
لَا يَجِدُ أَلَمَ الْقَتْلِ إِلَّا كَمَا يَجِدُ
أَحَدُكُمْ أَلَمَ الْقَرْصَةِ رَوَاهُ
التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ۔

حدیث ۶

وَعَنْ عَلِيٍّ وَأَبِي الدَّرْدَاءِ
وَأَبِي هُرَيْرَةَ وَأَبِي أُمَامَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ
بْنِ عُمَرَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو
وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَعِمْرَانَ
بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ
أَجْمَعِينَ. كُلُّهُمْ يُحَدِّثُ
عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ أَرْسَلَ

جاتا ہے مگر اس شخص کا عمل جو خدا
کی راہ میں محافظت کرتا ہو۔ اس
سے اس شخص کے عمل کا ثواب
قیامت تک بڑھتا رہتا ہے اور وہ
قبر کے فتنہ سے بھی امون رہتا ہے،
(ترمذی، ابوداؤد۔ دارمی عقبہ بن عامر)

ترجمہ حدیث ۵

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے
ہیں شہید قتل کی صرف اتنی تکلیف محسوس
کرتا ہے جتنی کہ تم چیونٹی کے کاٹنے کی
تکلیف کو محسوس کرتے ہیں۔ ترمذی۔ نسائی دارمی

ترجمہ حدیث ۶

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ،
ابی درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ابی
ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ ابی امامہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عبد اللہ بن
عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عبد اللہ بن عمرو
رضی اللہ تعالیٰ عنہ جابر بن عبد اللہ رضی اللہ
تعالیٰ عنہ، اور عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ
عنہ سب کے سب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

يُنْفِقُهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَأَقَامَ فِي
بَيْتِهِ فَلَهُ بِكُلِّ دِرْهَمٍ سَبْعُ
مِائَةِ دِرْهَمٍ وَمَنْ غَزَا بِنَفْسِهِ
فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَأَنْفَقَ فِي وَجْهِهِ
ذٰلِكَ فَلَهُ بِكُلِّ دِرْهَمٍ سَبْعُ
مِائَةِ أَلْفِ دِرْهَمٍ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ
الْآيَةَ وَاللّٰهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَّشَاءُ ۔
رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ۔

حدیث ۷

وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ
بْنِ أَبِي عُمَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
آلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ
نَفْسٍ مُسْلِمَةٍ يَقْبِضُهَا
رَبُّهَا تُحِبُّ أَنْ تَرْجِعَ إِلَيْكُمْ
وَأَنَّ لَهَا الدُّنْيَا وَمَا
فِيهَا غَيْرُ الشَّهِيدِ قَالَ ابْنُ
أَبِي عُمَيْرَةَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأَنْ أُقْتَلَ فِي
سَبِيلِ اللّٰهِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَّكُونَ
لِي أَهْلُ الْوَبَرِ وَالْمَدَرِ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ

سے یہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ آپ نے
یہ فرمایا ہے کہ جو شخص خدا کی راہ (یعنی جہاد
میں) خرچ کرنے کے لئے مال بھیجے اور خود
گھر میں رہے اس کو ہر درہم کے بدلے سات
سو درہم ملیں گے۔ اور جو شخص خود خدا کی راہ
میں لڑا اور جہاد میں اپنا مال بھی خرچ کیا اسکو ہر
درہم کے بدلے سات لاکھ درہم ملیں گے پھر آپ نے
یہ آیت تلاوت فرمائی۔ واللّٰہ یضاعف لمن یشاء

ترجمہ حدیث ۷

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی عمیرہ
رضی اللّٰہ تعالےٰ عنہ کہتے ہیں کہ
رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے
کوئی مسلمان جس کی روح کو خداوند تعالےٰ
قبض کرے اس کی خواہش نہیں کرتا کہ
اس کی روح دوبارہ تمہارے پاس آئے اور
دنیا مافیہا کی نعمتوں کو حاصل کرے سوائے
شہید کی روح کے کہ وہ اس امر کو پسند کرتی ہے
کہ دوبارہ دنیا میں جائے اور جہاد کرکے دوبارہ
شہادت حاصل کرے۔ ابن ابی عمیرہ رضی اللّٰہ تعالےٰ
عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے فرمایا
ہے کہ خدا کی راہ میں مارا جانا مجھ کو بہت زیادہ پسند
ہے کہ میں [illegible] اور [illegible]

سُود کا بیان

(قرآن شریف)

اَلَّذِیْنَ یَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا یَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا یَقُوْمُ الَّذِیْ

وہ جو سود کھاتے ہیں قیامت کے دن نہ کھڑے ہونگے مگر جیسا کھڑا ہوتا ہے وہ

یَتَخَبَّطُهُ الشَّیْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْۤا

جسے آسیب نے چھو کر مخبوط بنا دیا ہو۔ یہ اس لئے کہ انہوں نے کہا

اِنَّمَا الْبَیْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَ اَحَلَّ اللّٰهُ الْبَیْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ فَمَنْ

بیع بھی تو سود کے مانند ہے اور اللہ نے حلال کیا بیع کو اور حرام کیا سود تو جسے

جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ وَ اَمْرُهٗۤ اِلَى

اس کے رب کے پاس سے نصیحت آئی اور وہ باز رہا تو اسے حلال ہے جو پہلے لے چکا۔ اور اسکا کام

اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ عَادَ فَاُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ○

خدا کے سپرد ہے اور جو اب ایسی حرکت کریگا تو وہ دوزخی ہے وہ اس میں مدتوں رہیں گے

یَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَ یُرْبِی الصَّدَقٰتِ ؕ وَ اللّٰهُ لَا یُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ

اللہ ہلاک کرتا ہے سود کو اور بڑھاتا ہے خیرات کو اور اللہ کو پسند نہیں آتا کوئی

Marfat.com

أَثِيمٍ ○ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَقَامُوا

بڑا گنہ گار　بے شک وہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے　اور نماز قائم کی

الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا

اور زکوٰۃ دی　ان کا نیگ ان کے رب کے پاس ہے　اور نہ انہیں

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○

کچھ اندیشہ ہو اور نہ کچھ غم

حدیث ۱

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ غَسِيْلِ الْمَلَائِكَةِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِرْهَمُ رِبًوا يَأْكُلُهُ الرَّجُلُ وَهُوَ يَعْلَمُ أَشَدُّ مِنْ سِتَّةٍ وَّثَلٰثِيْنَ زَنْيَةً رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ.

ترجمہ حدیث ۱

روایت ہے حضرت عبداللہ ابن حنظلہ سے جنہیں فرشتوں نے غسل دیا۔ فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کا ایک درہم جو جانتے ہوئے انسان کھائے وہ چھتیس بار زنا سے سخت تر ہے (احمد اور دارقطنی۔ بیہقی نے شعب الایمان میں)۔

حدیث ۲

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الرِّبٰوا وَ...... إِنْ كَثُرَ فَإِنَّ عَاقِبَتَهُ

ترجمہ حدیث ۲

روایت ہے ابن مسعود سے فرماتے ہیں رسول اللہ علیہ وسلم نے کہ سود اگرچہ بہت ہو مگر انجام کمی کی طرف لوٹتا ہے

يَصِيرُ إِلَى قُلٍّ رَوَاهُمَا ابْنُ مَاجَه وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَرَوَى أَحْمَدُ الْأَخِيرَ۔

حدیث ۳

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَيْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي عَلَى قَوْمٍ بُطُونُهُمْ كَالْبُيُوتِ فِيهَا الْحَيَّاتُ تُرَى مِنْ خَارِجِ بُطُونِهِمْ فَقُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرَئِيلُ قَالَ هٰؤُلَاءِ أَكَلَةُ الرِّبٰوا رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ۔

حدیث ۴

عَنْ جَابِرٍ لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آكِلَ الرِّبٰوا وَمُوكِلَهُ وَكَاتِبَهُ وَشَاهِدَيْهِ وَقَالَ هُمْ سَوَاءٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

حدیث ۵

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يَبْقَى أَحَدٌ إِلَّا أَكَلَ الرِّبٰوا فَإِنْ

یہ دونوں حدیثیں ابن ماجہ بیہقی شعب الایمان میں روایت کیں اور احمد نے آخری حدیث روایت کی۔

ترجمہ حدیث ۳

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم شب معراج ایسی قوم پر پہنچے جن کے پیٹ کوٹھریوں کی طرح تھے جن میں سانپ تھے جو پیٹوں کے باہر سے دیکھے جاتے تھے ہم نے کہا اے جبریل یہ کون ہیں انہوں نے عرض کیا یہ سود خوار ہیں۔ (احمد، ابن ماجہ)

ترجمہ حدیث ۴

روایت ہے حضرت جابر سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کھانے والے کھلانے والے لکھنے والے اور اس کے گواہوں پر لعنت کی اور فرمایا یہ سب برابر ہیں۔ (مسلم)

ترجمہ حدیث ۵

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے راوی ہیں کہ آپ نے فرمایا لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا جب کہ سود کھائے بغیر کوئی نہ رہے گا، اگر سود

Marfat.com

ثُمَّ يَأْكُلُهُ أَصَابَهُ مِنْ بُخَارِهِ
وَيُرْوَى مِنْ غُبَارِهِ رَوَاهُ أَحْمَدُ
وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ

حدیث ۶

عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَقْرَضَ
أَحَدُكُمْ قَرْضًا فَأَهْدَى إِلَيْهِ
أَوْ حَمَلَهُ عَلَى الدَّابَّةِ فَلَا يَرْكَبْهَا
وَلَا يَقْبَلْهَا إِلَّا أَنْ يَكُونَ
جَرَى بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ قَبْلَ ذَلِكَ
رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ
فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ۔

نہ بھی کھائے گا تو اسے سود کا اثر ضرور
پہنچے گا یعنی روایت ہے کہ اس کا غبار پہنچے
گا۔ (احمد، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ)

ترجمہ حدیث ۶

روایت ہے حضرت انس سے فرماتے ہیں
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب
تم سے کوئی کچھ قرضہ کسی کو دے پھر مقروض
اسے کچھ ہدیہ دے یا اسے اپنے گھوڑے
پر سوار کرے تو سوار نہ ہو اور نہ قبول کرے
مگر اس صورت میں ان دونوں کی آپس میں
یہ رسم پہلے سے جاری ہے۔ ابن ماجہ
بیہقی۔ شعب ایمان۔

حدیث ۷

عَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الذَّهَبُ
بِالذَّهَبِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالْوَرِقُ
بِالْوَرِقِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ
رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالشَّعِيرُ
بِالشَّعِيرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ
وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ

ترجمہ حدیث ۷

روایت ہے حضرت عمر سے فرماتے ہیں
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سونا سونے کے عوض سود ہے مگر نقد بہ
نقد اور چاندی چاندی کے عوض سود
ہے مگر نقد بہ نقد اور جو کے عوض جو
سود ہے مگر نقد بہ نقد اور چھوارے

Marfat.com

متفق علیہ۔ ... چھوہارے کے عوض سود ہے۔ مگر نقد بہ نقد۔ (مسلم بخاری)

وعظ منظوم

مومنو اک روز اس دنیا سے ہے اٹھنا ضرور — ذائقہ اس موت کا اک روز ہے چکھنا ضرور

ہو سکے جتنی عبادت آج کر لو دوستو — ورنہ کل محشر میں پچھتاؤ گے حق کے روبرو

زندگی کا کچھ بھروسہ بس نہیں اے دوستو — ہے جہاں رہنا سدا سامان تم اسکا کرو

زندگی کو جان لو کاغذ کی کشتی تم تمام — آج ڈوبے یا کہ کل ڈوبے گی یارو لا کلام

ہے جو فرصت تمکو اس دم یہ غنیمت جان لو — جو کہ کرنا ہے ابھی ہیں آج کر لو دوستو

ورنہ جس دم موت آکر کھڑی ہو جائیگی — ایک دم میں ساتھ لیکے تجھکو یہ لے جائیگی

مال و دولت سب کا سب یونہی پڑا رہ جائیگا — بس وہی اعمال جو ہے ساتھ تیرے جائیگا

تندرستی بھی ہے نعمت اس میں تو سستی نہ کر — بعد اسکے جانے کے ہوئیگی قدر

جس گھڑی وہ حق تعالیٰ منصفی پہ آئیگا
باپ ماں فرزند و زن کوئی نہیں کام آئیگا

تجارت کا بیان

قرآن شریف

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ

اے ایمان والو آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق نہ

بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ

کھاؤ مگر یہ کہ کوئی سودا تمہاری باہمی رضامندی

تَرَاضٍ مِنْكُمْ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا أَنْفُسَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ

کا ہو اور اپنی جانیں قتل نہ کرو بے شک اللہ

كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ○

تم پر مہربان ہے

حدیث ۱

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرَى
رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ عَقَارًا

ترجمہ حدیث ۱

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے
ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ تم میں سے اگلے لوگوں میں ایک شخص نے

۶۷۹۴۳

مِنْ رَجُلٍ فَوَجَدَ الَّذِي اشْتَرَى
الْعَقَارَ فِي عَقَارِهِ جَرَّةً فِيهَا
ذَهَبٌ فَقَالَ لَهُ الَّذِي اشْتَرَى
الْعَقَارَ خُذْ ذَهَبَكَ عَنِّي إِنَّمَا
اشْتَرَيْتُ الْعَقَارَ وَلَمْ أَبْتَعْ مِنْكَ
الذَّهَبَ فَقَالَ بَائِعُ الْأَرْضِ إِنَّمَا
بِعْتُكَ الْأَرْضَ وَمَا فِيهَا فَتَحَاكَمَا
إِلَى رَجُلٍ فَقَالَ الَّذِي تَحَاكَمَا
إِلَيْهِ أَلَكُمَا وَلَدٌ فَقَالَ أَحَدُهُمَا
لِي غُلَامٌ وَقَالَ الْآخَرُ لِي جَارِيَةٌ
فَقَالَ أَنْكِحُوا الْغُلَامَ الْجَارِيَةَ
وَأَنْفِقُوا عَلَيْهِمَا مِنْهُ وَتَصَدَّقُوا
مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

حدیث ۲

عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجَالِبُ مَرْزُوقٌ
وَالْمُحْتَكِرُ مَلْعُونٌ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ

حدیث ۳

عَنْ أَنَسٍ قَالَ غَلَا السِّعْرُ عَلَى
عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ سَعِّرْ لَنَا

سے زمین خریدی تو زمین کے خریدار نے اپنی اس زمین میں ایک مٹکی پائی جس میں سونا بھرا تھا تو خریدار نے بائع سے کہا اپنا سونا مجھ سے لے لو۔ میں نے تم سے زمین خریدی تھی سونا نہیں خریدا تھا۔ بیچنے والا بولا کہ میں نے تو تیرے ہاتھ زمین اور جو کچھ زمین میں ہے سب بیچ دیا۔ چنانچہ یہ دونوں ایک شخص کے پاس مقدمہ لے گئے۔ تو جسے انہوں نے پنچ بنایا تھا۔ وہ بولا کیا تم دونوں کے اولاد ہے تو ان میں سے ایک بولا کہ میرے لڑکا ہے دوسرا بولا میرے لڑکی ہے پنچ بولا لڑکے کا لڑکی سے نکاح کر دو اور ان پر خرچ کر دو۔ اور بچا ہوا خیرات کر دو۔ (مسلم بخاری)

ترجمہ حدیث ۲

روایت ہے حضرت عمر سے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے راوی فرماتے ہیں۔ غلہ لانے والا روزی دیا جائیگا۔ روکنے والا لعنتی ہے ابن ماجہ

ترجمہ حدیث ۳

روایت ہے حضرت انس سے فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھاؤ چڑھتے گئے تو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ بھاؤ مقرر

Marfat.com

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
إِنَّ اللهَ هُوَ الْمُسَعِّرُ الْقَابِضُ
الْبَاسِطُ الرَّزَّاقُ وَإِنِّي لَأَرْجُوْ أَنْ
أَلْقٰى رَبِّيْ وَلَيْسَ أَحَدٌ مِنْكُمْ
يَطْلُبُنِيْ بِمَظْلَمَةٍ بِدَمٍ وَّلَا مَالٍ
رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ
مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ ۔

حدیث ۴

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ
رَجُلٌ يُدَايِنُ النَّاسَ فَكَانَ
يَقُوْلُ لِفَتَاهُ إِذَا أَتَيْتَ مُعْسِرًا
تَجَاوَزْ عَنْهُ لَعَلَّ اللهَ أَنْ
يَّتَجَاوَزَ عَنَّا قَالَ فَلَقِيَ اللهَ
فَتَجَاوَزَ عَنْهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۔

حدیث ۵

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مَنِ احْتَكَرَ طَعَامًا أَرْبَعِيْنَ
يَوْمًا يُرِيْدُ بِهِ الْغَلَاءَ فَقَدْ
بَرِئَ مِنَ اللهِ وَبَرِئَ اللهُ مِنْهُ رَوَاهُ رَزِيْنٌ

فرما دیجئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا بھاؤ مقرر فرمانے والا اللہ ہے۔ وہ ہی
تنگی و فراخی فرمانے والا روزی رساں ہے۔
میری آرزو ہے کہ اپنے رب سے اس طرح
ملوں کہ تم میں سے کوئی مجھ سے خونی یا مالی ظلم
کا مطالبہ نہ کر سکے۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔
ابن ماجہ۔ دارمی۔

ترجمہ حدیث ۴

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے کہ نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص لوگوں
کو قرض دیتا تھا اور اپنے نوکر سے اس نے
کہہ رکھا تھا۔ کہ جب تو کسی تنگدست کے پاس
جائے تو اسے معاف کر دے۔ ہو سکتا ہے کہ
اللہ ہم کو معافی دیدے فرمایا کہ وہ اللہ سے
ملا تو رب نے اس سے درگذر فرمائی۔

ترجمہ حدیث ۵

روایت ہے ابن عمر سے فرماتے ہیں فرمایا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو چالیس دن غلہ کے
کراں ہونے کا انتظار کرے تو وہ اللہ سے
دور ہو گیا۔ اور اللہ اس سے بیزار ہو
گیا۔ (رزین)

حدیث ۶

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یُبَاعُ
فَضْلُ الْمَاءِ لِیُبَاعَ بِهِ الْکَلَاءُ
مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ

وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰی صُبْرَةِ طَعَامٍ
فَاَدْخَلَ یَدَهٗ فِیْهَا فَنَالَتْ اَصَابِعُهٗ
بَلَلًا فَقَالَ مَا هٰذَا یَا صَاحِبَ
الطَّعَامِ قَالَ اَصَابَتْهُ السَّمَاءُ
یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَفَلَا جَعَلْتَهٗ
فَوْقَ الطَّعَامِ حَتّٰی یَرَاهُ النَّاسُ
مَنْ غَشَّ فَلَیْسَ مِنِّیْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

حدیث ۷

عَنْ جَابِرٍ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ عَامَ
الْفَتْحِ وَهُوَ بِمَکَّةَ اِنَّ اللّٰهَ وَ
رَسُوْلَهٗ حَرَّمَ بَیْعَ الْخَمْرِ وَالْمَیْتَةِ
وَالْخِنْزِیْرِ وَالْاَصْنَامِ فَقِیْلَ یَا
رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَیْتَ شُحُوْمَ الْمَیْتَةِ
فَاِنَّهٗ تُطْلٰی بِهَا السُّفُنُ وَیُدْهَنُ

ترجمہ حدیث ۶

روایت ہے حضرت ابو ہریرہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بچا ہوا پانی نہ بیچا جائے تاکہ اس مد سے گھاس فروخت کی جائے۔ (مسلم بخاری)

روایت ہے انہی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غلہ کے ایک ڈھیر پر سے گزرے تو اپنا ہاتھ شریف اس میں ڈال دیا آپ کی انگلیوں نے اس میں تری پائی تو فرمایا اے غلہ والے یہ کیا عرض کیا یا رسول اللہ اسے بارش پہنچ گئی فرمایا تو بھیگے غلہ کو تو نے ڈھیر کے اوپر کیوں نہ ڈالا کہ لوگ اسے دیکھ لیتے۔ جو ملاوٹ کرے ہم سے نہیں۔ (مسلم)

ترجمہ حدیث ۷

روایت ہے حضرت جابر سے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فتح کے سال جب آپ مکہ معظمہ میں تھے فرماتے سنا کہ اللہ اور اس کے رسول نے شراب مردار اور سور اور بتوں کی تجارت کو حرام کیا۔ عرض کیا گیا۔ یا رسول اللہ مردار کی چربیوں کے متعلق تو فرمائیے ان سے تو کشتیاں مل جاتی ہیں اور کھالیں

Marfat.com

بِهَا الْجُلُودُ وَيَسْتَصْبِحُ بِهَا النَّاسُ فَقَالَ لَا هُوَ حَرَامٌ ثُمَّ قَالَ عِنْدَ ذٰلِكَ قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُودَ إِنَّ اللّٰهَ لَمَّا حَرَّمَ شُحُومَهَا أَجْمَلُوهُ ثُمَّ بَاعُوهُ فَأَكَلُوا ثَمَنَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

روشنی کی جاتی ہیں لوگ اُن سے چراغ جلاتے ہیں تو فرمایا نہیں وہ حرام ہے پھر اس موقعہ پہ فرمایا یہود کو خدا غارت کرے۔ جب اللہ نے مردار کی چربی حرام کی تو انہوں نے اسے پگھلایا پھر بیچا اسکی قیمت کھائی۔ (مسلم بخاری)

وعظ پنجابی

توں بھی بن تاجر بھارا تینوں جانے عالم سارا
تیرا کتی ملکاں وچ پھیرا
کر ہمت مسلم شیرا۔ ہے کم تجارت تیرا

توں کریں تجارت جاندا نا ہے جاندا دین بھیجیا ندا
ہوندا دین غالب کم تیرا
کر ہمت مسلم شیرا۔ ہے کم تجارت تیرا

اصحاب نبی سردار نے پئے کم تجارت کردے
جتی ملک انہاں ندا پھیرا
کر ہمت مسلم شیرا۔ ہے کم تجارت تیرا

ساتھے پاک رسولؐ سہانے سنگ کرن تجارت پیارے
لے قافلہ بہت وڈیرا
کر ہمت مسلم شیرا۔ ہے کم تجارت تیرا

ملک عرب وچ دیکھ تمامی ہیں تاجر سب اسلامی
اک اک تھیں ہے وڈیرا
کر ہمت مسلم شیرا ہے کم تجارت تیرا

کدھ جلدی ہن دکاناں بن تاجر مسلماناں
ایہ سب تھیں کم چنگیرا
کر ہمت مسلم شیرا ہے کم تجانت تیرا

شراب کا بیان

قرآن شریف

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّمَا الۡخَمۡرُ وَالۡمَيۡسِرُ وَالۡاَنۡصَابُ وَ

اے ایمان والو شراب اور جوا اور بت اور

الۡاَزۡلَامُ رِجۡسٌ مِّنۡ عَمَلِ الشَّيۡطٰنِ فَاجۡتَنِبُوۡهُ لَعَلَّكُمۡ

پانسے ناپاک ہی ہیں شیطانی کام تو ان سے بچتے رہنا کہ تم

تُفۡلِحُوۡنَ ۝ اِنَّمَا يُرِيۡدُ الشَّيۡطٰنُ اَنۡ يُّوۡقِعَ بَيۡنَكُمُ

فلاح پاؤ گے شیطان یہی چاہتا ہے کہ تم میں بیر اور

الۡعَدَاوَةَ وَالۡبَغۡضَآءَ فِى الۡخَمۡرِ وَالۡمَيۡسِرِ وَيَصُدَّكُمۡ

دشمنی ڈلوادے شراب اور جوئے میں اور تمہیں اللہ کی یاد

عَنۡ ذِكۡرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلۡ اَنۡتُمۡ مُّنۡتَهُوۡنَ ۝

اور نماز سے روکے تو کیا تم باز آئے

حدیث ۱	ترجمہ حدیث ۱
عَنۡ اِبۡنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوۡلُ	روایت ہے حضرت ابن عمر سے فرماتے ہیں فرمایا

Marfat.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اللّٰہُ الْخَمْرَ وَشَارِبَھَا وَسَاقِیَھَا وَبَائِعَھَا وَمُبْتَاعَھَا وَعَاصِرَھَا وَمُعْتَصِرَھَا وَحَامِلَھَا وَالْمَحْمُوْلَۃَ اِلَیْہِ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ۔

حدیث ۲

عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْخَمْرِ عَشَرَۃً عَاصِرَھَا وَمُعْتَصِرَھَا وَشَارِبَھَا وَحَامِلَھَا وَالْمَحْمُوْلَۃَ اِلَیْہِ وَسَاقِیَھَا وَبَائِعَھَا وَاٰکِلَ ثَمَنِھَا وَالْمُشْتَرِیْ لَھَا وَالْمُشْتَرٰی لَہٗ۔ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ۔

حدیث ۳

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الْکَلْبِ وَکَسْبِ الزَّمَّارَۃِ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ۔

حدیث ۴

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ لعنت کرے شراب پر اس کے پینے والے پر پلانے والے پر اور اس کے بیچنے والے اور خریدار پر۔ نچوڑنے والے۔ نچڑوانے والے پر۔ اٹھانے والے پر، اور جس تک پہنچائی جائے اس پر۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

ترجمہ حدیث ۲

روایت ہے انس سے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کے بارے میں دس شخصوں پر لعنت فرمائی اس کے نچوڑنے والے نچڑوانے والے پینے والے اٹھانے والے پر اور اس پر جس کی طرف پہنچائی جائے اور پلانے والے بیچنے والے پر اس کی قیمت کھانے والے پر خریدنے والے پر اور جس کے لئے خریدی جائے اس پر۔

(ترمذی۔ ابن ماجہ)

ترجمہ حدیث ۳

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے ہیں منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتے کی قیمت اور گانے بجانے کی کمائی سے۔ (شرح سنہ)

ترجمہ حدیث ۴

Marfat.com

عن نافع قال كنت اجهز الى
الشام والى مصر فجهزت
الى العراق فاتيت الى ام
المؤمنين عائشة فقلت
لها يا ام المؤمنين كنت اجهز
الى الشام فجهزت الى العراق
فقالت لا تفعل مالك ولمتجرك
فاني سمعت رسول الله صلى الله
عليه وسلم يقول اذا سبب الله
لاحدكم رزقا من وجه فلا
يدعه حتى يتغير له او يتنكر له
رواه احمد وابن ماجة۔

روایت ہے حضرت نافع سے فرماتے ہیں
میں شام و مصر کی طرف سامان تجارت بھیجا
کرتا تھا ایک بار عراق کی طرف مال بھیجنے لگا
تو ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ کی خدمت
میں حاضر ہوا عرض کیا اے مسلمانوں کی مہربان
ماں میں شام کی طرف مال بھیجا کرتا تھا۔ اس
دفعہ عراق بھیج رہا ہوں فرمایا یہ نہ کرو تمہیں
اپنی پرانی منڈی سے نفرت کیوں ہو گئی۔
میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے
سنا کہ جب اللہ تم سے کسی کے لیے کسی ذریعہ
سے رزق کا سبب بنائے تو وہ اسے نہ چھوڑے
حتیٰ کہ وہ سبب بدل جائے۔ یا بگڑ جائے۔
(احمد۔ ابن ماجہ)

حدیث ۵

عن ابي امامة قال قال النبي
صلى الله عليه وسلم ان الله
تعالى بعثني رحمة للعلمين و
هدى للعلمين وامرني ربي
عزوجل بمحق المعازف و
المزامير والاوثان والصلب و
امر الجاهلية وحلف ربي عزوجل

ترجمہ حدیث نمبر ۵

روایت ہے حضرت ابو امامہ سے فرماتے ہیں
فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ
تعالیٰ نے مجھے جہانوں کے لئے رحمت اور
جہانوں کے لیے ہدایت بھیجا اور مجھے
میرے عزت و جلال والے رب نے حکم دیا
باجوں۔ بانسریوں۔ الغوزوں اور بتوں
اور صلیبوں اور جاہلیت کی چیزیں مٹانے کا

Marfat.com

بعزتی لا یشرب عبد من عبیدی جرعة من خمر الا سقیته من الصدید مثلها ولا یترکها من مخافتی الا سقیته من حیاض القدس رواه احمد۔

حدیث عـ

عن ابن عمر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ثلٰثة قد حرم الله علیهم الجنة مدمن الخمر والعاق والدیوث الذی یقر فی اهله الخبث رواه احمد والنسائی۔

حدیث عـ

عن جابر ان رجلا قدم من الیمن فسال النبی صلی الله علیه وسلم عن شراب یشربونه بارضهم من الذرة یقال له المزر فقال النبی صلی الله علیه وسلم او مسکر هو قال نعم قال کل مسکر حرام ان علی الله عهدا لمن یشرب

نے میری عزت کی قسم کھائی کہ کوئی بندہ میرے بندوں میں ایک گھونٹ شراب نہ پیئے گا۔ مگر میں اتنی ہی پیپ پلاؤں گا اور نہ چھوڑو اسے میرے خوف سے مگر اسے پاک حوضوں سے پلاؤں گا۔ (احمد)

ترجمہ حدیث عـ

روایت ہے حضرت ابن عمر سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخصوں پر جن پر اللہ نے جنت حرام فرمادی شرابی ماں باپ کا نافرمان اور وہ بے حیا جو اپنے میں بے حیائی کو قائم رکھے

احمد۔ نسائی۔

ترجمہ حدیث عـ

روایت ہے حضرت جابر سے کہ ایک شخص یمن سے آئے انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس شراب کے متعلق پوچھا جو ان کی زمین میں پی جاتی ہے جو اس کی ہوتی ہے اسے مزر کہا جاتا ہے تو فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا وہ نشہ آور ہے عرض کیا ہاں فرمایا ہر نشہ آور چیز حرام ہے بے شک اللہ کے ذمہ ایک عہد

Marfat.com

الْمُسْكِرِ اَنْ يَّسْقِيَهُ مِنْ طِيْنَةِ الْخَبَالِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا طِيْنَةُ الْخَبَالِ قَالَ عَرَقُ اَهْلِ النَّارِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

ہے اس کے متعلق جو نشہ پیئے کہ اسے طینۃ الخبال پلائے لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ طینۃ الخبال کیا چیز ہے فرمایا دوزخیوں کا پسینہ یا دوزخیوں کا کچ لہو۔ (مسلم)

حدیث ۸

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهُ صَلٰوةَ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاِنْ عَادَ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهُ صَلٰوةَ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاِنْ عَادَ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهُ صَلٰوةَ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاِنْ عَادَ فِي الرَّابِعَةِ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهُ صَلٰوةَ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ لَمْ يَتُبِ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَقَاهُ مِنْ نَهْرِ الْخَبَالِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو.

ترجمہ حدیث ۸

روایت ہے حضرت عبداللہ بن عمر سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ جس نے شراب پی تو اللہ تعالیٰ قبول نہ کرے گا۔ اس کی چالیس دن کی نماز پھر اگر توبہ کرے تو پھر اس کی توبہ قبول فرمائے گا۔ پھر اگر لوٹے تو اللہ اس کی چالیس دن کی نمازیں قبول نہ کریگا۔ پھر اگر توبہ کرے تو اللہ اس کی توبہ قبول کریگا۔ اگر پھر لوٹے تو اللہ اس کی چالیس دن کی نمازیں قبول نہ کریگا۔ پھر اگر توبہ کرے تو اللہ اس کی توبہ قبول کریگا۔ اگر پھر چوتھی بار لوٹے تو اللہ اس کی چالیس دن کی نمازیں قبول نہ کریگا۔ پھر اگر توبہ کرے تو اللہ اس کی توبہ قبول نہ کریگا اور اسے خبال کی نہر سے پلائے گا۔ ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے حضرت عبداللہ ابن عمرو سے روایت کی۔

Marfat.com

حدیث ۹

عَنْ وَائِلِ الْحَضْرَمِیِّ اَنَّ طَارِقَ بْنَ سُوَیْدٍ سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَمْرِ فَنَہَاہُ فَقَالَ اِنَّمَا اَصْنَعُہَا لِلدَّوَاءِ فَقَالَ اِنَّہٗ لَیْسَ بِدَوَاءٍ وَلٰکِنَّہٗ دَاءٌ رَوَاہُ مُسْلِمٌ

ترجمہ حدیث ۹

روایت ہے حضرت وائل حضرمی سے کہ حضرت ابن سوید نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے شراب کے متعلق پوچھا تو منع فرمایا وہ بولے کہ دوا کے لئے بناتا ہوں تو فرمایا کہ شراب دوا نہیں لیکن وہ نری بیماری ہے۔ (مسلم)

حدیث ۱۰

عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثَۃٌ لَا تَدْخُلُ الْجَنَّۃَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ وَقَاطِعُ الرَّحِمِ وَمُصَدِّقٌ بِالسِّحْرِ۔ رَوَاہُ اَحْمَدُ۔

ترجمہ حدیث ۱۰

روایت ہے حضرت ابو موسیٰ اشعری سے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تین شخص جنت میں نہ جائیں گے۔ عادی شرابی قاطع الرحم اور جادو کی تصدیق کرنے والا (احمد)

حدیث ۱۱

عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَسْکَرَ کَثِیْرُہٗ فَقَلِیْلُہٗ حَرَامٌ۔ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ۔

ترجمہ حدیث ۱۱

روایت ہے حضرت جابر سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس چیز کی بہت مقدار نشہ دے تو اس کی تھوڑی مقدار بھی حرام ہے۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ اور ابن ماجہ۔

Marfat.com

قرآن وحدیث کی

نوری دعائیں

مرتبہ

سید محمد معصوم علی شاہ گیلانی قادری
سجادہ نشین مبارچک سادہ ضلع گجرات

Marfat.com

باب الدعاء

وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ

اور اے محبوب جب تم سے میرے بندے پوچھیں تو میں نزدیک ہوں دعا قبول کرتا ہوں پکارنے والے کی جب مجھے پکارے

حدیث ۱

عَنْ حُذَیْفَۃَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَہٗ مِنَ اللَّیْلِ وَضَعَ یَدَہٗ تَحْتَ خَدِّہٖ ثُمَّ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی وَاِذَا اسْتَیْقَظَ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ۔ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ عَنِ الْبَرَاءِ۔

ترجمہ حدیث ۱

روایت ہے حضرت حذیفہ سے فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات میں اپنا بستر لیتے تو اپنا ہاتھ رخسار کے نیچے رکھتے پھر کہتے الہی میں تیرے نام پر مرونگا اور جیونگا۔ اور جب بیدار ہوتے تو کہتے شکر ہے اس اللہ کا جس نے ہمیں مرجانے کے بعد زندہ کر دیا۔ اسی کی طرف اٹھنا ہے (بخاری اور مسلم نے حضرت براء سے)

حدیث ۲

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اَوٰی اِلٰی فِرَاشِہٖ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ

ترجمہ حدیث ۲

روایت ہے حضرت انس سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے بستر پر جاتے تو فرماتے خدا کا شکر ہے جس نے ہمیں

Marfat.com

أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَكَفَانَا وَآوَانَا
فَكَمْ مِمَّنْ لَا كَافِيَ لَهُ وَلَا مُؤْوِيَ
رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

حدیث ۳

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَتْ فَاطِمَةُ
إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
تَسْأَلُهُ خَادِمًا فَقَالَ أَلَا أَدُلُّكِ عَلَى
مَا هُوَ خَيْرٌ مِنْ خَادِمٍ تُسَبِّحِينَ اللّٰهَ
ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ وَتَحْمَدِينَ اللّٰهَ
ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ وَتُكَبِّرِينَ اللّٰهَ أَرْبَعًا
وَثَلَاثِينَ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَعِنْدَ
مَنَامِكِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

حدیث ۴

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا
أَصْبَحَ قَالَ اللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا وَ
بِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيٰى وَبِكَ نَمُوتُ
وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ وَإِذَا أَمْسٰى قَالَ اللّٰهُمَّ
بِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ أَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيٰى
وَبِكَ نَمُوتُ وَإِلَيْكَ النُّشُورُ رَوَاهُ
التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ۔

کھلایا پلایا بچایا اور ہمیں پناہ دی۔
کیونکہ بہت وہ ہیں جن میں نہ کوئی بچانیوالا
ہے نہ پناہ دینے والا۔ (مسلم)

ترجمہ حدیث ۳

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے ہیں
کہ حضرت فاطمہ زہرا نبی کریم صلی اللہ علیہ
وسلم کی خدمت میں خادم مانگنے آئیں تو فرمایا
کیا میں تمہیں وہ چیز نہ بتادوں جو خادم سے
بہتر ہے۔ ۳۳ بار سبحان اللہ پڑھا کرو اور
۳۳ بار الحمد للہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر ہر نماز
کے وقت اور سوتے وقت پڑھ لیا کرو۔
(مسلم)

ترجمہ حدیث ۴

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے ہیں
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح
پاتے تو کہتے الٰہی ہم نے تیری مہربانی سے صبح
پائی اور تیری مہربانی سے شام کریں گے تیرے
رحم سے جئیں گے اور تیرے فضل سے مریں
گے۔ اور تیری ہی طرف رجوع ہے اور جب
شام پاتے تو کہتے الٰہی ہم نے تیرے فضل سے شام
پائی اور تیرے فضل سے صبح پائی اور تیری

Marfat.com

مہربانی سے جئیں مریں گے۔ تیری طرف اٹھنا ہے (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

حدیث ۵

عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِیْنَ یُصْبِحُ فَسُبْحٰنَ اللّٰہِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَہُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْہِرُوْنَ اِلٰی قَوْلِہٖ وَکَذٰلِکَ تُخْرَجُوْنَ اَدْرَکَ مَا فَاتَہٗ فِیْ یَوْمِہٖ ذٰلِکَ وَمَنْ قَالَہُنَّ حِیْنَ یُمْسِیْ اَدْرَکَ مَا فَاتَہٗ فِیْ لَیْلَتِہٖ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ۔

ترجمہ حدیث ۵

روایت ہے حضرت ابن عباس فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو صبح کے وقت کہہ لے کہ اللہ کی پاکی بولو شام سویرا پاتے وقت اُس کی حمد ہو رہی ہے آسمانوں اور زمین میں اور عصر اور ظہر کو بھی تسبیح پڑھو۔ کذالک تخرجون تک تو اُس دن میں جو نیکی چھوٹ گئی اُسے پالے گا۔ اور شام کے وقت یہ پڑھے گا تو رات چھوٹی نیکیاں پالے گا۔ (ابوداؤد)

حدیث ۶

عَنْ حَفْصَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَّرْقُدَ وَضَعَ یَدَہُ الْیُمْنٰی تَحْتَ خَدِّہٖ ثُمَّ یَقُوْلُ اَللّٰہُمَّ قِنِیْ عَذَابَکَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَکَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ۔

ترجمہ حدیث ۶

روایت ہے حضرت حفصہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سونے کا ارادہ فرماتے تو اپنا داہنا ہاتھ اپنے رخسارہ کے نیچے رکھتے۔ پھر تین بار عرض کرتے خدایا مجھے اپنے عذاب سے بچا جس دن تو اپنے بندوں کو اُٹھائے۔ (ابوداؤد)

Marfat.com

حدیث ۷

عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَاْخُذُ مَضْجَعَہٗ بِقِرَاءَۃِ سُوْرَۃٍ مِّنْ کِتَابِ اللّٰہِ اِلَّا وَکَّلَ اللّٰہُ بِہٖ مَلَکًا فَلَا یَقْرَبُہٗ شَیْءٌ یُّؤْذِیْہِ حَتّٰی یَھُبَّ مَتٰی ھَبَّ۔ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ۔

ترجمہ حدیث ۷

روایت ہے حضرت شداد بن اوس سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کوئی مسلمان نہیں جو بستر پر بیٹھے قرآن شریف کی کوئی سورۃ پڑھ لے مگر اللہ تعالیٰ اس پر فرشتہ مقرر فرما دیتا ہے پھر کوئی ایذا دہ چیز اس کے پاس نہیں بھٹکتی حتی کہ بیدار ہو جب بھی۔ (ترمذی)

حدیث ۸

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَّاْتِیَ اَھْلَہٗ قَالَ بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّیْطٰنَ مَا رَزَقْتَنَا فَاِنَّہٗ اِنْ یُّقَدَّرْ بَیْنَھُمَا وَلَدٌ فِیْ ذٰلِکَ لَمْ یَضُرَّہٗ شَیْطٰنٌ اَبَدًا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ۔

ترجمہ حدیث ۸

روایت ہے حضرت ابن عباس سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر تم میں سے کوئی جب اپنی بیوی کے پاس جانا چاہے تو یہ کہہ لے بسم اللہ خدایا ہم کو شیطان سے دور رکھ اور شیطان کو اس بچے سے دور رکھ جو تو ہمیں دے تو اگر اس صحبت میں ان کے نصیب میں بچہ ہوا تو اسے شیطان کبھی نقصان نہ دے سکے گا۔ (مسلم بخاری)

حدیث ۹

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ

ترجمہ حدیث ۹

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے ہیں

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعْتُمْ صِیَاحَ
الدِّیْکَۃِ فَاسْئَلُوا اللّٰہَ مِنْ
فَضْلِہٖ فَاِنَّھَا رَأَتْ مَلَکًا وَاِذَا
سَمِعْتُمْ نَھِیْقَ الْحِمَارِ فَتَعَوَّذُوْا
بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ
فَاِنَّہٗ رَاٰی شَیْطَانًا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ۔

حدیث ۱۰

عَنْ خَوْلَۃَ بِنْتِ حَکِیْمٍ قَالَتْ
سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ نَزَلَ
مَنْزِلًا فَقَالَ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ
اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ
لَمْ یَضُرَّہٗ شَیْءٌ حَتّٰی یَرْتَحِلَ
مِنْ مَنْزِلِہٖ ذٰلِکَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ

حدیث ۱۱

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ جَاءَ
رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
مَا لَقِیْتُ مِنْ عَقْرَبٍ لَدَغَتْنِیْ
الْبَارِحَۃَ قَالَ اَمَا لَوْ قُلْتَ حِیْنَ

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے جب تم مرغ کی آواز سنو تو اللہ سے
اُس کا فضل مانگو۔ کیونکہ مرغ فرشتہ
کو دیکھتا ہے اور جب تم گدھے کا ہینگنا
سنو تو مردود شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو۔
کیونکہ اُس نے شیطان کو دیکھا ہے۔
(مسلم بخاری)

ترجمہ حدیث ۱۰

روایت ہے حضرت خولہ بنت حکیم فرماتی ہیں
میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کو فرماتے سنا جو کسی منزل پر اُترے تو یہ کہے
میں اللہ تعالیٰ کے پورے کامل کلمات کی پناہ لیتا ہوں
اُس کی ساری مخلوق کے شر سے تو اُس
منزل سے کوچ کرتے وقت اُسکی کوئی چیز
نقصان نہ دے گی۔ (مسلم)

ترجمہ حدیث ۱۱

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے
ہیں ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا یا رسول اللہ
آج رات مجھے بچھو کے کاٹ لینے سے بہت
ہی تکلیف پہنچی۔ فرمایا اگر تم شام کہتے کہ

Marfat.com

أمسيت أعوذ بكلمات الله التامات
من شر ما خلق لم تضرك رواه
مسلم۔

حدیث ۱۲

عن أبي هريرة قال قال
رسول الله صلى الله عليه وسلم
من جلس مجلسا فكثر فيه
لغطه فقال قبل أن يقوم
سبحانك اللهم وبحمدك
أشهد أن لا إله إلا أنت
أستغفرك وأتوب إليك إلا
غفر له ما كان في مجلسه ذلك
رواه الترمذي والبيهقي في
الدعوات الكبير

حدیث ۱۳

عن أبي موسى أن النبي
صلى الله عليه وسلم كان
إذا خاف قوما قال اللهم
إنا نجعلك في نحورهم
ونعوذ بك من شرورهم۔
رواه أحمد وأبو داود۔

کہ میں اللہ کے کامل کلموں کی پناہ لیتا ہوں
تمام مخلوق کی شر سے تو تمہیں کچھ تکلیف نہ
پہنچا سکتا۔ (مسلم)

ترجمہ حدیث ۱۲

روایت ہے حضرت ابو ہریرہ سے فرماتے
ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے جو کسی جگہ بیٹھے جہاں شور و شغب
زیادہ ہو۔ تو اُٹھنے سے پہلے یہ کہہ دے۔
پاک ہے تو اے اللہ۔ اور تیری حمد ہے۔
میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود
نہیں تجھ سے معافی مانگتا ہوں اور تیری
بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔ مگر اُس کی تمام وہ
حرکات معاف کر دی جائیں گی۔ جو اُس مجلس
میں ہوئی (ترمذی۔ بیہقی۔ دعوات کبیر)

ترجمہ حدیث ۱۳

روایت ہے حضرت ابو موسےٰ سے کہ نبی
کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم
سے خطرہ محسوس فرماتے تو کہتے اے
اللہ ہم اُن کے مقابل تجھے کرتے ہیں
اور اُنکی شر سے تیری پناہ لیتے ہیں۔
(احمد، ابوداؤد)

Marfat.com

حدیث ۱۴

عَنْ اَبِیْ مَالِكِ نِ الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا وَلَجَ الرَّجُلُ بَیْتَہٗ فَلْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا ثُمَّ لِیُسَلِّمْ عَلٰی اَھْلِہٖ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ۔

ترجمہ حدیث ۱۴

روایت ہے حضرت ابوموسے اشعری سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی شخص اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت کہہ لے الٰہی میں تجھ سے داخلے کی اور نکلنے کی بھلائی مانگتا ہوں۔ اللہ کے نام سے ہم داخل ہوئے اور اپنے رب پر ہم نے بھروسہ کیا۔ پھر گھر والوں کو سلام کرے۔

(ابوداؤد)

حدیث ۱۵

عَنْ قَتَادَۃَ بَلَغَہٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا رَاٰی الْھِلَالَ قَالَ ھِلَالُ خَیْرٍ وَّرُشْدٍ ھِلَالُ خَیْرٍ وَّرُشْدٍ ھِلَالُ خَیْرٍ وَّرُشْدٍ اٰمَنْتُ بِالَّذِیْ خَلَقَكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ یَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ذَھَبَ بِشَھْرِ کَذَا وَجَاءَ بِشَھْرِ کَذَا رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ۔

ترجمہ حدیث ۱۵

روایت ہے حضرت قتادہ سے انہیں خبر پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب چاند دیکھتے تو فرماتے بھلائی و ہدایت کا چاند ہو۔ بھلائی اور ہدایت کا چاند ہو۔ بھلائی اور ہدایت کا چاند ہو تین بار فرماتے اس پر ایمان لایا جس نے تجھے پیدا کیا۔ پھر فرماتے اس رب کا شکر ہے جو فلاں مہینہ لے گیا اور فلاں مہینہ لایا۔

(ابوداؤد)

حدیث ۱۶

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ کَانَ مِنْ دُعَاءِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِکَ وَفُجَاءَۃِ نِقْمَتِکَ وَجَمِیْعِ سَخَطِکَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ۔

ترجمہ حدیث ۱۶

روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں سے یہ تھی الٰہی میں تیری پناہ لیتا ہوں تیری نعمت کے زائل ہو جانے سے اور تیری عافیت کے منقلب ہو جانے سے اور تیرے اچانک عتاب سے اور تیری تمام ناراضگیوں سے (مسلم)

حدیث ۱۷

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْاَرْبَعِ مِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا یَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دُعَاءٍ لَّا یُسْمَعُ۔ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ وَرَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو وَالنَّسَائِیُّ عَنْھُمَا۔

ترجمہ حدیث ۱۷

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے الٰہی میں چار چیزوں سے تیری پناہ لیتا ہوں اس علم سے جو نفع نہ دے اس دل سے جس میں عاجزی نہ ہو اس نفس سے جو سیر نہ ہو اس دعا سے جو سنی نہ جائے۔

احمد۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ اور ترمذی نے اسے حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت کیا اور نسائی نے ان دونوں صاحبوں سے۔

مفید دعائیں

نیا کپڑا پہننے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا

سب تعریف خدا کے لئے جس نے ہمیں

Marfat.com

وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ

یہ لباس پہنایا اور بہ ہماری طاقت کے بغیر ہمیں عطا فرمایا۔

سرمہ لگانے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ

الٰہی مجھے سننے اور دیکھنے سے بہرہ مند کر۔

ہر نماز کے بعد کلمہ طیّبہ یا کلمہ شہادت پڑھا کرو۔ بڑا ثواب و اجرِ عظیم ہے۔

آئینہ دیکھنے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْھِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْہٌ

الٰہی میرا منہ اُجالا کر جس دن کچھ منہ اجالے ہوں اور کچھ سیاہ۔

کھانے سے پہلے کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْهِ وَاَبْدِلْنَا خَیْرًا مِّنْهُ۔

اللہ کے نام سے جو بہت بڑا رحیم اور رحم کرنیوالا ہے الٰہی اس میں ہمارے لئے برکت اُتار اور ہمیں اس سے بہتر دے۔

کھانے کے بعد کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

سب تعریف اس اللہ کو جس نے ہمیں کھانے اور پینے کو دیا اور مسلمان بنایا۔

سوتے سے اُٹھو تو یہ دُعا پڑھو

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ۔

سب تعریف اس اللہ کو جس نے ہمیں موت کے بعد زندگی دی اور اسی کی طرف اٹھنا ہے

Marfat.com

پاخانہ جانے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ۔

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں پلیدی اور شیطانوں سے پھر بایاں قدم پہلے داخل کرو

پاخانہ سے نکلنے کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ۔

(حمد ہے اللہ کے لیے جس نے اذیت و تکلیف کی چیز مجھ سے دور کی اور مجھے عافیت دی)

اچھی چیز دیکھنے کی دُعا

تَبَارَكَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَہٗ فِیْہِ وَلَا تَضُرُّہٗ۔

اللہ کیا ہی بہتر پیدا فرمانے والا ہے ۔ الٰہی اسے اس میں برکت دے کہ یہ نقصان نہ پہنچائے۔

یا اپنی زبان سے ہی کہہ دیا کرو۔ اللہ برکت دے اس طرح نظر نہیں لگے گی

جب کوئی چیز ناپسند ہو

اَللّٰھُمَّ لَا یَاْتِی الْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا یَدْفَعُ السَّیِّاٰتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

الٰہی تیرے سوا کوئی بھلائی دینے والا نہیں ہے اور تیرے سوا کوئی برائی ٹالنے والا نہیں اور ساری طاقت اور قوت اللہ ہی کے لئے ہے۔

بیماری یا مصیبت کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا ط

اللہ کا شکر ہے کہ جس نے مجھے اس چیز سے نجات دی جس میں تجھے مبتلا کیا اور مجھے اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت بخشی۔

Marfat.com

طہارت کے لئے یہ دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَہِّرِیْنَ الَّذِیْنَ لَاخَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَاھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۔

اللہ کے نام سے جو بہت بڑا ہے اور اسی کی حمد ہے خدا کا شکر ہے کہ میں دین اسلام پر ہوں اے اللہ تو مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک لوگوں میں سے کر دے جنہیں نہ کوئی خوف اب ہے اور نہ وہ غم کریں گے ۔

طہارت سے فراغت کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ الْمَاءَ طَہُوْرًا وَالْاِسْلَامَ نُوْرًا وَقَائِدًا وَدَلِیْلًا اِلَی اللّٰہِ وَاِلٰی جَنَّاتِ النَّعِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ حَصِّنْ فَرْجِیْ وَطَہِّرْ قَلْبِیْ وَمَحِّصْ ذُنُوْبِیْ ۔

(حمد ہے اللہ کے لئے جس نے پانی کو پاک کرنیوالا بنایا اور اسلام کو نور اور خدا تک پہنچانیوالا اور جنت کا راستہ بتانے والا کیا ۔ الٰہی تو میری شرم گاہ کو محفوظ رکھ اور میرے دل کو پاک کر اور میرے گناہ دور کر)

بیوی سے صحبت کرنیکی دعا

اول بسم اللہ پڑھ کر قل ھو اللہ پڑھے پھر اللّٰہ اکبر لا الٰہ الا اللہ پڑھ کر یہ پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہَا ذُرِّیَّۃً اِنْ کُنْتَ قَدَّرْتَ اَنْ تُخْرِجَ ذٰلِکَ مِنْ صُلْبِیْ پھر یہ دعا پڑھے ۔ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطٰنَ مَا رَزَقْتَنَا ۃ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو کوئی یہ پڑھکر صحبت کریگا اس کی اولاد شیطان سے محفوظ پیدا ہوگی اور قریب انزال دل میں یہ پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّ صِهْرًا (احیاء العلوم)

عیادت کیلئے دعا

بیمار کا ہاتھ پکڑ کر یہ دعا پڑھے۔ لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی۔

(بخاری شریف، احیاء العلوم)

مشرکین کے معبدوں کو دیکھکر یا انکے سنکھوں کی آواز سنکر کیا پڑھنا چاہیئے

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَّاحِدًا لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاهُ۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ اللہ تعالیٰ بعدد ان کافروں کے اس کی بخشش کرتا ہے۔ (غنیۃ الطالبین)

بجلی کے کڑکنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ

(ترمذی شریف)

کسی کی مصیبت پر یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔ اللہ تعالیٰ اس شخص کو عمر بھر کبھی اس بلا میں مبتلا نہ کریگا۔ (ترمذی شریف)

حاجی سے ملاقات کے وقت یہ دعا پڑھیں

تَقَبَّلَ اللّٰهُ نُسُكَكَ وَاَعْظَمَ اَجْرَكَ وَاَخْلَفَ نَفَقَتَكَ۔ (غنیۃ الطالبین)

وضو کی دعائیں

ہاتھ دھوتے وقت یہ دعا پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْكُفْرُ

Marfat.com

بَاطِلٌ اَلْاِسْلَامُ نُوْرٌ وَالْکُفْرُ ظُلْمَةٌ۔

کلی کے وقت یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَالصَّلٰوةِ عَلٰی حَبِیْبِكَ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ ۔ تین بار کلی کریں۔ اور پانی حلق تک پہنچائیں۔

ناک میں پانی ڈالتے وقت یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اَرِحْنِیْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ ۔ تین بار ناک میں پانی ڈالیں۔

منہ دھوتے وقت یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْهِیْ بِنُوْرِكَ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہُ اَوْلِیَائِكَ وَلَا تُسَوِّدْ وَجْهِیْ یَوْمَ تَسْوَدُّ وُجُوْہُ اَعْدَائِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

چہرے کے ہر عضو پر تین تین بار پانی ڈالیں۔ ڈاڑھی کا خلال کریں

دایاں ہاتھ دھوتے وقت یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا

بایاں ہاتھ دھوئیں تو یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ لَا تُعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلَا مِنْ وَّرَاءِ ظَهْرِیْ

سر کا مسح کریں تو یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِكَ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّ عَرْشِكَ ؛

کانوں کے مسح کریں تو یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ

Marfat.com

گردن کا مسح کریں تو یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اَعْتِقْ رُقْبَتِیْ عَنِ النَّارِ۔

دایاں پاؤں دھوتے وقت یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِیْ وَقَدَمَ وَالِدِیْ عَلَی الصِّرَاطِ

دایاں پاؤں ٹخنوں سے اوپر تک دھوئیں۔ اور انگلیوں میں خلال نیچے سے اوپر کو کریں۔ اور چھنگلی سے شروع کریں اور بائیں پاؤں چھنگلی پر ختم کریں۔

بایاں پاؤں دھوتے وقت یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ اَنْ تَزِلَّ قَدَمِیْ اَوْ قَدَمَ وَالِدِیْ عَلَی الصِّرَاطِ۔

وضو کے بعد اَعُوْذُ بِاللّٰہِ اور بِسْمِ اللّٰہِ اور سورۃ انا انزلنٰہ معہ کلمہ شہادت پڑھیں۔

مسجد میں داخل ہوں تو پہلے دایاں قدم رکھیں

یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ

مسجد سے باہر نکلنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ وَرَحْمَتِکَ

ادائیگی قرض کیلئے یہ دعا پڑھیں

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا۔ کہ تو نے وہ دعا سنی کہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

نے ہمیں سکھائی ہے اور فرمایا کہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام بھی یہی دعا اپنے ساتھیوں کو سکھلاتے تھے۔ فرمایا جو کوئی اس کو پڑھے گا اگر کوہ اُحد کے برابر قرض ہو تو اللہ تعالےٰ اس کا قرض ادا کر دیگا۔ وہ دعا یہ ہے۔

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اَنْتَ اَللّٰہُ بَلٰی وَ اللّٰہِ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ وَ اللّٰہِ اِنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِقْضِ عَنِّیَ الدَّیْنَ وَارْزُقْنِیْ بَعْدَ الدَّیْنِ ۝ (غنیۃ الطالبین)

کھیت میں بیج ڈالنے کیوقت یہ دعا پڑھے

کھیت میں بیج ڈالنے سے پہلے دو رکعت نفل کھیت پڑھے اور قبلہ رُخ بیٹھ کر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدٌ ضَعِیْفٌ سَلَّمْتُ ھٰذَا اِلَیْكَ تُسَلِّمُہٗ لِیْ وَ بَارِكْ لِیْ فِیْہِ۔

جانور خریدے یا خادم لائے تو یہ دعا پڑھے

جانور یا خادم کی پیشانی پر ہاتھ رکھکر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَہٗ وَخَیْرَ مَا جُبِلَ عَلَیْہِ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّہٖ وَ شَرِّ مَا جُبِلَ عَلَیْہِ

اس کے پڑھنے سے انشاء اللہ جانور اور خادم کے شر سے محفوظ رہے گا۔ (احیاء العلوم)

وعظ

تعلیم نسواں کے بیان میں

ارشادِ خداوندی

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ

اے نبی کی بیبیو تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو۔ اگر تم اللہ سے ڈرنے والی

بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝

ہو۔ تو بات میں ایسی نرمی نہ کرو۔ کہ دل کا روگی کچھ لالچ کرے۔ ہاں اچھی بات کرو۔

وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَ

اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور بے پردہ نہ رہو جیسے اگلی جاہلیت کی بے پردگی۔ اور

اَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ

نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو۔

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَ

اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو کہ تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے۔ اور تمہیں

كُمْ تَطْهِيْرًا ۝ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَ

پاک و ستھرا کر دے۔ اور یاد کرو جو تمہارے گھروں میں پڑھی جاتی ہیں اللہ کی آیتیں اور

Marfat.com

الحکمۃ ط اِنَّ اللّٰہَ کَانَ لَطِیْفًا خَبِیْرًا ○

حکمت (سنت) بیشک اللہ ہر باریکی جانتا خبردار ہے

آیات مذکورہ بالا میں اگرچہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات وامہات المومنین کو خطاب ہے۔ لیکن اس کا حکم تمام امت واہل اسلام عورتوں کے لئے عام ہے۔ ویسے بھی ازواج مطہرات کے اتنے بلند منصب وامہات المومنین ہونے کے باوجود جب ان کے لئے اتنی پابندی وتاکید ہے تو عام عورتوں کے لئے تو بدرجہ اولیٰ ان احکام کی تعمیل اور پابندی واحتیاط ضروری ہے۔

عورت کی نرم کلامی وشیریں بیانی سے دل کا روگی۔ غلط تاثر لے سکتا ہے۔ اس لئے مسلمان عورت کو یہ حکم ہے کہ اگر کبھی کسی غیر مرد سے بات کرنے کی ضرورت پیش آئے تو سنجیدہ اور معقول طریقہ سے بات کرے کہ سننے والا نہ کوئی غلط تاثر قائم کر سکے اور نہ اسے غلط خیال رکھنے کی جرأت ہو سکے۔

عورت کے لئے گھر کی چار دیواری میں رہنا۔ نماز وزکوٰۃ کی پابندی کرنا۔ خدا ورسول کا حکم ماننا ضروری اور بے پردہ رہنا منع ہے۔ عورتوں کو گھروں میں رہنے کا حکم فرما کر انہیں تعلیم کے متعلق بالخصوص ارشاد فرمایا کہ وہ اپنے گھروں میں اللہ کی آیتیں اور حکمت یاد کریں۔

حدیث شریف

عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لَا تُسْكِنُوا النِّسَاءَ الْغُرَفَ وَلَا تُعَلِّمُوهُنَّ الْكِتَابَةَ۔ اپنی عورتوں کو بالاخانوں پر نہ رکھو اور انہیں لکھنا نہ سکھاؤ (امام ترمذی محمد ابن علی)
حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حضرت لقمان (رضی اللہ عنہ) کا ایک لکھے

Marfat.com

والی لڑکی پر گزر ہوا۔ تو آپ نے فرمایا۔ یہ لڑکی کس کو ذبح کرنے کے لئے مشق ہو رہی ہے
(اخرج الترمذی الحکیم عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ)

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لَا تُسْكِنُوهُنَّ الْغُرَفَ وَلَا تُعَلِّمُوهُنَّ الْكِتَابَةَ وَعَلِّمُوهُنَّ الْمِغْزَلَ وَسُورَةَ النُّورِ۔ عورتوں اور لڑکیوں کو بالاخانوں پر نہ ٹھہراؤ۔ انہیں لکھنا نہ سکھاؤ۔ انہیں چرخہ کاتنا سکھاؤ اور سورہ نور پڑھاؤ" (ابن حبان و بیہقی)

عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لَا تُعَلِّمُوا نِسَاءَكُمُ الْكِتَابَةَ وَلَا تُسْكِنُوهُنَّ الْعَلَالِيَّ۔ اپنی عورتوں کو لکھنا نہ سکھاؤ۔ اور بالاخانوں پر نہ ٹھہراؤ (ابن حبان و ابن عدی)

عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں یہ حکم جاری فرمایا کہ عورتوں کو لکھنا نہ سکھاؤ۔ اور بالاخانوں پر نہ ٹھہراؤ (روض الاخیار)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی اشعۃ اللمعات میں اپنے زمانہ کے متعلق یہی فیصلہ دیتے ہیں۔ کہ عورتوں کو لکھنا سکھانا ہرگز مناسب نہیں۔

ڈاکٹر اقبال اگرچہ نئی تہذیب کے گھر تک پہنچ گئے تھے لیکن قوم کی بے جا تقلید اور بے راہ روی نے ان کے احساس دل کو بھی چوٹ لگائی۔ اور پھر قوم کو غیرت دلائی ؎

یہ کوئی دن کی بات ہے اے مرد ہوشمند
غیرت نہ تجھ میں ہوگی نہ زن اوٹ چاہے گی

آخر وہی ہوا۔ نئی تہذیب نے تیزی سے بال و پر نکالنے شروع کر دیئے۔ پردہ مرنے لگا۔ یہ گویا سمجھیئے کہ حیا اور غیرت کا جنازہ نکلنا شروع ہو گیا۔ پردہ اٹھا حجاب گیا۔ شرم گئی۔ اب نئی تہذیب کی "برکات" ظاہر ہونی شروع ہو گئیں ؎

Marfat.com

تعلیم کی خرابی سے ہو گئی بالاخر
شوہر پرست بی بی پبلک پسند لیڈی

سیدھی سادی اور شریف بچیوں پر اس تہذیب کا رنگ چڑھنا شروع ہو گیا۔ اکبر غریب خون کے گھونٹ پی کر رہ گئے اور ان کی "شرافت" کا ماتم اس طرح کیا ؎

حامدہ چمکی نہ تھی انگلش سے جب بیگانہ تھی
اب ہے شمع انجمن پہلے چراغ خانہ تھی

اس کا یہ مطلب نہیں کہ اقبال و اکبر تعلیم نسواں کے بالکل ہی خلاف تھے۔ بلکہ وہ تو خود چاہتے تھے، عورت کو "زیور تعلیم" سے آراستہ کیا جائے۔ لیکن کس قسم کی تعلیم سے یہ ان کی اپنی زبان سے سنئے۔ اکبر فرماتے ہیں ؎

تعلیم لڑکیوں کی ضروری تو ہے مگر
خاتون خانہ ہو وہ سبھا کی پری نہ ہو

ایک اور جگہ ارشاد ہوتا ہے ؎

دو اسے شوہر و اطفال کی خاطر تعلیم
قوم کے واسطے تعلیم نہ دو عورت کو

لوگوں نے ترقی کے شوق میں لڑکوں کے ساتھ لڑکیوں کو بھی جدید تعلیم کے ایندھن میں جھونک دیا۔ اکبر کے دل میں پھر ایک چیس سی اٹھی اور اپنا دکھ لے دے ہی دیا ؎

تعلیم دختران سے یہ امید ہے ضرور
ناچے دلہن خوشی سے خود اپنی برات میں

زمانہ شاہد ہے انکے خدشات کس طرح حرف بحرف پورے ہوئے۔ مزید فرماتے ہیں ؎

کیا کہوں کہ "علم" پڑھ کر کیا کریں گی بیبیاں
بیبیاں شوہر بنیں گی اور شوہر بیبیاں

Marfat.com

حدیث ۱

عَنْ اُسَامَةَ ابْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَرَكْتُ بَعْدِيْ فِتْنَةً اَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

ترجمہ الحدیث ۱

روایت ہے حضرت اسامہ ابن زید سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میں نے اپنے پیچھے مردوں پر زیادہ مضر فتنہ عورتوں سے بڑھ کر کوئی نہ چھوڑا۔

حدیث ۲

عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجُوا الْوَدُوْدَ الْوَلُوْدَ فَاِنِّيْ مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ

ترجمہ حدیث ۲

روایت ہے حضرت معقل ابن یسار سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ محبت کرنے والی بچے جننے والی عورتوں سے نکاح کرو کیونکہ میں تمہاری وجہ سے امتوں پر فخر کروں گا۔

(ابوداؤد۔ نسائی)

حدیث ۳

عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا لَا يَبِيْتَنَّ رَجُلٌ عِنْدَ امْرَاَةٍ ثَيِّبٍ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ نَاكِحًا اَوْ ذَا مَحْرَمٍ۔ مُسْلِمٌ

ترجمہ حدیث ۳

روایت ہے حضرت جابر سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبردار کوئی مرد کسی شادی شدہ عورت کے پاس رات نہ گزارے مگر یہ کہ اسکا خاوند ہو یا محرم رشتہ دار (مسلم)

حدیث ۴

عَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ يَا عَلِيُّ لَا تُتْبِعِ النَّظْرَةَ النَّظْرَةَ فَاِنَّ لَكَ

ترجمہ حدیث ۴

روایت ہے حضرت بریدہ سے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بخطاب علی سے فرمایا اے علی ایک نگاہ کے بعد دوسری

Marfat.com

لا الاولیٰ ولیست لک الآخرۃ رواہ
احمد والترمذی وابوداود والدارمی

نگاہ نہ کرو کہ تم کو پہلی نظر جائز ہے دوسری جائز نہیں۔ احمد ترمذی۔ ابوداؤد دارمی۔

حدیث ۵

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال المرأۃ عورۃ فاذا خرجت استشرفها الشیطان
رواہ الترمذی (مشکوٰۃ)

ترجمہ حدیث ۵

روایت ہے اُن ہی سے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے راوی فرمایا کہ عورت چھپانے کے لائق ہے جب عورت نکلتی ہے تو اُسے شیطان گھورتا ہے۔ ترمذی) (مشکوٰۃ)

حدیث ۶

عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایاکم والتعری فان معکم من لا یفارقکم الا عند الغائط وحین یفضی الرجل الی اهله فاستحیوهم واکرموهم
رواہ الترمذی (مشکوٰۃ)

ترجمہ حدیث نمبر ۶

روایت ہے ابن عمر سے فرماتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ننگے ہونے سے بچو کیونکہ تمہارے ساتھ وہ ہیں جو تم سے کبھی جدا نہیں ہوتے سوائے پیشاب پاخانہ کے اور اُس وقت کہ جب مرد اپنی بیوی کے پاس جاتا ہے تو اُن سے شرم کرو اور اُن کا احترام کرو۔ (ترمذی

حدیث ۷

عن ام سلمۃ انها کانت عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومیمونۃ اذ اقبل ابن ام مکتوم فدخل علیہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احتجبا منه فقلت یا رسول اللہ الیس هو

ترجمہ حدیث ۷

روایت ہے حضرت اُم سلمہ سے کہ وہ اور بی بی میمونہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھیں کہ جناب اُم مکتوم آئے اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوگئے۔ تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ تم دونو ان سے پردہ کرو۔ میں نے عرض کی۔ یا

Marfat.com

أَعْمٰى لَا يُبْصِرُنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفَعَمْيَاوَانِ
أَنْتُمَا أَلَسْتُمَا تُبْصِرَانِهِ۔
رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ (مشکوٰۃ)

حدیث ۸

عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ أَبِيْهِ
عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْفَظْ عَوْرَتَكَ
إِلَّا مِنْ زَوْجَتِكَ أَوْ مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ
قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَفَرَأَيْتَ إِذَا
كَانَ الرَّجُلُ خَالِيًا قَالَ اَللّٰهُ أَحَقُّ
أَنْ يُّسْتَحْيٰى مِنْهُ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ
وَأَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ۔ (مشکوٰۃ)

حدیث ۹

عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَخْلُوَنَّ
رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ إِلَّا كَانَ ثَالِثُهُمَا
الشَّيْطَانُ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ (مشکوٰۃ)

حدیث ۱۰

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا نَظَرْتُ
أَوْ مَا رَأَيْتُ فَرْجَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

رسول اللہ کیا یہ نابینا نہیں ہیں کہ ہم کو دیکھتے
نہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
کیا تم دونوں بھی نابینا ہو کیا تم ان کو نہیں
دیکھتیں۔ احمد ترمذی۔ ابوداؤد۔ (مشکوٰۃ)

ترجمہ حدیث ۸

روایت ہے حضرت بہز ابن حکیم سے وہ اپنے
والد سے وہ اپنے دادا سے راوی۔ فرماتے
ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ
اپنے ستر چھپاؤ۔ سوائے اپنی بیوی یا مملوکہ لونڈی
کے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ فرمائیے
کہ جب مرد تنہا ہو۔ فرمایا کہ اللہ حق دار ہے کہ
اس سے شرم کی جائے۔ ترمذی۔ ابوداؤد
ابن ماجہ۔ (مشکوٰۃ)

ترجمہ حدیث ۹

روایت ہے حضرت عمر سے وہ نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم سے راوی۔ فرماتے ہیں
کہ کوئی مرد کسی عورت سے خلوت نہیں کرتا
مگر اس میں تیسرا شیطان بھی ہوتا ہے۔ ترمذی

ترجمہ حدیث ۱۰

روایت حضرت عائشہ سے فرماتی ہیں کہ
میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَطُّ۔ ابن ماجۃ

کا ستر کبھی نہ دیکھا۔ (ابن ماجہ)

حدیث ۱۱

عَنْ اَبِی اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَنْظُرُ اِلٰی مَحَاسِنِ اِمْرَأَۃٍ اَوَّلَ مَرَّۃٍ ثُمَّ یَغُضُّ بَصَرَہٗ اِلَّا اَحْدَثَ اللّٰہُ لَہٗ عِبَادَۃً یَجِدُ حَلَاوَتَہَا رَوَاہُ اَحْمَدُ۔ مشکوٰۃ

ترجمہ حدیث ۱۱

روایت ہے حضرت ابی امامہ سے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے راوی فرماتے ہیں ایسا کوئی مسلم نہیں جو اچانک کسی عورت کی خوبیاں پہلی بار دیکھے تو فوراً اپنی نگاہ نیچی کرے۔ مگر اللہ اسے ایسی عبادت دیتا ہے جس کی وہ لذت پاتا ہے۔ احمد

اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا صاحب بریلوی۔ عورتوں کو لکھنا سکھانا شرعاً ممنوع و سنت نصاریٰ ہے۔ اور فتح باب ہزاروں فتنہ اور مستانِ سرشار کے ہاتھ میں تلوار دینا ہے جس کے مفاسد شدیدہ پر تجاریب عدیدہ شاہد عادل ہے۔

متعدد حدیثیں اس کی ممانعت میں وارد ہیں۔ سلفاً و خلفاً علماء و عامۂ مومنین کا عمل اس کے ترک پر رہا ہے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی۔ اشعۃ اللمعات میں اپنے زمانہ کے متعلق یہی فیصلہ دیتے ہیں۔ کہ عورتوں لکھنا سکھانا ہرگز مناسب نہیں

وعظ پنجابی

اے انساناں واگ جیوناں عمر گذار نہ ہرگز — جس رب پیدا کیتا اُس دے حکم وسار نہ ہرگز
جب پاں بے حد نعمتاں ون تس دا شکر کماویں — ہے افسوس پھر اُس دے حکموں اپنا سیس ہٹاویں
مسلماناں نوں جو جو چنے کم انگریزاں سکھے — سو شراب تے فلماں کولوں کی فائدہ لبھے
صنعت دے کئی کارخانے اپنے ملک لگائے — فلماں جیسے شہر شہر دے تینوں عام سکھائے
ناغہ دے دن تاش کھیڈن وچ دن گذارن سارا — واہ انگریزاں دسیا تینوں کیسا کم نکما سا
تاش کھیڈن دے اندر ہے کوئی سار دیو زر رکھو — اپنی دا فائدہ اُسنوں ہرگز ہتھ نہ آوے
جس کم اندر دین دنی دا فائدہ ہتھ نہ آوے — ایسے فضول کماں تھیں بندہ ضائع عمر گوادے
چھڈ تمام فضولی کھیڈاں کریے یاد الٰہی — یاد اللہ بن دنیا اندر چنگی چیز نہیں کائی
تاش کھیڈن وچ کی فائدہ تینوں یار دیا اے — شرع اگر پہچانیں لے ایہہ کم فضولی سارے
انہاں کماں وچ ہرگز فائدہ نہیں ہے تیرا کوئی — جیں فضول اندر تمامی خبر جدیں نوں ہوئی
فلماں تھیٹر راگ تماشے کم شیطانی سارے — ڈھول باجے وجے طبلے چھڈ سب یار پیارے
الیساز کھیڈاں اندر اپنا وقت نہ ضائع کرلو — کر خرچ بنا قبر دا اوڑک جاناں مرتوں
تاش اندر دس کی فائدہ ہے انساناں تیرا — کر لے نیکی کر دے نیکی تیرا سفر لمیرا
پنجے وقت نماز ہمیشہ نال جماعت اداتوں — فلم تماشے کھیڈاں ویکھن ہرگز کدے نہ جاتوں

کہے معصوم یاد اللہ وچ وقت گذار تمامی
کھا کھا نعمت پاک خدا دی نہ کر نمک حرامی

Marfat.com

عورتوں سے برتاؤ کے بیان میں

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ

اور شرک والی عورتوں سے نکاح نہ کرو جب تک مسلمان نہ ہو جائیں اور بیشک مسلمان

مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى

لونڈی مشرکہ سے اچھی ہے اگرچہ وہ تمہیں بھاتی ہو اور مشرکوں کے نکاح میں نہ دو جب تک

يُؤْمِنُوْا ؕ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ

وہ ایمان نہ لائیں۔ اور بے شک مسلمان غلام مشرک سے اچھا اگرچہ وہ تمہیں

اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۖۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى

بھاتا ہو وہ دوزخ کی طرف بلاتے ہیں اور اللہ جنت اور بخشش

الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ

کی طرف بلاتا ہے اپنے حکم سے اور اپنی آیتیں لوگوں سے

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ع

بیان کرتا ہے کہیں وہ نصیحت مانیں۔

حدیث ۱

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَوْصُوْا بِالنِّسَآءِ خَيْرًا فَاِنَّهُنَّ

ترجمہ حدیث ۱

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے کہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیویوں کے متعلق کی وصیت قبول کرو کیونکہ وہ

خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ وَّاِنَّ اَعْوَجَ شَیْءٍ
فِی الضِّلَعِ اَعْلَاهُ فَاِنْ ذَهَبْتَ
تُقِیْمُهٗ كَسَرْتَهٗ وَاِنْ تَرَكْتَهٗ لَمْ
یَزَلْ اَعْوَجَ فَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَآءِ
مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ
الْمَرْاَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ لَنْ
تَسْتَقِیْمَ لَكَ عَلٰی طَرِیْقَةٍ فَاِنِ
اسْتَمْتَعْتَ بِهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا
وَبِهَا عِوَجٌ وَاِنْ ذَهَبْتَ تُقِیْمُهَا
كَسَرْتَهَا وَكَسْرُهَا طَلَاقُهَا۔
رَوَاهُ مُسْلِمٌ (مشكوٰة)

حدیث ۲

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْاَةُ
اِذَا صَلَّتْ خَمْسَهَا وَصَامَتْ شَهْرَهَا
وَاَحْصَنَتْ فَرْجَهَا وَاَطَاعَتْ
بَعْلَهَا فَلْتَدْخُلْ مِنْ اَیِّ
اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَتْ۔
رَوَاهُ اَبُوْ نُعَیْمٍ فِی
الْحِلْیَةِ۔

پسلی سے پیدا کی گئی ہیں اور یقیناً پسلی
کا ٹیڑھا حصہ اس کا اوپر کا ہے تو اگر اسے
سیدھا کرنے لگو تو توڑ دو گے اور اگر چھوڑ
دو تو ٹیڑھا رہے گا۔ لہٰذا عورتوں کے متعلق
وصیت قبول کرو۔ روایت ہے انہیں سے
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عورت
پسلی سے پیدا کی گئی ہے وہ روش میں سیدھی
ہرگز نہ ہوگی۔ تو اگر تم اُس سے نفع حاصل
کرنا چاہتے ہو تو اُس سے نفع حاصل کرو۔
حالانکہ اس میں ٹیڑھ ہو اور اگر تم اُسے سیدھا کرنے
لگو تو توڑ دو گے اُسکا توڑنا اُسکی طلاق ہے
(مسلم مشکوٰۃ)

ترجمہ حدیث ۲

روایت ہے حضرت انس سے فرماتے ہیں
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت
جب اپنی پانچ نمازیں پڑھے اور اپنے ماہ
رمضان کا روزہ رکھے اور اپنی شرمگاہ کی
حفاظت کرے۔ اور اپنے خاوند کی اطاعت
کرے۔ تو جنت کے جس دروازے سے چاہے
داخل ہو جائے۔ (ابو نعیم در
حلیہ)

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّمَا امْرَأَۃٍ مَاتَتْ وَزَوْجُھَا عَنْھَا رَاضٍ دَخَلَتِ الْجَنَّۃَ۔
رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ

روایت ہے حضرت ام سلمہ سے فرماتی ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو عورت مر جائے اس حال میں کہ اُس کا خاوند اس سے راضی ہو تو وہ جنت میں جائیگی۔
ترمذی۔ (مشکوٰۃ)

حدیث ۴

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ کُنْتُ اٰمُرُ اَحَدًا اَنْ یَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْأَۃَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِھَا۔
رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ

ترجمہ حدیث ۴

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر میں کسی کو حکم دیتا کہ وہ کسی کو سجدہ کرے تو عورت کو حکم دیتا کہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔
ترمذی۔ (مشکوٰۃ)

حدیث ۵

عَنْ حَکِیْمِ بْنِ مُعَاوِیَۃَ الْقُشَیْرِیِّ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا حَقُّ زَوْجَۃِ اَحَدِنَا عَلَیْہِ قَالَ اَنْ تُطْعِمَھَا اِذَا طَعِمْتَ وَتَکْسُوْھَا اِذَا اکْتَسَیْتَ وَلَا تَضْرِبِ الْوَجْہَ وَلَا تُقَبِّحْ وَلَا تَھْجُرْ اِلَّا فِی الْبَیْتِ۔
رواہ احمد۔ ابوداؤد۔ ابن ماجۃ

ترجمہ حدیث ۵

روایت ہے حضرت حکیم ابن معاویہ قشیری سے وہ اپنے والد سے راوی فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم سے کسی کی بیوی کا حق اُس پر کیا ہے فرمایا یہ کہ جب تم کھاؤ اسے کھلاؤ، اور جب تم پہنو اسے پہناؤ۔ اور اس کے منہ پر نہ مارو۔ اور اسے برا نہ کہو۔ اور اسے نہ چھوڑو مگر گھر میں۔
احمد۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ (مشکوٰۃ)

Marfat.com

وعظ پنجابی

اے مائی توں سر توں ننگی پھردی وچ بازاراں
شرم حیا نہ آوے تینوں وگیاں رہیاں باراں
زینت اپنی لوکاں تائیں توں وکھاندی رہندی
عزت ننگ ناموس دے سودے توں لگاندی رہندی
فلماں اندر مرداں نالوں بیٹھیں ہو اگیرے
خوف خدا نہ شرم نبی دی ننگی پھریں نیڑے
سر ننگا کر زینت اپنی غیراں توں دکھلاویں
بے حیا بے غیرت ہو کے وچ بازاراں جاویں
پڑھ کے علم انگریزی تینوں رہ گئی شرم نہ کائی
پردے ستر والی گل تینوں کارے پسند نہ آئی
سرخی پوڈر لا کے لوکاں نوں وکھاندی پھردی
اپنے حسن دی نمائش توں لگاندی پھردی
نکل گھراں تھیں وچ بازاراں سیر کریندی رہندی
غیراں نال توں فلماں اندر بے پردہ ہو بہندی

—— ⁖ ——

کیہے معصوم دنیا اندر مرد دیوث نے جیہڑے
حضرت آکھیا روز حشر دے دوزخ کرسن ڈیرے

Marfat.com

نیک عورتوں کے بیان میں

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَیْبِ

تو نیک بخت عورتیں ادب والیاں ہیں خاوند کے پیچھے حفاظت

بِمَا حَفِظَ اللّٰہُ ط

رکھتی ہیں جس طرح اللہ نے حکم دیا۔

حدیث نمبر ۱

عَنْ مُعَاذٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُؤْذِیْ امْرَأَۃٌ زَوْجَھَا فِی الدُّنْیَا اِلَّا قَالَتْ زَوْجَتُہٗ مِنَ الْحُوْرِ الْعِیْنِ لَا تُؤْذِیْہِ قَاتَلَکِ اللّٰہُ فَاِنَّمَا ھُوَ عِنْدَکِ دَخِیْلٌ یُوْشِکُ اَنْ یُّفَارِقَکِ اِلَیْنَا۔ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ۔

ترجمہ حدیث نمبر ۱

روایت ہے حضرت معاذ سے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے راوی فرمایا نہیں ستاتی کوئی عورت اپنے خاوند کو دنیا میں مگر اس کی حور عین بیوی کہتی ہے کہ خدا تجھے غارت کرے اسے نہ ستا۔ کیونکہ یہ تیرے پاس مہمان ہے بہت قریب تجھے چھوڑ کر ہماری طرف آئے گا۔

ترمذی ۔ ابن ماجہ ۔ ترمذی نے فرمایا یہ حدیث غریب ہے۔

حدیث نمبر ۲

ترجمہ حدیث نمبر ۲

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَخِیَارُكُمْ خِیَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَرَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ اِلٰى قَوْلِهٖ خُلُقًا۔

حدیث ۳

عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ لَا یُقْبَلُ لَهُمْ صَلٰوةٌ وَلَا تَصْعَدُ لَهُمْ حَسَنَةٌ اَلْعَبْدُ الْاٰبِقُ حَتّٰى یَرْجِعَ اِلٰى مَوَالِیْهِ فَیَضَعَ یَدَهٗ فِیْ اَیْدِیْهِمْ وَالْمَرْاَةُ السَّاخِطُ عَلَیْهَا زَوْجُهَا وَالسَّكْرَانُ حَتّٰى یَصْحُوَ رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ۔

حدیث ۴

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قِیْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ النِّسَاءِ خَیْرٌ قَالَ الَّتِیْ تَسُرُّهٗ

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مومنوں سے کامل تر مومن اچھے اخلاق والا ہے اور تم میں بہترین وہ ہے جو اپنی بیویوں سے بہتر ہے اور فرمایا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابوداؤد۔ خلقاً تک۔

ترجمہ حدیث ۳

روایت ہے حضرت جابر سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تین شخص ہیں جن کی نماز قبول نہ ہوگی۔ نہ کوئی نیکی انکی اوپر چڑھے۔ بھگوڑا غلام یہاں تک کہ اپنے مولاؤں کی طرف لوٹ آئے اور اپنا ہاتھ اُن کے ہاتھ میں دیدے اور وہ عورت جس پر اُس کا خاوند ناراض ہو اور نشے والا یہاں تک کہ ہوش میں آجائے۔ بیہقی۔ شعب الایمان۔

ترجمہ حدیث ۴

روایت حضرت ابوہریرہ سے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کونسی عورت اچھی ہے فرمایا کہ

Marfat.com

إِذَا نَظَرَ وَتُطِيعُهُ إِذَا أَمَرَ وَلَا تُخَالِفُهُ فِي نَفْسِهَا وَلَا مَالِهَا بِمَا يَكْرَهُ. رَوَاهُ النَّسَائِي وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ۔

اُسے خاوند جب دیکھے تو اچھی لگے اور جب اُسے حکم دیوے تو اطاعت کرے اور اسکی مخالفت نہ کرے نہ اپنی جان میں نہ اپنے مال میں جو خاوند کو ناپسند ہو۔ نسائی بیہقی۔ شعب الایمان۔

حدیث ۵۔

عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَرْبَعٌ مَنْ أُعْطِيَهُنَّ فَقَدْ أُعْطِيَ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ قَلْبٌ شَاكِرٌ وَلِسَانٌ ذَاكِرٌ وَبَدَنٌ عَلَى الْبَلَاءِ صَابِرٌ وَزَوْجَةٌ لَا تَبْغِيهِ خَوْنًا فِي نَفْسِهَا وَلَا مَالِهِ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ۔

ترجمہ حدیث ۵

روایت ہے حضرت ابن عباس سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار چیزیں وہ ہیں جسے وہ دی گئیں اُسے دین دنیا کی بھلائی دے دی گئی۔ شکر اوّل ذکر والی زبان اور جسم مصیبتوں پر صبر والا اور ایسی بیوی جو اپنے نفس اور اس کے مال میں بغاوت نہ کرے بیہقی۔ شعب الایمان۔

حدیث ۶

عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُسْأَلُ الرَّجُلُ فِيمَا ضَرَبَ امْرَأَتَهُ عَلَيْهِ - رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ۔

ترجمہ حدیث ۶

روایت ہے حضرت عمر سے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے راوی فرماتے ہیں کہ مرد سے اس کے متعلق پوچھ نہ ہوگی جو وہ اپنی بیوی کو مارے

ابوداؤد۔ ابن ماجہ (مشکوٰۃ)

وعظ

تقریر دلپذیر

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِی الْقُرْآنِ الْکَرِیْمِ ذَالْکَلَامِ الْمَجِیْدِ۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ

اے ایمان والو حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور ان کا جو تم میں حکومت والے ہیں

اللہ تعالے کی کرم نوازیاں دیکھئے۔ اس نے جلسہ گاہ پر بادلوں کا سائبان لگا دیا ہے۔ پنکھوں کے بغیر ہوا چل رہی ہے۔ اللہ تعالے نے کس طرح موسم تبدیل فرما دیا ہے

وَظَلَّلْنَا عَلَیْکُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَیْکُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰی۔

(ترجمہ) ہم نے بادلوں کو سائبان بنا دیا اور تم پر من و سلوٰی اتارا ہے

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں بنی اسرائیل کو حکم دیا کہ قوم عمالقہ سے جہاد کرو۔ اور وہیں ملک شام میں آباد ہو جاؤ۔ یہ لوگ چار و ناچار بادل ناخواستہ نکلے تو ایسے جنگل میں پہنچے جہاں نہ سایا تھا نہ کوئی کھانے پینے کی چیز۔ موسے علیہ السلام نے دعا فرمائی تو اللہ تعالے نے سفید ابر سایہ کے لئے اور من و سلویٰ کھانے کے لئے بھیجا۔ چالیس سال تک بنی اسرائیل اسی جنگل میں مقید رہے۔ دوران قیام نہ انکے کپڑے میلے ہوئے نہ پھٹے۔ اور نہ ہی بال اور ناخن بڑھے۔ اب غور کیجئے ورنہ تم پر بھی اللہ تعالے نے ایک سائبان لگا

دیا ہے۔ پنکھوں کے بغیر ہوا چل رہی ہے۔ ورنہ کون گرمی اور سخت دھوپ میں بیٹھ سکتا ہے۔

آپ لوگ نیکی کے لئے گھر سے آئے اللہ تعالےٰ نے کرم نوازی فرمائی۔ جو شخص مویشیوں کو چارہ ڈالتا ہے۔ تو یہ بے زبان جانور بھی اُس کا لحاظ رکھتے ہیں ؎

گھوڑے بیل حکم تیرے دی کردے تابعداری
گھوڑے ہل واہندے ڈلے نگے چلسے دیندے کم سواری
توں بھی حکم ملک دا رستہ کچھ وچہ یار انسانان
جیونکہ تیری تابعداری سبھی فرق جیوانان

اے انسان تجھے دھوپ سے بچانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے سایہ دار درخت لگادیئے اور دوزخ سے محفوظ رکھنے کے لئے نبی بھیج دیئے۔

دوزخ سے بچنے کے لئے نبی اکرم صَلَّی اللّٰہِ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے دامن میں پناہ لینی چاہیئے۔ نبی کا درجہ اتنا بلند ہوتا ہے۔ کہ سارے جہان کے لوگوں کے درجے ایک طرف ہوں پھر بھی نبی بہت ہی بلند اور ارفع درجے والا ہوتا ہے ؎

وہی نور حق وہی ظل رب
ہے انہیں کا سب ہے انہیں سے سب

نبیوں کا علم تمام جہان سے زیادہ ہوتا ہے قرآنِ پاک میں آتا ہے حضرت عیسےٰ

یہ تقریر ۶۶/۷/۱ ۱۹ کو صبح کے وقت حضرت شیخ فضل نور قادری نوری رحمۃ اللہ علیہ کے عرس مبارک پر بمقام ڈھیلکے تحصیل حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ میں حضرت سید محمد معصوم شاہ صاحب نے فرمائی اور سید نواب شاہ صاحب نے قلمبند کی۔

علیہ السلام فرماتے ہیں۔ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ فِیْ بُيُوْتِكُمْ

(ترجمہ: (میں تم کو اس کی خبر دیتا ہوں کہ جو تم کھاتے ہو۔ اور جو کچھ تم اپنے گھروں میں ذخیرہ کرتے ہو)

معلوم ہوا کہ نبی پیٹ میں کھایا ہوا کھانا اور گھر میں رکھی ہوئی چیزیں بتا سکتے ہیں سہ

حضرت عیسٰی کھادی رکھی چیز جو جانن ساری

کویں نہ جانن دتی جنہوں رب تیہاں ہی شرداری

جو لوگ اللہ اور اللہ کے حبیب کا حکم مانتے ہیں۔ وہ درگاہِ ربانی میں مقبول ہو جاتے ہیں حضرت نوح علیہ السلام نے ساڑھے نو سو سال وعظ فرمایا۔ صرف چند لوگ مسلمان ہوئے اور باقی ایمان نہ لائے۔ تو حضرت نوح علیہ السلام نے دعا فرمائی وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ دَیَّارًا ﴿ط﴾ (ترجمہ) (اور نوح علیہ السلام نے عرض کی اے میرے رب کافروں میں سے ایک بھی زمین پر بسنے والا نہ چھوڑ۔

یہ دعا قبول ہوگئی۔ رب نے حکم دیا کشتی بناؤ اور ہر ایک چیز کا جوڑا اس میں بٹھالو۔ کتے اور خنزیر بھی بیٹھ سکتے ہیں۔ لیکن جنہوں نے تجھے نہیں مانا یا تیرے ساتھی نہیں بنے ان کو مت بٹھانا۔ جو لوگ کشتی پر بٹھا لئے گئے وہ تو بچ گئے باقی نافرمان سب غرق ہوئے۔ دیکھ لیا نیکوں کے ساتھ ہو جانا کتنی اعلیٰ درجے کی بات ہے اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں فرمایا ہے۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ۔ (ترجمہ) محمد اللہ کے رسول ہیں اور اُن کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں مہربان ہیں)

محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی آپس میں شفیق تھے اور کافروں پر سخت لیکن اے مسلمان بھائی تو کھیتوں کو پانی لگانے اور اس سے بھی معمولی باتوں پر اپنے بھائیوں سے لڑائیاں اور مقدمے بازیاں کرتا ہے۔ اور ایک دوسرے کی ضمانتیں کراتا رہتا ہے۔ یعنی تیری کمائی بُرے کاموں میں خرچ ہوتی رہتی ہے۔ حاجی مقبول احمد کو دیکھ لو۔ نیکی

Marfat.com

کے راستے پر خرچ کرتا ہے۔ اس کے پیسے کبھی لڑائی جھگڑوں اور مقدمے بازی پر خرچ نہیں ہوتے۔ حرام کمائی کے پیسے کبھی رب کے راستے پر خرچ نہیں ہوتے ؎

میرے کول جو ہے سبحان سب کجھ ہے تیرا
تیرا تینوں دیندیاں کی گھٹ جاندا میرا

اللہ تعالیٰ نے آنکھیں عطا کیں کہ قرآن مجید پڑھو۔ حضور کے پاس جب کوئی صحابی نیا پھل لیکر آتا تو آپ اُس کو آنکھوں سے لگاتے اور فرماتے اس کو میرے اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے۔ اے انسان پھولوں کو دیکھ اور پھر پھول سے اتنا بڑا تربوز بنا ہوا دیکھ۔ لیکن یاد رکھ جب تک تربوز کا تعلق بیل سے رہے گا۔ تربوز بڑھتا پھولتا رہے گا۔ حتیٰ کہ خوب پختہ ہو جائیگا۔ یعنی اپنی اصل کے ساتھ تعلق ہونا بہت ضروری ہے۔ دیکھو غور کرو۔ تربوز میں مٹھاس کہاں سے آگئی۔ کانا (سرکنڈا) اور گنا ایک جگہ کاشت کر کے دیکھو۔ وہی زمین وہی پانی۔ لیکن کانا (سرکنڈا) مٹھاس سے محروم اور گنا کھانڈ سے بھر پور۔ عجب قدرت خداوندی ہے۔ لیکن اپنے اپنے مقام پر دونوں کارآمد ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے کوئی چیز بیکار اور فضول نہیں بنائی۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے۔

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ؕ

ترجمہ (اے رب ہمارے تو نے یہ کائنات بیکار نہیں بنائی۔ تیری ذات پاک ہے۔ ہمیں عذاب دوزخ سے بچالے)

اے مسلمان فلموں میں جا کر تو خراب گانے سنتا ہے اور فحش تصویریں دیکھتا ہے۔ اگر تو غور سے بھینس اور گائے کو دیکھے کہ بھینس چارہ تو سبز کھاتی ہے اور دودھ کتنا سفید دیتی ہے۔ کیسی اچھی فلم ہے۔ جس کو قدرت چلا رہی ہے۔ اے مسلمان قدرتی نظارے دیکھ اور نقلی فلم کو چھوڑ۔ رنگ برنگے کھلے ہوئے پھول دیکھ۔ اس کا رنگ دھونے سے نہیں بدلتا۔ درختوں کے سبز پتے دیکھ۔ قدرت نے ان کو کیسا سبز لباس پہنایا ہے۔

جانور بھی سمجھ رکھتے ہیں کہ جب دھوپ ہو درخت کے نیچے سائے میں بیٹھ جاتے ہیں حضرت محبوب سبحانی سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ اللہ والوں کے سایہ سے شیطان بھاگتا ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا اے عمر تیرے سایہ سے شیطان بھاگتا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا۔ ترجمہ (اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے دین اسلام کو پسند فرمایا۔ خربوزہ۔ تربوز تمام قسم کے پھل کھانے پینے والی تمام چیزیں۔ اے انسان یہ چیزیں تو نے نہیں بنائیں۔ بلکہ تیرے رب نے تیرے فائدے کے لئے بنائی ہیں۔ اور تیرے لئے پسند کی ہیں۔ اور تو بھی اپنا فائدہ دیکھ کر ان کو پسند کرتا ہے۔ لیکن جس دین کو اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے پسند کیا۔ تو پھر اس کیوں بعض حکموں کو پسند کرتا ہے اور بعض کو ناپسند۔ جس طرح بعض چیزیں حکیم مریضوں کو کھانے کی اجازت نہیں دیتا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کے پاس ہر چیز موجود ہے۔ وہ تمام داناؤں سے بڑھ کر دانا ہے۔ بعض اوقات بندہ اللہ تعالیٰ سے بار بار مانگتا ہے پھر بھی وہ چیز اسے نہیں دیتا۔ حاصل کلام یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کے احکام کو خوشی سے قبول کرے۔ جیسے کہ حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے۔ مثلاً دودھ میں دہی۔ ملائی۔ مکھن۔ لسی موجود ہے۔ لیکن ایک خاص طریقے سے ہی حاصل ہوگی۔ سائیکل کے پہیہ میں ڈینمو لگا ہوتا ہے۔ رگڑ لگنے سے آگے روشنی ہونے لگتی ہے۔ رب کی یاد دل سے ہوتی ہے۔ لیکن روشنی آنکھوں میں بھی شروع ہو جاتی ہے۔

مکھن دودھ سے اس وقت جا کر حاصل ہوتا ہے۔ جب عورتیں سحری کے وقت اٹھ کر زور زور سے ضربیں لگاتی ہیں۔ اسی طرح ذکر کرنے والے بھی جب دل پر اللہ کے ذکر کی ضربیں لگاتے ہیں۔ تو اس ذکر سے دل زندہ ہو جاتے ہیں۔ اور ذکر نہ کرنے والے دل مردہ ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ذکر اپنے پیشواؤں سے سیکھا جاتا ہے اور مریدین اپنے

Marfat.com

رہبروں کے طریقہ کے مطابق ہمیشہ ذکر کرتے رہتے ہیں۔

اے مسلمان تو دنیا کے کام تو ہر روز کرتا رہتا ہے۔ لیکن خدا کی نماز کبھی کبھی پڑھتا ہے۔ حضرت بابا فضل نور رحمۃ اللہ علیہ جن کا مزار مقدس چک سادہ شریف ضلع گجرات میں ہے۔ جب انکا وقت وصال قریب آیا تو بے ہوشی میں ہی بارہ رکعات نماز تہجد ادا کیں بعد میں تسبیح طلب کی اور درود شریف پڑھ کر جیب میں ڈال لی۔ اور اسی حالت میں اپنے مولا سے جا ملے۔ وہ فرماتے تھے۔ کہیں اپنے پیشوا کے بتائے ہوئے وظائف و اذکار ہر روز پڑھتا ہوں۔ صرف ایک دفعہ بوجہ شدت بیماری کے قضا ہوئے سے

آنکھ والا تیرے جوبن کا تماشہ دیکھے

دیدۂ کور کو کیا نظر آئے کیا دیکھے

اے انسان دیکھ بھینس کس نے بنائی ہے۔ اگر کسی کاریگر کو کہیں کہ ایک بھینس بنا دو۔ تو وہ نہیں بنا سکتا۔ بھینسیں تمام دن جنگل میں چرتی پھرتی ہیں۔ اپنے دانتوں سے گھاس کاٹ کاٹ کر اپنا پیٹ بھرتی رہتی ہیں۔ واپسی پر صرف دودھ لیکر آتی ہیں۔ ان کے تھنوں کو دیکھو ان کا منہ نیچے کی طرف ہے۔ لیکن دودھ نہیں بہتا جب تو برتن نیچے رکھتا ہے اور دودھ نکالتا ہے تو دودھ نکلنا شروع ہو جاتا ہے۔ معلوم ہوا۔ اللہ تعالے نے یہ دودھ تیرے واسطے بنایا ہے۔ هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا۔ (ترجمہ) وہی ہے جس نے تمہارے لئے بنایا جو کچھ زمین میں ہے۔ سب

جب سورج کی دھوپ نماز عصر کے بعد زرد ہو جاتی ہے۔ تو ہانکنے کے بغیر چوپائے گھروں کو چلے آتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں رات کا اندھیرا قریب آ گیا ہے سوائے اپنے مالک کے گھر کے ہمارا بچاؤ مشکل ہے۔ اگر تو بھی قبر کا اندھیرا یاد رکھے تو اپنے مالک کے گھر یعنی مسجد کی طرف بھاگے۔ اور نیک کام کرے سے

چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات ہے

جیڑیاں گھڑیاں نال ہواتے دیندیاں عجب نظارے
پیلیاں ہو کے ریزہ ریزہ ہوسن اک دہاڑے

عرس صرف دعوتیں کھانے کے واسطے نہیں ہوتے۔ بلکہ اپنی برائیوں کو چھوڑنے اور اپنے آپ کو سنبھالنے کے واسطے ہوتے ہیں۔ اہل سنت وجماعت کا طریق سب سے اچھا ہے۔ قدیم سے چلا آتا ہے۔ باقی تمام فرقے نئے نئے ایجاد ہوئے ہیں۔

ایک امام مسجد کی شادی ہوئی وہ باجوں کی بجائے نعت خواں ساتھ لے گیا۔ اس کی ساس بولی۔ جو کچھ تو نے کرنا تھا کر لیا۔ ہماری بے عزتی ہو گئی۔ مطلب یہ کہ باجے نہیں لایا۔ اگر باجے لانے میں قباحت تھی تو کم از کم ڈھولی تو لاتا۔

دنیاوی بڑائی کے لئے لوگ بیاہ شادیوں پر بہت غیر اسلامی رسمیں ادا کرتے ہیں لیکن قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَادًا (ترجمہ) زمین میں بڑائی اور فساد نہیں چاہتے۔

سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مَنْ تَمَسَّكَ بِسُنَّتِي عِنْدَ فَسَادِ أُمَّتِي فَلَهُ أَجْرُ مِائَةِ شَهِيدٍ۔ (ترجمہ) جب میری سنت کو لوگ چھوڑ دیں گے۔ اس وقت میری سنت پر چلنے والے کو سو شہیدوں کا ثواب ہوگا۔ یعنی رسموں کو چھوڑ کر شریعت پر عمل کرنے سے سو شہیدوں کا ثواب ملے گا۔

کوئی عورت اگر اذان دیدے تو لوگ مسئلہ پوچھتے پھریں گے۔ کہ یہ جائز ہے یا ناجائز لیکن اگر عورت ڈھولکی گھونگرو کے ساتھ تمام رات گاتی بجاتی ہے۔ تو کوئی مسئلہ نہیں پوچھتا۔ اور نہ ہی کوئی غیرت کرتا ہے۔ بلکہ خوش ہوتے ہیں۔ کہ ہماری لڑکی خوب گاتی ہے۔ مسلمان ذرا سوچ تو سہی کہ تیرے کام کیسے ہیں۔ کیا پہلے مسلمانوں کے کام ایسے ہوتے تھے۔ کشف المحجوب میں حضرت سید علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ جب مصر فتح ہوا تو ایک روز اہل مصر نے حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ سے عرض کیا۔ اے امیر ہمارے

دریائے نیل خشک ہو گیا ہے۔ ہم ہر سال ایک جوان لڑکی کو اچھے کپڑے اور زیورات سے آراستہ کر کے دریا میں ڈالتے ہیں۔ پھر پانی کو جوش آتا ہے۔ تو کھیتی اور باغات کو لوگ سیراب کرتے ہیں۔ اب دریا خشک ہو گیا ہے۔ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ اسلام ایسی پرانی جاہلیت کی رسموں کی ہرگز اجازت نہیں دیتا۔ اسلام واہیات رسموں کو مٹاتا ہے۔ دریا کی روانی بہت کم ہو گئی۔ تو لوگوں نے وہاں سے چلے جانے کا قصد کیا تو حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ نے حضرت امیر المومنین کو تمام واقعہ لکھ بھیجا۔ تو حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دریائے نیل کی طرف ایک خط لکھا کہ اے دریا اگر تو خود جاری ہے۔ تو نہ جاری ہو۔ اگر اللہ تعالیٰ کے حکم سے چلتا ہے۔ تو جاری ہو جا۔ جب مسلمان یہ خط لیکر دریا کی طرف گئے تو کافر بھی دیکھنے گئے۔ کہ مسلمان دریا سے کیسے پانی حاصل کرتے ہیں۔ تو مسلمانوں نے کہا کہ اے دریا ہم مسلمان ہو گئے ہیں اور حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ آلہ وسلم کا دامن پکڑ لیا ہے۔ اب ہم سے جہلیت کی رسموں کی امید مت رکھ یہ کہکر دریا میں خط ڈال دیا تو دریا کے پلٹا کو وہ جوش آیا کہ ایک شب میں سولہ گز پانی بڑھ گیا۔ اور پھر کبھی پانی کم نہیں ہوا۔ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے مقبول بندے اگر دریا کو حکم دیں تو دریا بھی جاری ہو جاتا ہے ۔

کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

مسلمانوں حضور کی تابعداری اصلی اہل سنت وجماعت ہی کرتے ہیں۔ عورتوں سے حضور علیہ السلام نے وعدہ لیا کہ بین نہ کرنا۔ بین کرنے والی کتے کی شکل ہو کر دوزخ میں ڈالی جائے گی۔ کیا بین کرنے سے مرنے والا واپس آجاتا ہے۔ پھر بین کرنے کا کیا فائدہ۔ اس سے اچھا تھا کہ ایک لاکھ دفعہ کلمہ شریف پڑھ کر بخشا جاتا۔ اس لئے اچھے لوگ فاتحہ خوانی پر دانے رکھ دیتے ہیں۔ جن پر لوگ کلمہ شریف پڑھتے ہیں۔ پہلے لوگ

والوں پر کلمہ شریف پڑھتے تھے۔ اب لوگوں نے حقہ رکھ لیا ہے اور کلمہ شریف پڑھنا چھوڑ دیا ہے۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ حقہ اٹھا یا جاتا۔ لیکن لوگوں نے کلمہ شریف چھوڑ دیا۔ مگر حقہ نہ چھوڑا۔ لاہور میں میرے ایک دوست کی عورت فوت ہو گئی میں اُنکے گھر گیا۔ تو دیکھا کہ گھر والوں نے کھجوروں کی گٹھلیوں کا ایک تین ڈھیر کر رکھا ہوا ہے۔ میں نے پوچھا یہ کس لیے۔ کہنے لگے کہ اس پر عورتیں مل کر بیٹھ جاتی ہیں۔ اور کلمہ شریف پڑھتی ہیں اور میت کو ایصال ثواب کرتی ہیں۔ اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰہِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ۔ ترجمہ: اگر جنت میں جانا چاہتے ہو تو اللہ کا گھر یعنی مسجد بناؤ۔

ایک نیک بی بی کا حال سنئے۔ اُس کو رب نے لڑکا دیا۔ تو اُس کی والدہ نے طریقہ سکھلایا جب لڑکا کھانا مانگتا تو اسکی والدہ کہتی کہ سجدہ میں سر رکھ کر اپنے رب کو کہو کہ یا اللہ روٹی دے۔ سالن دے۔ پانی دے۔ اتنی دیر میں وہ بی بی سب کچھ اُس کے پاس رکھ دیتی۔ پھر وہ لڑکا سجدہ سے سر اٹھا کر کھانا کھاتا۔ لڑکے کو یہ عادت ہو گئی۔ ایک دن اُس کی والدہ گھر میں موجود نہ تھی۔ لڑکے کو بھوک لگی۔ تو وضو کر کے اس نے مصلے بچھایا اور سر سجدہ میں رکھا۔ اور اللہ تعالےٰ سے حسب دستور کہنا شروع کیا یا اللہ روٹی دے۔ سالن دے۔ پانی دے۔ کھانا فرشتوں نے لا کر رکھ دیا۔ جب وہ عورت آئی اور لڑکے سے پوچھنے لگی۔ یہ کھانا کہاں سے آیا۔ لڑکے نے جواب دیا۔ اللہ تعالےٰ نے بھیجا جو ہر روز دیتا ہے۔ اُس کی والدہ نے اُسے ذہن نشین کرا دیا تھا۔ کہ سب کچھ خدا ہی دیتا ہے۔

خربوزہ بھی ایک عجیب قسم کا پھل ہے۔ اگر کسی کو کہو کہ خربوزہ بنا دو تو کوئی بنا نہیں سکتا۔ یہاں ایک بات یاد رکھنے کے قابل ہے۔ کہ خربوزے بیل کے ساتھ تب لگتے اور بڑھتے ہیں۔ جب تک اُن کا تعلق بیل سے رہتا ہے۔

ایسے مسلمان تیرا حضور کے ساتھ تعلق ہونا چاہیئے۔ تاکہ

Marfat.com

اگر تیرا تعلق واقعی اُن کے ساتھ ہوگا۔ تو تجھے فیض پہنچتا رہے گا۔

ماں کو چاہئیے کہ اپنے بچے کو نماز اور نیک کام سکھائے۔ دیکھئے میرے نواسے عزیز محمد سعید شاہ نے آپ کے سامنے کیسا اعلیٰ وعظ کیا ہے۔ یہ اُس کی والدہ نے سکھایا ہے۔

وعظ یہ ہے۔

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ جا رہے تھے۔ راستہ میں ایک بڑھیا کا گھر آیا تو آپ نے پانی طلب کیا۔ اُس عورت نے کہا کہ اگر ہماری بکریاں دودھ دیتی ہوتیں تو آپ کو دودھ پلاتی۔ حضور نے فرمایا اگر تم اجازت دو تو بکریاں ابھی دودھ دے سکتی ہیں۔ آپ نے بکریوں پر ہاتھ پھیرا تو بکریوں نے دودھ دے دیا۔ تمام برتن دودھ سے بھر گئے اس کا خاوند اور باقی تمام گھر والے یہ دیکھ کر مسلمان ہوگئے۔

حضور علیہ السلام کے بے شمار معجزے ہیں تھے۔ ایک مرتبہ جمعہ کا دن تھا بارش نہیں ہوتی تھی۔ ایک شخص نے عرض کی حضور دعا کے واسطے ہاتھ اٹھائیے اسی وقت بارش شروع ہوگئی۔ سات دن بارش ہوتی رہی۔

اگلے جمعہ کو اُس شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ دعا فرمائیں کہ بارش بند ہو جائے حضور نے ہاتھ اٹھائے دعا کی تو بارش بند ہوگئی۔ (محمد سعید شاہ کی تقریر ختم ہوئی)

اے مسلمانو! اگر نبیوں کے سردار کو اختیار نہیں تو پھر اور کس کو ہے۔ ہمارا عقیدہ یہ ہے۔ کہ حضور صاحب اختیار ہیں مسلم شریف میں ہے۔ یہ حدیث ہے۔ کہ ایک آدمی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا۔ اس شرط پر مسلمان ہوتا کہ وہ صرف دو نمازیں پڑھے گا۔ حضور نے اُس کی شرط قبول کر لی اور اسے مسلمان کر دیا۔ صاف ظاہر ہے۔ قرآن و حدیث میں تو پانچ نمازوں کا حکم ہے۔ حضور نے اُس کی دو

Marfat.com

نمازیں ہی قبول فرلیں۔ اور تین نمازیں معاف کردیں۔ بتاییے۔ حضور کو اختیار تھا۔ تو تین نمازیں معاف کردیں۔

ابوجہل کا عقیدہ تھا کہ نبی کچھ دے نہیں سکتے۔ یہی وجہ تھی کہ اُس نے لیا بھی کچھ نہیں۔ ایک دن ابوجہل نے اپنی مٹھی بند کی ہوئی تھی۔ کہا کہ اگر آپ نبی ہیں تو بتایئے میری مٹھی میں کیا ہے۔ حضور نے فرمایا۔ تیری مٹھی میں کنکریاں ہیں۔ اگر یہ کنکریاں میری نبوت کی گواہی دیں تو کیا پھر تو مجھے نبی مان لیگا۔ ایمان لے آئے گا۔ کنکریوں کو رب نے زبان عطا کی۔ عبدہٗ و رسولہٗ انہوں نے کلمہ شہادت پڑھا اشہد ان لا الٰہ الا اللہ و اشہد ان محمد رسول اللہ۔ ابوجہل کہنے لگا۔ سچ مچ آپ بڑے جادوگر ہیں۔ کنکریوں پر بھی جادو کردیا ہے۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے۔ اِنَّ اللّٰہَ۔ قَدْ رَفَعَ لِیَ الدُّنْیَا فَاَنَا اَنْظُرُ اِلَیْھَا وَاِلٰی مَا ھُوَ کَائِنٌ فِیْھَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔ کَاَنَّمَا اَنْظُرُ اِلٰی کَفِّیْ ھٰذِا (ترجمہ) تحقیق اللہ تعالےٰ نے میرے لئے دنیا کو ظاہر فرمایا۔ میں نے اُس کی طرف دیکھا۔ اور جو کچھ دنیا میں قیامت تک ہونے والا ہے۔ اُسکو دیکھا جس طرح میں اپنے ہاتھ کی ہتھیلی کو دیکھتا ہوں۔

آپ لوگوں نے ستون حنانہ کا ذکر سنا ہے۔ جس کے ساتھ حضور کھڑے ہو کر وعظ فرماتے تھے۔ جب منبر تیار ہوا تو آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے تو کھجور کے ستون نے بچوں کی طرح رونا شروع کردیا۔ حضور نے اُسے فرمایا اگر تو چاہتا ہے تو تجھے پھر سرسبز کردیں اور پھر کھجوریں تیرے ساتھ لگادیں۔ اُس نے عرض کیا نہیں میں تو آپ سے جدا ہونا نہیں چاہتا۔

اے مسلمان تو معمولی باتوں کے واسطے حضور کا نافرمان ہو جاتا ہے۔ قدیمی اور سچا مذہب اہل سنت و جماعت ہے۔ سید علی ہجویری رحمۃ اللہ المشہور داتا صاحب

Marfat.com

رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب بھی اہل سنت جماعت ہی تھا۔

آپ کی کتاب کشف المحجوب میں لکھا ہے۔ کہ داتا صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنے پیشوا کو وضو کرا رہے تھے کہ خیال آیا کہ آزاد بندے پیروں کے غلام کیوں بنائے جاتے ہیں۔ میرے پیشوا میرے دل کے خیال سے واقف ہو کر فرمانے لگے۔ ہر کام کے واسطے ایک سبب ہوتا ہے جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو درجہ عطا کرنا چاہتا ہے تو توبہ کی توفیق دیتا ہے اور اپنے کسی دوست کی خدمت میں اُسے لگا دیتا ہے۔ وہ خدمت ہی اُس کے واسطے درجہ ملنے کا سبب بن جاتی ہے۔

سمن آباد (لاہور) میں ایک مائی صاحبہ نے مسجد میں پنکھا لگوا دیا۔ کوئی ایک دو سال کی بات ہے۔ اُسے حضور کی زیارت نصیب ہوئی آپ نے فرمایا "مدینہ شریف چلی آؤ" وہ کراچی چلی گئی۔ اور محکمہ حج کے افسروں سے کہنے لگی کہ میں نے مدینہ منورہ جانا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ کیا تو نے درخواست دی تھی۔ کیا قرعہ اندازی میں تیرا نام نکلا تھا۔ اُس نے کہا نہ میں نے درخواست دی نہ میرا نام قرعہ اندازی میں نکلا۔ مگر مجھے حضور نے بلایا ہے۔ اور مجھے ضرور مدینہ منورہ جانا ہے۔ افسروں نے ٹکٹ دے دیا۔ وہ حج سے مشرف ہوئی۔ ابھی زندہ ہے۔

سب سے پہلا سب سے پرانا مذہب اہل سنت و جماعت ہے۔ باقی سب فرقے نئے ہیں۔ مرزا غلام احمد کے باپ دادا سُنی تھے۔ جب مرزا نے نبوت کا دعویٰ کیا تو مرزائی مذہب شروع ہوا۔ محمد بن عبدالوہاب نجد میں ہوا ہے۔ اُس کے پیرو وہابی کہلائے جانے لگے۔ اور اُس سے وہابی مذہب شروع ہوا۔

کانیوں کے کھیت کہیں نہیں ہوتے گندم ہی سے کانیاں بن جاتی ہے۔ کھیت گندم کا ہی کہلاتا ہے۔ جب کانیوں کے قریب سے گذریئے تو کپڑے کالے ہو جاتے ہیں دوسرے مذاہب کانیوں کی طرح ہیں۔ جب انسان اُن کے نزدیک ہوتے ہیں۔ تو دل

بیاہ ہو جاتے ہیں۔

سُنی علماء کے پاس بیٹھنے والے سُنی رہیں گے۔ سب سے بڑا گروہ اہل سنت و جماعت کا ہے۔ تمام ولی اہل سنت و جماعت سے ہوئے ہیں۔ اور ہیں اور انشاء اللہ ہوتے رہیں گے۔ جیسے حضرت گنج بخش لاہوری رحمۃ اللہ علیہ۔ جناب سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ۔ بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت میاں صاحب شرقپوری سید جلال شاہ صاحب گیلانی اور شیخ فضل نور صاحب قادری گیلانی سب اہل سنت و جماعت کے گروہ سے ہوئے ہیں۔

جب انسان اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی نعمتیں کھاتا ہے تو اُسے اُس کی یاد بھی کرنی چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ نماز پڑھنے اور نیکی کا کام کرنے کا حکم دیتا ہے۔ انسان کو چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کے حکموں پر چلے اور جس کام سے منع کیا گیا ہے اُس سے باز رہے۔

مارنے والے جانور چارہ ڈالنے والے کو نہیں مارتے۔ کاٹنے والے کتے روٹی ڈالنے والے کو نہیں کاٹتے۔ وہ بھی اپنے مالک کا لحاظ کرتے ہیں۔ حالانکہ کتے اپنے مالک کے چھوٹے چھوٹے بچوں کا بھی لحاظ کرتے ہیں۔ اکثر دیکھنے میں آتا ہے کہ بچے اپنے بڑے بڑے خوفناک کتوں کو چھوٹی چھوٹی چھڑیوں سے مارتے ہیں۔ تو کتے پھر بھی انہیں کچھ نہیں کہتے۔

اللہ تعالیٰ بارش برساتا ہے۔ ہوا چلاتا ہے۔ سورج کے ذریعے روشنی عطا فرماتا ہے۔ مگر محکمہ بجلی کی طرح کبھی بل بنا کر نہیں بھیجتا۔ بتا اے مسلمان! ان احسانات کا شکریہ تو کیا ادا کرتا ہے۔ اگر پنج وقتہ نماز ہی پڑھ لے تو ممکن ہے تیرا مالک تجھے اور بھی نعمتیں عطا کرے جن کا تو گمان بھی نہیں کر سکتا۔

آج تو وعظ سننے کے واسطے آیا ہے۔ آسمان کی طرف اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے

Marfat.com

ابر کا سائبان بنا دیا ہے۔

لاہور میں شہنشاہ جہانگیر۔ دارا شکوہ۔ اور قطب الدین ایبک کے مقبرے ہیں۔ آصف جاہ اور سکندر حیات دو وزیر بھی یہاں ہی دفن کئے ہوئے پڑے ہیں ممکن ہے ان کے علاوہ کئی اور وزیر اور بادشاہ بھی ہوں۔ مگر لاہور کو جہانگیر کی نگری نہیں کہتے۔ داتا کی نگری کہتے ہیں۔ وہ مائیں صاحب نصیب ہیں جن کی گود داتا صاحب رحمۃ اللہ جیسے بزرگوں کا گہوارہ بنی رہی۔ داتا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار اقدس پہ جا کر تو دیکھو۔ سینکڑوں تلاوت کلام پاک کر رہے ہیں۔ باہر مساکین کے لئے دیگیں چڑھی ہوئی ہیں۔ کتنی خیرات ہوتی ہے۔ ایک ظاہری ترقی ہے چھوٹے افسر سے بڑے افسر بن گئے۔ اور ایک باطنی ترقی ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے دوستوں کو عطا فرماتا ہے۔ اللہ کے دوست کیا کرتے ہیں۔ مدرسے اور مسجدیں بنواتے ہیں۔ عرس اور جلسے کرواتے ہیں۔ تاکہ لوگ وعظ سن کر نیک اور نمازی بن جائیں ـــــــ اور شیطانی فرقوں سے بچے رہیں۔ ـــ

خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے
خصوصاً نئے مذہبوں کی وباء سے

زمین ساری خدا کی ہے۔ مگر کھیتی اگانے کے لحاظ سے ایک جیسی نہیں۔ کہیں زرخیز اور کہیں بنجر۔ اعلیٰ زمین میں فصل اچھی ہوتی ہے۔ ناقص زمین میں ویسی کھیتی نہیں ہوتی جیسی اچھی زمین میں۔ شور زدہ زمین تو پانی کو جذب نہیں کر سکتی۔ اس لئے اس میں نہایت ناقص فصل ہوتی ہے۔

اچھا عقیدہ اچھی زمین کی طرح ہے۔ اگر زمین اچھی ہو تو فصل بھی اچھی ہوتی ہے۔ ایسے ہی اگر تیرا عقیدہ اچھا ہوگا تو اس کا اثر تیرے چہرے پہ نظر آئے گا۔ بدعقیدہ لوگوں کے چہرے پہ بے رونقی اور خیالات پریشان ہوتے ہیں۔ نہ انہیں دلی سکون ہوتا ہے

Marfat.com

نہ اطمینان - محبوب رب العالمین کی پیروی کا شوق ہو تو اُن کی طرح چہرے پہ ڈاڑھی نظر آئے - سویرے اٹھکر سر پر خلاف سنت رسول کام کرنا اسلام ۔۔۔۔۔۔۔ سے مذاق نہیں تو اور کیا ہے -

رسول اللہ نوں ڈاڑھی خوب سجدی

رسول اللہ دی ڈاڑھی سینہ کجدی

عورتیں کتنے لمبے لمبے بال سر پہ اُٹھائے پھرتی ہیں - اور گھبراتی نہیں اور تو مرد ہو کر تھوڑے سے بال ڈاڑھی کے نہیں اُٹھا سکتا - جیسے عورت کے لئے سر کے بال زینت ہیں - ویسے ہی تیرے لئے ڈاڑھی زینت ہے - جس طرح عورت سر کے بال نہیں منڈواتی ویسے ہی تجھے بھی ڈاڑھی نہیں منڈوانی چاہئے -

اکثر دیکھنے میں آیا ہے - کہ زمیندار لوگ گڑ بنانے کے برتن باہر بیلنے کے پاس ہی پڑے رہنے دیتے ہیں - رات کو کتے ان برتنوں کی صفائی اپنی زبان سے کرتے رہتے ہیں - گھروں میں دیکھو عورتیں دودھ دوہنے - گرم کرنے اور دودھ رکھنے کے برتن کس طرح صاف رکھتی ہیں - برتن صاف کرنے کے بعد چھ سات شاخوں والی لکڑی پہ لٹکا دیتی ہیں - اسی طرح مرد بھی گڑ کے برتنوں کو صاف ستھرا رکھ سکتے ہیں -

اگر زمیندار لوگ بیلنا چلانے سے پہلے دھو لیا کریں تو رس پاکیزہ نکلے - گڑ پاکیزہ بنے، اگر گڑ بنانے کا کام عورتوں کے سپرد ہوتا تو وہ ضرور برتنوں کی صفائی کا خیال رکھتیں - اور عیسائیوں کے نجس ہاتھ گڑ کو نہ لگنے دیتیں تو پاکستان کا مسلمان عیسائیوں سے گڑ بنانے کا کام نہ لیتا -

ہم نے ایک مرتبہ گنوں کی رس نکلوا کر برتنوں میں رکھی تھی - گڑ پکانے والا نماز جمعہ کے لئے مسجد میں آ گیا - اس کی غیر حاضری میں کتے نے رس پی لی - اور زمیندار نے وہی کتے کی چھوڑی ہوئی رس دوسری رس میں ڈال کر گڑ بنا لیا - اور دیہاں پہ دی

کہ آگ پر پکنے کی وجہ سے گڑ پاک ہو گیا۔ دیکھو کیا نرالا منطق ہے ان لوگوں کو ہم نے کہا کہ اس طرح جو چیز بھی کتا ناپاک کر جائے اُسے آگ پر رکھ کر پاک کر لیتے ہو۔ مثلاً گوشت رکھا ہو اُس میں سے کچھ کتا کھا جائے تو باقیماندہ چولہے پر پکانے سے پاک ہو جائیگا۔ گوندھے ہوئے آٹے میں سے کچھ آٹا کتا کھا جائے تو باقی آٹے کی روٹیاں توے پر یا تندور میں لگا کر کھاؤ گے۔ جس طرح یہ پلید کی پلید رہینگی اسی طرح کتے کی چھوڑی ہوئی رس۔ دوسری رس کو بھی ناپاک کر دیتی ہے۔

وَاتَّبِعْ سَبِیْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ (ترجمہ) (اس آدمی کے رستے کی پیروی کر جس کا رجوع میری طرف ہے)

مسلمان کو چاہیئے کہ وہ علماء سے ایسے مسائل دریافت کریں۔ اور ان کے فیصلہ کے مطابق عمل کریں۔ کیا کوئی مریض اپنا علاج خود کرتا ہے۔ کہ وکیل کے بغیر مقدمے کی پیروی کرتے ہو۔ یہی حال دینی مسائل کا ہے۔ گڑ کے متعلق ہم نے خود پوچھ رکھا ہے۔ کہ کتے کا چھوڑا ہوا رس اگر کڑاہ میں ڈالدیں تو سارا گڑ ناپاک ہو جاتا ہے۔

جس طرح جان کو بچانے کے لئے اچھے حکیم عزت کو بچانے کے لئے اچھے وکیل کی ضرورت ہے اسی طرح دین کو بچانے کے لئے اچھے عالم دین اور با عمل صوفی کی ضرورت ہے اس موقع پر مولوی اور صوفی کے مقامات بیان کرنے کا موقع نہیں ہے۔

دیہات میں تنور پر پانی کے برتن پڑے رہتے ہیں۔ روٹیاں پکانے والی وہیں چھوڑ جاتی ہے۔ آٹا ملا پانی کتوں کو بہت مرغوب ہوتا ہے۔ بتاؤ جب کتے ان برتنوں میں دھوتھیں اڑائیں اور انہی برتنوں کے پانی سے پکی ہوئی روٹیاں ہم تم کھائیں۔ بتاؤ وہ روٹیاں کیسے پاکیزہ ہو سکتی ہیں۔

چوری کرنے والے سن لیں۔ کہ اَلسَّارِقُ وَالسَّارِقَۃُ فَاقْطَعُوْا اَیْدِیَھُمَا جَزَآءً بِمَا کَسَبَا۔ ترجمہ (چور مرد اور چور عورت کے ہاتھ کاٹ دو۔ یہ بدلہ ہے جو انہوں نے کیا۔ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کشف المحجوب میں فرماتے ہیں۔ ایک صوفی

Marfat.com

رات کو تہجد کے لئے نہ اٹھ سکے۔ صبح بیوی سے پوچھا۔ رات کو جو کھانا کھلایا تھا وہ کیسا تھا
اس نے کہا ہماری ہمسائی دھوبن دے گئی تھی۔ معلوم ہوا دھوبن بادشاہ کے گھر سے لائی
تھی۔ وہی صوفی صاحب کے گھر میں دے دیا۔ اسی رات صوفی صاحب کی بیوی صاحبہ
حاملہ ہوئیں۔ حرام کھانے کا اثر یہ ہوا کہ لڑکا جوان ہو کر شرابی نکلا۔ لوگ کہنے لگے عجب بات
ہے۔ باپ کتنا نیک اور بیٹا کتنا بد ہے اگر آپ کو معلوم ہو کہ چوری کا مال کتنا گندہ اور
نجس ہوتا ہے تو نہ کبھی چوری کرو۔ اور نہ کسی کا مال اٹھاؤ۔ لوگوں کے مال اٹھانے اور چرانے
سے کوئی مالدار نہیں ہو سکتا جب تک اللہ تعالیٰ کسی کو مالدار نہ بنائے

ارشاد خداوندی ہے۔ وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ
وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ۔ (ترجمہ) اگر اللہ تعالیٰ سب لوگوں کا رزق کشادہ
کر دیتا تو وہ زمین میں فساد کرتے۔ اللہ جتنا چاہتا ہے اندازے کے مطابق عطا کرتا ہے۔

ایک دن ایک چور نے اپنے بیٹے سے کہا کہ اس گھر والوں کے گھروں پر سے میں کئی
مرتبہ کپڑے اٹھا لے گیا ہوں مگر یہ پھر لا کر رکھ لیتے ہیں۔ مگر ہمارے گھر میں تو مٹی کا پیالہ
بھی نہیں ہے۔ اگر اللہ چاہے گا تو آپ کا رزق بھی فراخ کر دیگا۔ اللہ جس کو سمجھ عطا فرماتا
ہے۔ وہ چوری چکاری چھوڑ دیتا ہے۔

بعض دیہات میں ایک دوسرے کی فصل چوری کاٹ لیتے ہیں۔ یعنی حلال چیز
کو حرام کر کے کھاتے ہیں۔

حدیث شریف میں آیا ہے۔ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ
وَيَدِهٖ (ترجمہ) مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمانوں کو رنج نہ پہنچے۔

سید علی ہجویری رحمہ اللہ علیہ کشف المحجوب میں لکھتے ہیں کہ ناخنوں سے پہاڑ
کا کھودنا آسان ہے۔ مگر عادت کا تبدیل کرنا مشکل ہے۔

اے زمیندار اگر تو غور سے دیکھے کہ بیج بونے کے لئے تھوڑے سے دانے سر پر اٹھا کر

Marfat.com

سے جاتا ہے۔ مگر فصل پک جانے کے بعد چھکڑوں اور گھوڑوں پر دانے لاد کر اپنا گھر بھر لیتا ہے۔ ایک دانے سے سات بالیں اور ہر ایک سٹے میں سو دانے سے بھی زیادہ دانے اللہ تعالیٰ پیدا کر دیتا ہے۔ باجرے کے سٹے کے دانے گن کر دیکھو تو وہ سو دانوں سے بھی زیادہ دانے ہو گئے۔ اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو اس سے بھی زیادہ دگنے پیدا کر دے۔ اور اگر نہ چاہے تو ہو سکتا ہے۔ کہ رات کو اتنی بارش ہو کہ بیج کے دانے بھی پانی کے ساتھ بہ جائیں۔ اور اگر پیدا بھی ہو جائیں لیکن اوپر سے بارش نہ ہو۔ تو کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔

جن لوگوں کا رزق حاصل کرنے کا طریقہ برا ہے پھر وہ رزق کھا کر کام بھی برے کرنے لگتے ہیں۔

عرس کرنے کا مقصد صرف کھانا کھلانا نہیں ہوتا بلکہ یہ سمجھانا اور بتانا ہوتا ہے کہ رب کے بندے بن جاؤ۔ اس دنیا میں ہمیشہ نہیں رہنا جس طرح فصلیں زمین سے پیدا ہوتی ہیں پھر زمین میں ہی چلی جاتی ہیں۔ ویسے ہی ہم مٹی سے پیدا ہوئے اور مٹی میں چلے جائیں گے۔ تو بڑے فخر اور شوق سے میلوں پر جاتا ہے۔ مرنا بھی یاد نہیں۔ اگر قبر کو غور سے دیکھیں اور یاد رکھیں تو خود بخود نیک ہو جائیں ؎

جس تھوہنی نال گھوتی دتی اُوسے نال دیس پانی
جیہڑے آئے آج میں محمدؐ اوناں اٹھاں مکانی

خیال کریں کہ قبر میں کتنے روشندان اور کتنی کھڑکیاں ہونگی ؎

تخت والوں کا پتہ دیتے ہیں تختے گور کے
پتہ چلتا ہے یہیں تک آگے نشاں کچھ بھی نہیں

سانس آتا جاتا ہے۔ جب سانس رک گیا۔ مال گیا۔ دولت گئی۔ زمین گئی۔ دکان گئی۔ مکان گیا ؎

Marfat.com

بھائیں کا بھروسہ نہ کرنا اے غافل
یہ جو چلتا ہے سمجھ چلنے کو تیار ہوا

پہلی منزل میں تجھ سے سب جدا ہوتے ہیں۔ کلمہ نماز ذکر قرآن ساتھ دیتا ہے
ایک مائی صاحبہ (فرمودہ شاہ صاحب) ہمارے خاندان سے تھیں۔ جنہوں نے پندرہ پارے
حفظ کیے ہوئے تھے اور ہزاروں لڑکیوں کو قرآن شریف پڑھایا تھا۔ جب آخری وقت
آیا تو لڑکی کو کہا کہ قرآن شریف لا اور ورق الٹتی جا۔ تاکہ آج بھی میں تلاوت کرکے قبر میں
جاؤں۔ لڑکی قرآن مجید کے ورق الٹتی رہی۔ انہوں نے لیٹے لیٹے قرآن مجید کی تلاوت
فرمائی۔ پھر جان دے دی ؎

کچھ رہے نہ رہے یہ دعا ہے اے امیر
نزع کے وقت سلامت میرا ایمان رہے

اکثر دیکھا گیا ہے۔ دودھ پوت والیاں سارا دن کام خوشی سے کرتی ہیں۔ گھر سے
اٹھاتی ہیں۔ روٹی پکا کر باہر لے جاتی ہیں۔ جہاں مالک زمین پہ کام کر رہا ہوتا ہے۔ مگر
دشواری محسوس نہیں کرتیں۔ اولاد کے واسطے کام کرتی ہیں۔ خاوند کے واسطے کام
کرتی ہیں۔ کوئی کام دشوار معلوم نہیں ہوتا۔ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ
فرماتے ہیں جب محبت زیادہ ہو جاتی ہے تو دشواری اٹھ جاتی ہے ؎

لگے یاری اٹھے دشواری۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پچاس نمازیں دشوار معلوم نہ ہوئیں کیونکہ
ان کو اللہ تعالیٰ سے محبت تھی۔ اس واسطے اللہ تعالیٰ کا حکم دشوار معلوم نہ ہوا۔
موسیٰ علیہ السلام کے کہنے پر نمازیں پچاس کی پانچ کرائیں۔ جو قبر والوں کے فیض
اور مدد کے منکر ہیں۔ انہیں چاہیئے کہ پچاس نمازیں ادا کیا کریں۔ داتا صاحب رحمۃ
اللہ علیہ فرماتے ہیں جب محبت بڑھ جاتی ہے تو دشوار کام آسان معلوم ہوتے ہیں ؎

خدا جانے حسینؓ کو کیسا شوق نماز تھا
جیسے نہ وقت شہادت وہ بحث نماز ہے

اے مسلمان تو قدرتی نظارے دیکھ۔ خواہ مخواہ گندی فلمیں دیکھ کر اپنا روپیہ اور ایمان برباد کرتا ہے۔ گندی فلمیں بنا کر اور سینما ہاؤس تیار کر کے قوم کا چال چلن خراب کیا جاتا ہے۔ قوم کی بہتری کے لئے کارخانے کھول جہاں وہ کام کریں۔ اپنا اور بچوں کا پیٹ پالیں۔ اُن کے لئے مسجدیں، درس گاہیں۔ شفاخانے تعمیر کرا۔ اپنا اور لوگوں کا گھر جنت میں بنا۔ اور آخرت میں جنت کا وارث بن اور بنا۔

قرآن شریف میں آتا ہے۔ وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَی التَّهْلُكَةِ وَاَحْسِنُوْا ط۔ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ۔ (ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرو۔ اور اپنے ہاتھوں سے ہلاک نہ ہو۔ اور احسان کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔ یعنی دینی کاموں میں جہاں پر اللہ اور اس کا رسول راضی ہوں۔ وہاں خرچ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ جہاں لوگوں کی بھلائی ہو۔ اور اس کے علاوہ جو بھی خرچ کیا جائیگا۔ اپنے ہاتھوں سے ہلاکت خریدی جائیگی

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ط۔ (ترجمہ) وہی ہے جس نے تمہارے لئے بنایا جو کچھ زمین میں ہے۔ درخت تیرے واسطے۔ ہوا تیرے واسطے۔ روشنی تیرے واسطے۔ گندم تیرے واسطے۔ پانی۔ دودھ۔ ملائی۔ مکھن تیرے واسطے۔ بکریوں سے کئی قسم کے میوے خدا تعالیٰ نے تیرے واسطے پیدا کئے۔ اور تجھے اپنی عبادت کے واسطے پیدا کیا جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ (ترجمہ) (اور پیدا کیا جن اور انسان کو عبادت کے لئے) مکئی کا بوٹا دیکھ اور اس کا سٹہ دیکھ۔ اس میں دانوں کی لائینیں لگی ہوئی دیکھ۔ جو گنتی کرنے میں کتنی دیر لگتی ہے۔ اللہ میاں تجھے کتنا نفع دیتا ہے۔ تو اس کے فرمان پر نہیں

چلتا ہے تو کہتا ہے کہ میں خود کماتا ہوں۔ اگر انگلیاں نہ ہوں۔ آنکھیں نہ ہوں۔ پھر تو کیسے کمائے۔ جو اعضاء رب نے دیئے ہیں تو ان سے کما کر کھاتا ہے۔ جس نے اعضاء دیئے ہیں اُسکا شکر ادا کرو۔ بندہ جب رب کی کرم نوازیاں دیکھتا ہے۔ تو رب کا مطیع ہو جاتا ہے گھوڑے چارہ ڈالنے والے کو دولتیاں نہیں مارتے۔ تو رب کا مقابلہ کرتا ہے۔ جس نے تجھے کان آنکھ اور ناک دیئے۔ تو اُس کا مقابلہ کرتا ہے۔ ایک مسئلہ حضرت داتا صاحب رحمتہ اللہ علیہ و برکاتہم کا یاد آگیا ہے۔ آپ کشف المحجوب میں فرماتے ہیں۔ ایک دن ایک باغ کا مالک اپنا باغ دیکھنے گیا۔ اُس کی نظر اپنے باغ کے مالی کی عورت پر پڑی۔ مالی کو کسی کام کے لئے باہر بھیج دیا۔ عورت کو کہا سب دروازے بند کر دو۔ عورت نے کہا سب دروازے بند کر دیئے ہیں۔ لیکن خالق کا دروازہ کھلا ہے وہ بند نہیں ہو سکتا۔ اُس نے کہا کہ میں نے مخلوق کے بنائے ہوئے دروازے تو بند کر دیئے ہوئے ہیں مگر خالق کا دروازہ مجھ سے بند نہیں ہو سکتا۔ یہ سن کر وہ شخص برائی سے باز آگیا۔

اللہ تعالٰے نے قرآن مجید میں فرمایا ہے۔ وَاللّٰہُ خَبِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (ترجمہ) اللہ تعالٰے خبر رکھتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ برائی ہو ہی نہیں سکتی۔ اگر بندہ سمجھے کہ مجھے ہر وقت ہر جگہ خالق دیکھ رہا ہے۔ روزوں کا مہینہ اسی امتحان کا مہینہ ہے اللہ تعالٰے امتحان لیتا ہے کون مجھے دیکھنے والا سمجھتے ہیں۔ جیسے حاجی مقبول احمد صاحب نے مسجد بنائی ہے۔ اللہ تعالٰے ہمیں بھی توفیق دے ہم بھی مسجدیں بنائیں

اللہ تعالٰے قرآن مجید میں فرماتا ہے۔ اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰہِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ۔ (ترجمہ) بے شک اللہ تعالٰے کی مسجدیں وہ تعمیر کرتے ہیں۔ جو اللہ پر ایمان لاتے ہیں۔ یعنی اللہ تعالٰے پر ایمان لانے کا نشان مسجدیں بنانا ہے۔ اگر

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنا شروع کردیں تو پھر تجھے رشوتیں نہ دینی پڑیں۔ اگر مسئلہ پوچھنا ہو تو کسی اچھے سُنّی عالم سے مسئلہ پوچھو۔ کسی وہابی ، رافضی ، چکڑالوی وغیرہ وغیرہ بدعقیدہ سے مسئلہ مت پوچھو۔

ایک صحابی نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری ماں مرگئی ہے مجھ سے بات نہیں کرسکی۔ کیا کام کروں کہ اُس کو فیض پہنچتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا۔ کنواں لگادو۔ چنانچہ کنواں لگادیا گیا۔ اور وہ کنواں بیر اُمّ سعد یعنی سعد کی ماں کا کہلانے لگا۔ سب لوگ اُس سے پانی پیتے تھے۔

کہتے ہیں کہ گیارھویں والے پیر کے نام سے یہ چاول یا بکرا چونکہ مشہور تھا۔ اس لئے یہ حرام ہوگیا۔ اس کا کھانا حرام ہے۔ اگر ان سے پوچھا جائے کہ رات کے چاول۔ جلسے کے چاول۔ میری گائے۔ زید کا بکرا۔ میری بیوی۔ تو پھر کیا نسبت کی وجہ سے یہ سب چیزیں حرام ہو جائیں گی۔

اے عزیز سُن اگر ذبح کرتے وقت بکرے وغیرہ پر اللہ تعالیٰ کے نام کی بجائے غوث پاکؒ کا نام لیا جائے تو وہ بکرا حرام ہو جائے گا۔ اگر ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لیا تو کیسے حرام ہوگا۔

یاد رکھو اچھا طریقہ اور مذہب اہل سُنّت والجماعت کا ہے جہاں شادی بیاہ ہوں مع بال بچے تو جانا رہتا ہے۔ تاکہ سب چاول کھالیں۔ ایک ماہ میں خواہ کتنے ہی بیاہ کیوں نہ آجائیں۔ رشتے داروں اور تعلق والوں کی تو غیر حاضری پسند نہیں کرتے اور ان تبلیغی سالانہ جلسوں میں اکثر غیر حاضر رہتا ہے۔ نوشاہی صاحب بھی اس ماہ کئی عرسوں پر گئے ہیں۔ الغرض عرس بھی تبلیغی جلسے ہوتے ہیں۔ جس میں اللہ تعالیٰ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان سنائے جاتے ہیں یہ عرس جو کیا چیز ہے۔ عرسوں میں نیک بنانے کے اسباب مہیا کئے جاتے ہیں۔ اور نیک بنانا اللہ تعالیٰ کا کام ہے۔

حضرت بایزید بسطامی رحمتہ اللہ علیہ نے دیکھا کہ لوگ ایک فاحشہ عورت کی وجہ سے ناپاک ہو رہے ہیں۔ آپ اُس عورت سے فرمایا جتنے روپے تو رات کے لوگوں سے لیتی ہے۔ ہم سے لے اور آج رات ہماری ہو جا۔ غسل کر کے کپڑے پہن اور میرے پیچھے کھڑی ہو جا پھر اللہ تعالٰے کے حضور میں دعا کی میرا کام تھا کہ تیرے دروازے پر سے ہٹانا۔ جب سجدے میں گئی کنجری تھی جب سجدہ سے سر اٹھایا نیک ہو گئی۔ اللہ والے نے تقدیر بدل دی اور وہ نیک ہو گئی ؎

نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں
جو ہو ذوق یقین پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

ایک گاؤں کی جوان کالے رنگ والی عورت نے مرشد کا دامن پکڑا۔ جب اُس کا یار آیا۔ تو کہنے لگی۔ اب میں نے مرشد پکڑ لیا ہے۔ تو اب کوئی اور تلاش کر اب میں تیرے کام کی نہیں رہی۔ کتنا اعلیٰ جواب دیا (گویا مرشد نے اس کی تقدیر بدل دی) اور کہنے لگی۔ اگر مرشد پکڑ کے بھی بُرا کام کرنا ہے تو مرید ہونے کا کیا فائدہ ہے۔ دوستو! اس عورت کا جواب سنو اور غور کرو۔ کہ تم کن کن کاموں میں رب اور اُس کے رسول کے ہو کر بھی نافرمانی کر رہے ہو۔ مرشد نے بھی مرید کو اللہ تعالٰے اور اُس کے رسول کا مطیع بنانا ہوتا ہے۔ اللہ تعالٰے مرتے وقت کلمہ نصیب کرے۔ اور ایمان کے ساتھ دنیا سے لے جائے۔ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّۃَ مَعَ الْاَبْرَارِ وَاحْشُرْنَا مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ۝ (ترجمہ) اور ہم کو جنت میں نیک لوگوں کے ساتھ داخل فرما۔ اور اللہ تعالٰے کی نافرمانی سے بچنے والوں کے ساتھ ہمارا حشر کر۔

دوسری جگہ رب تعالٰے فرماتا ہے۔ اَلْاَخِلَّاءُ یَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِیْنَ ۝ (ترجمہ) قیامت کے دن بعض دوست بعضوں کے دشمن ہوں گے۔ ماسوائے پرہیزگاروں کے۔ پرہیزگاروں کی دوستی کام آئے گی۔

Marfat.com

داتا صاحبؒ فرماتے ہیں۔ اگر دوست تم سے کم جانتا ہو تو اُسے دین سکھلا۔ اگر زیادہ جانتا ہو تو اُس سے دین سیکھ۔ تیری دوستی دین سکھانے اور دین سیکھنے کیلئے ہو۔ عرس کس لئے ہوتے ہیں۔ صرف دین سکھلانے کے لئے جلسہ اور عرس میں کوئی فرق نہیں۔ بعض کہتے ہیں۔ کہ عرس کے چاول حرام ہوتے ہیں۔ کیونکہ ان پر غیر اللہ کا نام آگیا ہے۔ گیارھویں حرام ہے کہ اس پر غیر کا نام آگیا ہے۔ تو کیا بیاہ شادی کے چاول حرام نہ ہوئے کیونکہ ان پر برات کا نام آچکا ہے۔ تو ہر چیز پر اپنا نام لیتا ہے۔ میرا کنواں میری زمین۔ میرا کماد۔ میرا کارخانہ۔ میرے خربوزے۔ میری بیوی۔ صرف غوث پاک کا نام آنے کی وجہ سے گیارھویں کے چاول کو حرام کر دیئے۔ ذرا ہوش سے کام لے۔ کہ کہیں اللہ تعالےٰ کے ولیوں کی دشمنی تو نہیں خرید رہا۔ اگر واقعی دشمنی ثابت ہوگئی تو پھر خداوند کریم سے لڑائی کرنے کے لئے تیار ہو جائے اور اپنا دل سیاہ کر لے۔ اور اپنی عاقبت خراب کر لے۔

ابھی وقت ہے عبرت حاصل کر۔ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے دوستوں کی نافرمانی کی ان کا کیا حشر ہوا۔ اور جنہوں نے ان سے محبت کی انہوں نے کیا کیا درجے حاصل کئے شیخ صنعان کا واقعہ یاد کر۔ غوث پاک رحمتہ اللہ علیہ نے ان کی کیسے دستگیری کی۔ اور دستگیر کہلائے۔

فَاعْتَبِرُوْا يَآ اُولِی الْاَبْصَار

ترجمہ۔ عبرت حاصل کرو اے بصیرت والو۔

Marfat.com

سفرنامہ مکہ مدینہ منورہ

پہلے حمد تعریف خدا نوں باجھ حساب شمارو ۔ جس نے ملک عرب وچ آندا احمد فضل غفارو
سن ستر وچ پہلی واری کیتا کرم الٰہی ۔ پھر دوبارہ سن چھہتر ٹھاٹھ رحمت دی آئی
گنہگاراں تے فضلاں جھڑیاں رحمت بدلی لایا ۔ سڑیاں کھیتیاں اُتے فضلوں خوش ہریاں آیا
تیسویں پھیرے جگ سارا دے تھیں حاجی قدم اُٹھایا ۔ دریا داتا جن عید مبارک نظر اسانوں آیا
رات گذار وقت صبح دے عید نماز گذاری ۔ تن پنجتالی طرف کراچی مل گئی ریل سواری
دو شوال کراچی پہنچے ٹکٹ تیار کرایا ۔ تن شوال جہاز محمدی جدّے طرف سدایا
کنھاں من لوہا مشکے تاں جہاز بنیدا ۔ وانگ بیڑی دے وچ سمندر جاندا سفر کریندا
وچ جہاز تکلیفاں بڑیاں کجھ خیال نہیں کردے ۔ پاک نبی دے سچے عاشق نہیں تکلیفوں ڈردے
راہ عشق دے جو تکلیفاں عاشق تائیں آون ۔ اوہ تکلیفاں عاشق تائیں راحت خوشی وکھاون
وچ جہان نبی دے عاشق دکھ درداں نہیں کردے ۔ ویکھ شمع نوں جویں پروانے جند قربانی کردے
بے حد ہے سمندر وڈا انت حساب نہ آوندے ۔ بڑا جہاز لوہے دا جس وچ بیڑی وانگر جاوندے
پاک خدا دی قدرت دا کسے ہرگز انت نہیں پایا ۔ کئی من لوہا پانی اوپر بیڑی وانگ تر آیا
کئی شہراں تے بندراں وچوں حاجی شوقوں آون ۔ نال و نال جہاز دے اندر اپنے ڈیرے لاون
ملک عرب جویں نیڑے آوے ودھے شوق زیادہ ۔ کرن اڈیک کدوں جدّے جاسی ایہ جہاز اساڈا
فضل کرم تھیں آٹھ دن پچھے جدّہ نیڑے آیا ۔ ویکھ نورانی شہر حاجیاں دا ہویا شوق سوایا
دو دن رہ کے جدّے اندر کیتی پھیر تیاری ۔ طرف مدینے شوقوں ٹرپئے فضل کیتا رب باری
جس رستے سن حاجی پیدل یا اوٹھاں تے جاندے ۔ اس پرانے رستے اجکل پکی سڑک بنا مادے

اس سڑک تے اک منزل نام بدر جد آئی ۔ ادھا میل وچ رادھی اوتھوں ہوئی بدر لڑائی
بدر دے شہیداں سندی جاں زیارت پائی ۔ اوتھے باغ کھجوراں اندر نہر چلیندی آہی
بے حد صاف تے سوہنا پانی کی میں صفت سناواں ۔ اوس گلزار وچ میسن واہ واہ سوہنیاں چھاواں
جا زیارت شہیداں سندی خوش ہویا ہر کوئی ۔ طرف مدینے بس اساڈی پھیر روانہ ہوئی
وقت نماز مغرب دا ہویا شہر مدینہ آیا ۔ دیکھ نبی دا سوہنا روضہ ہویا شوق زیادہ
ترکاں دی وچ مسجد مغرب جا نماز ادائی ۔ پڑھی عشاء وچ مسجد نبوی کیتا فضل الٰہی
کتنی ڈیرا بنگلاں وچ مدینے باہر حد حساب اوں ۔ پہنچے او مدینے جیتے ہووے فضل جناب اوں
شہر مدینے دیاں کی صفتاں عاجز آکھ سناوے ۔ جتنے بہر ملکوں خلقت روضہ ویکھن آوے
ستر ہزار ملائک نہدی نت آسماناں آون ۔ کر زیارت پاک روضے دی صدقے ہوندے جاون
وچہ روضے نبی حضور دے جیڑے دفن پیارے ۔ ابابکر تے عمر بہادر شان جنہاں دے بھارے
جوجہ البقیع عثمان غنی وی بنی مزار پیارے ۔ نالے دائی حلیمہ جس نے دیتے پلے بھارے
خاتون جنت دے کول قبر ہے حضرت حسن ولیدی ۔ حضرت باقر جعفر صادق ریہے مرد ولیندی
زین العابدین بھی اوتھے رب لے صدر الٰہی ۔ کربل اندر جینے ڈٹھی ہوندی سب لڑائی
امام مالک دی قبر بھی اوتھے اسماعیل نظری آئی ۔ چھوڑ وطن جنہاں وچ مدینے ساری عمر لنگھائی
حرماں پاکاں دیاں قبراں لبدے ساتھوں نظر نہ آیاں ۔ پاک نبی دیاں بیٹیاں اوتھے نالے بیبیاں دفنایاں
بہتیاں قبراں وچ بقیع دے انت حساب نہ کوئی ۔ دفن بقیع وچ مومن جس تے کرم الٰہی ہوئی
شمع نبی دے دوروں دوروں کئی پتنگے آون ۔ بہت قربان نبی توں ڈیرے وچ بقیع دے لاون
مسجد قباء دی ہفتے دے دن جا زیارت پائی ۔ او مسجد ہے سب توں پہلے پاک رسول بنائی
ہر جمعرات مدینے والے اکثر اوتھے جاندے ۔ امیر حمزہ شہداء احد دی جا زیارت پاندے
نالے اسیں وی لبدے بس دے اُتے جا زیارت پائی ۔ کول امیر حمزہ دی مسجد نجدی ہے گرائی
احد پہاڑ قریب اس تھیں دوروں نظریں آوے ۔ دند شہید ہوون دی جگہ جتھے وی دسیا دے

پھر حکومت اس جگہ نے ہرگز جان نہ دیندی — امیر حمزہ دے کول ڈٹھی اک واہ واہ نہر وگیندی
اس نہر وچہ اکثر حاجی وضو غسل نے کردے — امیر حمزہ والی مسجد اندر نفل نمازاں پڑھدے
کئی مزار شہر دے اندر نظر اساں نوں آئے — حضرت عبداللہ نبی دے والد آرام فرمائے
مالک بن سنان دا روضہ ناں دے نظری آیا — نجدی حکومت نے دروازہ اس دا بند کرایا
دن گزارے وچہ مدینے فضلوں گنبد سائے — کیتا فضل خداوند باری ڈٹھے عجب نظارے
اچن چیتی شہر مدینوں ہو گئی پھر تیاری — ستائی ذیقعد نے سن چوہتر سی سول غفاری
حج عرفات ہویا پھر فضلوں ہیسی جمعہ بھارا — ہجری سن چوہتر اندر یاد رکھیں لے یارا

چند دن رہ کے مکے اندر ہو گئی پھر تیاری
جدے آکے کیتی اساں پھر جہاز سواری

دعائے مؤلف

مدینہ منورہ میں الوداع کے وقت مانگی

جاندی واری روضے اگے کرکے معصوم دعائیں — یا نبی اللہ پھیر اسانوں روضہ پاک دکھائیں
شکر گذاری ہو نہیں سکدی جو نساں کرم کمایا — زندگی وچہ دوبارہ اسانوں اپنے پاس بلایا
ساڈے دفتر بدیاں والے دھو کے کرو صفائی — بخشش منگنے کارن سانوں ہور نہیں در کائی
پڑھ کے آیت جاءوک والی آئے پاس تساڈے — یا نبی اللہ سب بخشاؤ عیب گناہ جو ساڈے

رحمت عالم جے در تے نے عاصی اوگنہارے
نیکیاں والی آس نہ کوئی بیٹھے مل دوارے

ہن اپنے توں ایس گدا نوں خالی نہ پرتاؤ — دیکھو عیب گناہ نہ میرے اپنا کرم کماؤ

کل جہان دے کارن رحمت رب تساں فرمایا
میں بھی عاصی در تیرے تے رحمت منگن آیا
میں اہل عائل در تیرے دا جھولی میری بھر دو
رحمت عالم طرف اساں دے نظر کرم اک کر دو
بھاویں عیب گناہ وچہ میرے بے حد بے شمار ا
بخشن تاں بخشن تمامی یا سید ابرار ا
دنیا آخرت اندر نیکی رب عطا فرماوے
قبر عذاب جہنم کولوں فضلوں آپ بچاوے
وقت نزع دے کریں رکھوالی یا نبی آپ اساڈی
رحمت کرنی اساں گناہیاں رکھی آس تساڈی
سنگ اپنے وچ رلانا سانوں حشر دہاڑے
پل صراط توں نال فضل دے کر تیں پار اُتارے

حاضر ہوئے گناہیں در تے لے کے جھولی خالی
بھر دے جھولی کرم فضل تھیں امت دے والی

دنیا اندر کرم نیکی دے فضلوں آپ کرائیں
سنگ یاراں دے حشر دہاڑے اپنے سنگ رلائیں
سبز روضے دی سوہنی جالی پھیر دکھاویں سانوں
یا نبی اللہ فضل کرم تھیں پھیر بلاویں سانوں

لے دلا آج ویکھ لے رج کے سوہنا گنبد عالی
چم چم نال سینے دے لا لے سبز روضے دی جالی

در تیرے تے کئی ملکاں تھیں آون سائل بہتیرے
منگتیاں کولوں کھلے ہر دم رہن خزانے تیرے
ہو نہیں در چھڈ در تیرا میں کس دروازے جاواں
تیرا ہو کے کس در جا کے میں سوال سناواں
اہل عیال سنے کئی یاراں نے در تے کراں دعائیں
یا نبی اللہ زندگی اندر جلدی پھیر بلائیں
میں بھی سائل در تے آیا رکھ کے آس ودھیری
رحمت عالم رحمت یاراں آج بھر دو جھولی میری

یا محبوب پیارے رب دے کرو قبول دعائیں
سنگ یاراں دے حشر دہاڑے اپنے سنگ رلائیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اچھی دوستی کے بیان میں

یَوْمَ یَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰی یَدَیْہِ یَقُوْلُ یٰلَیْتَنِی اتَّخَذْتُ

اور جس دن ظالم اپنے ہاتھ چبا چبا لے گا کہتا ہے کسی طرح

مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِیْلًا ۔ یٰوَیْلَتٰی لَیْتَنِیْ لَمْ اَتَّخِذْ

سے میں نے رسول کے ساتھ راہ لی ہوتی۔ وائے خرابی میری ہائے کسی طرح میں نے

فُلَانًا خَلِیْلًا ۔ لَقَدْ اَضَلَّنِیْ عَنِ الذِّکْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَ

فلانے کو دوست نہ بنایا ہوتا۔ بیشک اسنے مجھے گمراہ کیا نصیحت سے جب میرے پاس

نِیْ ط وَکَانَ الشَّیْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ۔

آگئی اور ہے شیطان واسطے آدمی کے خوار کرنے والا۔

حدیث شریف

وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَشْفَعُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ثَلٰثَۃٌ الْاَنْبِیَاءُ ثُمَّ الْعُلَمَاءُ ثُمَّ الشُّھَدَاءُ رواہ ابن ماجۃ

فرمایا عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالے عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت کے دن تین طرح کے لوگ شفاعت کریں گے۔ انبیا علماء اور شہدا۔ (ابن ماجہ)

Marfat.com

وچہ حدیث مبارک اکھیا پاک رسول سوہارے — تن طرح دے لوگ شفاعت کرسن حشر دہاڑے
انبیاء شفاعت کرن گے اول سب تھیں سارے — اس تھیں بعد علماء شہیداں موسی حکم ہمارے

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّہٗ ۔ یعنی انسان قیامت کے دن اس کے ساتھ ہوگا۔ جس سے وہ دنیا میں محبت کرتا تھا۔

نیک ہم نشین عطار کی مانند ہے ۔ اگر وہ تجھے عطر نہ دے ۔ اس کی خوشبو سے تو ضرور بہرہ ور ہوگا ۔ برا ہمنشین لوہار کی بھٹی کے مانند ہے ۔ جس کی آگ سے اگر تو نہ جلے مگر اس کے دھوئیں سے ضرور اذیت پائیگا ۔

مثال گلاب کے پھول کا عرق کھینچتے وقت دیگچہ کا منہ گا یعنی مٹی سے بند کرتے ہیں۔ وہ مٹی بھی گلاب کی طرح خوشبودار ہو جاتی ہے ۔

گلستان میں حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں ۔

گلِ خوشبوے در حمام روزے — رسید از دست محبوبے بدستم
بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری — کہ از بوے دلاویز تو مستم
بگفتا من گلِ ناچیز بودم — ولیکن مدتے با گل نشستم
جمالِ ہمنشین در من اثر کرد
وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

دوستو! علماء و صلحاء کی خدمت میں حاضر ہوا کرو۔ بزرگوں کی کتابیں اور سوانح تمہیں نیکی کی ترغیب دیں گے ۔ مگر ان کا اثر زندہ مثال کے مقابلے میں بہت کم ہوتا ہے زندہ اہل دل کی صحبت بڑی تاثیر رکھتی ہے ۔ سالوں کے مجاہدے اور نفس کشی سے دل کو وہ صفائی حاصل نہیں ہوتی جو کسی برگزیدہ بزرگ کی خدمت میں ایک ساعت کی حاضری سے ہوتی ہے ۔ مولانا رومی فرماتے ہیں ۔

صحبتِ اولیا یک ساعتے — بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

نیک صحبت کی نسبت بُری صحبت کا جلدی اثر ہوتا ہے۔ جیسے خراب ہوا تندرستی کے لئے مضر ہے۔ اسی طرح بُری صحبت نیک آدمی کو نقصان پہنچاتی ہے۔ اگر کوئی نیک شخص بروں کی صحبت سے متأثر نہ ہو۔ مگر بدنام ضرور ہو جائیگا۔ اگر کوئی نماز پڑھنے کے لئے شراب خانے یا بھنگڑ خانے میں جائے تو بہتانِ شراب نوشی کا الزام اس پر ضرور لگے گا۔ راگ رنگ کی مجلسیں تھیٹر جیسی جگہوں میں بدکاری اور تخریبِ اخلاق کی ترغیب ملتی ہے۔

اہلِ بدعت پیر شیخ سنت چوں بود ۔۔۔ راہ نہ بدو کے ترا رہبر بود
رہبرِ راہِ طریقت او بود ۔۔۔ کو بہ احکامِ شریعت مے رود

جاہل اور بے دین پیروں کی صحبت بھی زہرِ قاتل ہے۔ ان کو پیر و مرشد بنانا اور اُن کی صحبت میں بیٹھنا سخت مضر ہے۔

حضرت نوح علیہ السلام کا بیٹا کنعان بدوں کی صحبت میں بیٹھ کر نالائق اور باپ کا نافرمان ہو گیا۔

پسرِ نوح با بداں بہ نشست
خاندانِ نبوتش گم شد

حضرت سید علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب کشف المحجوب میں لکھتے ہیں۔

شریر لوگوں کی صحبت نیک لوگوں کے ساتھ بدظنی پیدا کرتی ہے

جو شخص کسی قوم کے شریر لوگوں سے میل جول رکھتا ہے وہ خود ان کی شرارت ہے اگر اس میں کچھ بھلائی ہوتی۔ تو وہ نیکوں کی صحبت اختیار کرتا۔

صوفیائے کرام کے منکر سب سے زیادہ شریر اور بدخیال ہیں۔ کیونکہ اُن کی صحبت بدخیالوں اور شریروں سے ہوتی ہے۔

فضائل بیت اللہ

اے بیت اللہ تیرے اُتّے کرم خدا فرمایا
اول بیت وُضِعَ لِلنَّاسِ حق تیرے ایہہ آیا

سب گھراں تھیں تینوں بنّے رب بخشی سرداری
ہین بہار نبیاں وچوں جیویں رسول غفاری

عظمت شان جنہاں دے کارن رب عطا فرمائی
پڑھے نمازاں مُنہ تیرے ول کر کے سب خدائی

تیرے طرفے ویکھنے پاروں ملے ثواب دھیر
اے بیت اللہ سب گھراں تھیں تیرا شان وڈیرا

ھُدًی لِلنَّاس بھی تینوں رب سچے فرمایا
یعنی ہدایت دا کان کارن تینوں رب فرمایا

تیرے اندر حجرِ اسود جس دی شان وڈیری
اے بیت اللہ ہر دم خلقت کرے زیارت تیری

تیرے اندر تشریف لیائے نبی خدا دے پیارے
تیرے اندر نمازاں پڑھیاں پاک رسول سہارے

حضرت آدمؑ توں لے کے جتنے ہوئے پیغمبر سارے
تیری کرن زیارت آئے رلکے کئی پیارے

تیرے وچ عبادت ربدی ہر دم ہوندی رہندی
طواف کرن تھیں گرد تساڈی خالی گھڑی نہ ہندی

طواف کرن ہر ویلے حاجی گرد تیرے دل والے
نظر آوے جیویں اک سمندر وڈا ٹھاٹھاں مارے

تینوں جیہڑی رب نے بخشی عزت تے وڈیائی
ایہہ عظمت نہ گھر کسے نوں ہرگز حاصل آئی

رحمت بارش تیرے اندر ہر دم رب برسائے
پاک گناہاں تھیں کرے رب سجن جو تیرے کول آئے

تیری عظمت پاک محمد سرور جانن ساری
دھئیے کیتی جہان تیرے وچوں بت تھے ساری

جاہل لوک بت پرستی کردے سن وچ تیرے
پاک محمد پاروں تینوں لگ گئے شان وڈیرے

(مولف نے کعبہ کو دیکھ کر نظم لکھی)

Marfat.com

نظم

سو سال حکومت انگریزاں کیتی ملک ہمارے — فلم تھیٹر ناچ تماشے سانوں دے گئے سارے

کاراں موٹراں انجن سانوں دسے نہ بنانے — اپنے کارخانے کدی کوئی چاہندا بند کرانے

کارخانے کار خلقت انہاں اپنے ملک بنائے — گتہ تاش بنان دے سانوں نہیں کجھ وی سکھائے

پٹرول عراق عرب نیں کڈھیا فائق باری — ملک ایران توں مل سب جتھے کئی کمپنیاں جاری

پٹرول دیاں کمپنیاں اتے چھا گئے سب عیسائی — کمپنی مسلماناں دی کدے تلک نہ آئی کائی

سن کے ٹھیکے مسلماناں تھیں تابع ہو گئے سارے — ایران دے عرب عراق اے ہر جا گئے ویکھ پیارے

اپنے ملک لیسیاں کمپنیاں جاری آپ بناؤں — پانی بحری جہاز بنا کے اپنے آپ چلاؤں

اے مسلماناں کمپنیاں اتے اپنا قبضہ کر لیں — اپنے ملک تجارت کر کے ملک اپنے نوں بھر لیں

انہاں کمپنیاں دے غیراں نوں کیوں نفع پہنچانا — کارخانے کھول کے اپنے بیچنا کیوں نہیں ہانا

اپنے ملک اندر کارخانے چھیتی جاری کر لوں — دے فروغ تجارت تائیں نہ کسے توں ڈر لوں

تاں بجھانوں کجھ نہ دوست ایہہ سب چالاکی ساری — لٹ لے جاون یہود عیسائی تیری دولت ساری

نال یہودیاں ہو بیٹھے نیں منع کیتی رب باری — [illegible]

رب تعالیٰ یہود و نصاریٰ پڑھ کے ویکھ پیارے — باری منع یہود نصاریٰ کیہا پالنہارے

ایسی کمپنیاں اندر جو ہندی کاریگری — [illegible] عاجز ہو گئے رہ گئی قلم بے چاری

حرام گوشت کت نال [illegible] — گوشت خنزیر [illegible] آدن

مسلماناں نوں ایسے گوشت [illegible] رہندے — [illegible] مسلم [illegible] دین [illegible] رہندے

تے ایہہ محنت کردے سارا جو مزدور کسان — فلم [illegible] پھر واپس لیاون

ہو یہود اخلاق خراب کر دیندے مسلماناں دے سارے — یہود نصاریٰ دشمن جانی مسلماناں دے بھارے

کئیں ملکاں وچ مسلماناں نال [illegible] غداری کر دے — [illegible] مکاری کر دے

وچ سپین مسلماناں تے بے حد ظلم کمایا
ایسی نوکری مال کماؤں چنگی ہے مزدوری
دنیا پچھے دین گنوایاں کی فائدہ ہتھ آوے
اے مسلم توں پیسے پچھے ناں ایمان گنوا دیں
اے مسلم توں پیسے پچھے چھڈ نہ حکم الہیٰ
ایسی نوکری کریں جے یارا کر پرہیز ضروری

بچہ بچہ مسلماناں دا ایتھاں ذبح ..... کرایا
جس دے یار دین اسلام ہووے کدے نہ دوری
ایسا بندہ مرنے ویلے ہتھ مل پچھوں تاوے
اے مسلم توں پیسے پچھے دوزخ وچ نہ جا دیں
نافرمانی یار دی آوے سخت عذاب تباہی
دوزخ وچ پیجا سی تیتوں دین دنوں مغروری

مولوی تیتوں طرف ترقی ہے بلاندا رہندا
توں وچ گودی یہود عیسائیاں آپے وڑدا رہندا

فضائل الصدقات

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ○

تم ہرگز بھلائی کو نہ پہنچو گے جب تک راہ خدا میں اپنی پیاری چیز نہ خرچ کرو اور تم جو کچھ خرچ کرو ۔ اللہ کو معلوم ہے

حدیث ۱

ترجمہ حدیث ۱

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

روایت ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الصَّدَقَةَ
لَتُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ وَتَدْفَعُ
مِيْتَةَ السُّوْءِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے کہ صدقہ رب تعالیٰ کے غضب کو بجھاتا ہے
اور بری موت کو دفع کرتا ہے (ترمذی)

حدیث ۲

وَعَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُمَّ سَعْدٍ مَاتَتْ
فَاَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ
قَالَ الْمَاءُ فَحَفَرَ بِئْرًا وَ
قَالَ هٰذِهِ لِاُمِّ سَعْدٍ رَوَاهُ
اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ

ترجمہ حدیث ۲

سعد بن عبادہ سے روایت ہے
انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ ام سعد
وفات پاگئیں۔ تو اب کونسا صدقہ
بہتر ہے۔ فرمایا پانی۔ لہذا سعد نے
کنواں کھدوایا اور فرمایا یہ کنواں ام سعد کا ہے
ابوداؤد۔ نسائی

حدیث ۳

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ
رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُمِّيْ
اُفْتُلِتَتْ نَفْسُهَا وَاَظُنُّهَا
لَوْ تَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ فَهَلْ
لَهَا اَجْرٌ اِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا
قَالَ نَعَمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

ترجمہ حدیث ۳

روایت ہے حضرت عائشہ
سے فرماتی ہیں کہ ایک شخص نے حضور
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں
عرض کیا کہ میری ماں اچانک فوت ہو گئیں
میرا خیال ہے کہ اگر کچھ بولتیں تو خیرات
کرتیں تو کیا انہیں ثواب ہوگا۔ اگر میں اُن
کی طرف سے کردوں فرمایا ہاں (مسلم بخاری)

حدیث ۴

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ
رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ترجمہ حدیث ۴

روایت ہے حضرت ابن عباس رضی
اللہ عنہ سے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول

يَقُوْلُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ كَسَا مُسْلِمًا ثَوْبًا اِلَّا كَانَ فِيْ حِفْظٍ مِنَ اللّٰهِ مَادَامَ عَلَيْهِ مِنْهُ خِرْقَةٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ۔

حدیث ۵

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ وَلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا الطَّيِّبَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتَقَبَّلُهَا بِيَمِيْنِهٖ ثُمَّ يُرَبِّيْهَا لِصَاحِبِهَا كَمَا يُرَبِّيْ اَحَدُكُمْ فَلُوَّهٗ حَتّٰى تَكُوْنَ مِثْلَ الْجَبَلِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

حدیث ۶ — پاخانہ جانے کی دعائیں

عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ کوئی مسلمان کسی مسلمان کو کپڑا نہیں پہناتا مگر جب تک اسکے بدن پر اسکا ایک چیتھڑا بھی رہے یہ اللہ کی حفاظت میں رہتا ہے (احمد ترمذی)

ترجمہ حدیث ۵

روایت ہے حضرت ابوھریرہ رضی اللہ تعالے عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو حلال کمائی سے چھوارے کی برابر صدقہ کرے اللہ تعالے صرف حلال ہی کو قبول کرتا ہے تو اللہ اسے داہنے ہاتھ میں قبول کرتا ہے پھر صدقہ والے کے لئے اسکی ایسی پرورش کرتا ہے جیسے تم میں سے کوئی اپنے بچھڑے کی حتیٰ کہ پہاڑ کی طرح ہو جاتا ہے۔ (مسلم بخاری)

ترجمہ حدیث ۶

روایت ہے حضرت انس رضی اللہ تعالے عنہ سے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پاخانہ میں داخل ہوتے تو فرماتے اے اللہ میں خبیث جنات اور خبیثہ جناتنیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ (مسلم بخاری)

حدیث ۷

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِتَّقُوا اللَّاعِنَیْنِ قَالُوْا وَمَا اللَّاعِنَانِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ الَّذِیْ یَتَخَلّٰی فِیْ طَرِیْقِ النَّاسِ اَوْ فِیْ ظِلِّھِمْ رَوَاہُ مُسْلِمٌ۔

ترجمہ حدیث ۷

روایت ہے حضرت ابوھریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو لعنتی کاموں سے بچو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ لعنتی کام کون سے ہیں فرمایا وہ جو لوگوں کی راہ یا سایہ کی جگہ میں پاخانہ کرے۔ (مسلم)

حدیث ۸

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ سَرْجِسَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَبُوْلَنَّ اَحَدُکُمْ فِیْ جُحْرٍ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗد وَالنَّسَائِیُّ۔

ترجمہ حدیث ۸

روایت ہے عبداللہ بن سرجس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے فرماتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تم میں سے کوئی شخص سوراخ میں ہرگز پیشاب نہ کرے۔ ابوداؤد و نسائی

نظم

زندگی اتے کدی بھروسہ نہ کریار پیارے
اک پل دیر نہ ہووے ہرگز ہووے جلد تیاری
بڑے بڑے شاہ زور بہادر قوت جہاں تانی
محکم قلعے بناون والے ٹرگئے چھوڑ انھائیں
حضرت سلیمان اوپر ہوا دے اپنا تخت چلا گئے

اکھیں ویندیاں ٹر گئے قبریں دوست یار ہمارے
کوئی روک نہ سکے ہرگز غالب حکم جباری
دیر نہ لگے اک پل اندر موت کیتے سب فانی
مدت گزری پھر نہ آ کے دیکھیاں پنہاں جائیں
موت آئی سب چھوڑ انھائیں قبریں ڈیرے لا گئے

شاہ سکندر سب دنیا تے کر حکومت شاہی — موت آئی سب کجھ دھریا رہ گئی اینھو لا سو گیا راہی

حضرت ابرہیم پیغمبر جو خلیل ربانے — موت آئی سب دار دواری پہنچے قبر ٹکانے

حضرت اسماعیل پیغمبر شان جنہاں دا عالی — نالے حضرت اسحٰق پیغمبر مڑ دوں رہے نہ خالی

حضرت یعقوب تے حضرت یوسف بڑے خاص پیارے — موت آئی کجھ دیر نہ لگی قبریں پہنچے سارے

نوٹ: مؤلف کے ساتھ ایک حاجی صاحب پشاور کے تھے۔ اُن کا انتقال مدینہ منورہ میں ہو گیا۔ مؤلف نے اُن کی موت سے متاثر ہو کر یہ نظم لکھی۔

فضائل قیام لیل کے بیان میں

حدیث ۱

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَتَهَجَّدُ قَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ

ترجمہ حدیث ۱

روایت ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات میں تہجد پڑھنے اُٹھتے تو کہتے الٰہی تیرے لئے حمد ہے تو آسمانوں اور زمین اور اُن کے اندر والوں کا قائم رکھنے والا ہے اور تیرے ہی لئے حمد ہے تو آسمانوں اور زمین اور اُن کے اندر والوں کا نور ہے اور تیری ہی حمد ہے تو آسمانوں اور زمین اور اُن کے اندر والوں کا بادشاہ ہے اور تیری ہی حمد ہے تو حق ہے۔

Marfat.com

وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ
حَقٌّ وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَ
السَّاعَةُ حَقٌّ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ
وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَ
اِلَيْكَ اَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ
حَاكَمْتُ فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا
اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ
وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ
الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اَنْتَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ مُتَّفَقٌ
عَلَيْهِ۔

تجھ سے حق ہے اور تیری بات حق ہے۔
جنت حق ہے آگ حق ہے نبی حق ہیں۔
جناب محمد حق ہیں قیامت حق ہے اے
اللہ تیرے لیے میں اسلام لایا تجھ پر
میں ایمان اور تجھ پر میں نے بھروسہ کیا
اور تیری طرف میں نے رجوع کیا تیرے
بھروسے پر میں کفار سے لڑتا ہوں اور
تجھ سے فیصلہ چاہتا ہوں میرے اگلے پچھلے
چھپے کھلے بخش دے اور وہ بخش جنہیں تو مجھ
سے زیادہ جانتا ہے تو ہی آگے بڑھانے والا ہے
اور تو ہی پیچھے ہٹانے والا ہے تو ہی معبود ہے تیرے
سوا کوئی معبود نہیں۔ (مسلم بخاری)

حدیث ۲

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَعْقِدُ
الشَّیْطَانُ عَلٰی قَافِیَةِ رَاْسِ اَحَدِکُمْ
اِذَا هُوَ نَامَ ثَلٰثَ عُقَدٍ یَضْرِبُ
عَلٰی کُلِّ عُقْدَةٍ عَلَیْكَ لَیْلٌ طَوِیْلٌ
فَارْقُدْ فَاِنِ اسْتَیْقَظَ فَذَکَرَ اللّٰهَ
انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاِنْ تَوَضَّأَ انْحَلَّتْ
عُقْدَةٌ فَاِنْ صَلّٰی انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ

ترجمہ حدیث ۲

روایت ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ
عنہ سے فرماتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم میں سے کوئی سوتا
ہے تو شیطان اس کے سر کی گدی پر تین
گرہیں لگا دیتا ہے ہر گرہ پر یہ کہتا ہے کہ
ابھی رات بہت ہے سو جا پھر اگر بیدار
ہو جائے تو اللہ کا ذکر کرے۔ تو ایک گرہ کھل
جاتی ہے پھر اگر وضو کرے تو دوسری گرہ کھل

Marfat.com

فَاَصْبَحَ نَشِيْطًا طَيِّبَ النَّفْسِ وَ اِلَّا اَصْبَحَ خَبِيْثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۔

جاتی ہے پھر اگر نماز پڑھے تو تیسری گرہ کھل جاتی ہے اس وہ خوشی دل صبح کرتا ہے ورنہ پلید طبیعت اور سست صبح پاتا ہے (مسلم بخاری)

حدیث ۳

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ لَهٗ مَا زَالَ نَائِمًا حَتّٰى اَصْبَحَ مَا قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ قَالَ ذٰلِكَ رَجُلٌ بَالَ الشَّيْطٰنُ فِيْ اُذُنِهٖ اَوْ قَالَ فِيْ اُذُنَيْهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۔

ترجمہ حدیث ۳

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص کا ذکر کیا گیا۔ آپ سے عرض کیا گیا کہ وہ صبح تک سوتا رہا نماز کے لئے نہ اٹھا آپ نے فرمایا کہ اس شخص کے کان میں شیطان نے پیشاب کر دیا یا فرمایا دونوں کانوں میں (مسلم بخاری)

حدیث ۴

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْرَافُ اُمَّتِيْ حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ وَاَصْحٰبُ اللَّيْلِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

ترجمہ حدیث ۴

روایت ہے حضرت ابن عباس سے فرماتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میری امت کے بہترین لوگ قرآن اٹھانے والے اور شب بیداری کرنے والے ہیں۔

بیہقی شعب الایمان

نظم

حضرت سید علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب کشف المحجوب میں لکھتے ہیں۔

• مرید کے لئے تنہائی جیسی کوئی آفت نہیں ہے "

Marfat.com

اور بُرے آدمیوں کو کبھی اپنا دوست نہ بناؤ۔ ورنہ ان کی بدی مرضِ متعدی کی طرح تم پہ اثر کرے گی۔

میاں محمد صاحب فرماتے ہیں۔

نیچاں دی آشنائی کولوں فیض کسے نہیں پایا
ککر تے انگور چڑھایا ہر گچھا زخمایا

اے عزیزا ایہہ نصیحت یاد کریں توں میری — تاں جے آخرت پاک خداوند کردے اچھی تیری
ہر دن پڑھ قرآن نوں سمجھیں تے گلاں نوں سمجھاویں — نال محبت بھُلیاں تائیں راہ خدا دے لاویں
جے توں اپنے نالوں چنگا عالم یار بناویں — لائق تینوں پڑھ سُن مسئلے عمل کریندا جاویں
اپنے نالوں گھٹ جانن والا جے توں یار بناویں — جو کم دینی او نہ جانے اس نوں توں سکھاویں
کامل متقی دا رب درجہ اُس عطا فرماندا — نیکی دسنے والے تے رب کتنا کرم کماندا
اے عزیزا راہ نیکی دا دسیں ہر اک تائیں — بھُلیاں تائیں راہ خدا دے دن تے راتیں لائیں
باجھ وسیلے علم نہ حاصل ہوندا کسے کدائیں — باجھ استاداں کوئی کاریگر ہرگز ہوندا نائیں
ناں بڑے نال وسیلے پچھ ویکھیا پیر رشد پاندا — جیونکر پانی ہر دم رہندا کھیتیاں نوں وی دھاندا
ریل وسیلے وسنے نال جلدی مکے سفر لمیرا — نال وسیلے دنیا اندر ہر کم ہوندا تیرا
نال وسیلے حافظ عالم اَسے ہوندے سبھے — بن استاد تے مرشد باجھوں ہرگز راہ نہ لبھے
پتھر ہیٹھ کھوہ آں اندر پانی رب رکھایا — باجھ وسیلے اوہی ویکھو کدے نئیں باہر آیا

جس کھیتی نوں ملے نہ پانی او کھیتی سک جاوے
میوے پھل نہ لگن اُس نوں بھاویں زور لگاوے

فضائل جمعہ

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

ترجمہ۔ اے ایمان والو جب جمعہ کے دن تمہیں نماز کے لئے بلایا جائے تو اللہ کے ذکر کے لئے دوڑ کر آؤ۔ اور خرید و فروخت بند کر دو۔ اگر تم جانتے ہو۔

موجد اپنی ایجاد کا استعمال بہترین طور پر جانتا ہے۔ اے حضرت انسان تیری بھلائی اسی میں ہے کہ تو اپنے خالق کا فرمانبردار ہو جائے بعض دکاندار جمعہ کو اذان کے بعد بھی دکان کھلی رکھتے ہیں کوئی قباحت نہیں سمجھتے۔ حالانکہ اللہ کا حکم یہ ہے کہ اذان کے بعد نہ کچھ خریدیں نہ بیچیں اور نماز جمعہ میں شامل ہو جائیں۔

یہودیوں کو حکم تھا کہ ہفتے کے دن مچھلی کا شکار نہ کرو۔ ان کے تین گروہ ہو گئے۔ ایک گروہ تو مچھلیاں پکڑنے لگا۔ دوسرا گروہ خود تو نہ پکڑتا اور پکڑنے والوں کو منع بھی نہ کرتا۔ تیسرے گروہ والے نہ خود پکڑتے اور پکڑنے والے نافرمانوں کو منع بھی کرتے۔

جب نافرمانوں پر عذاب آیا تو صرف تیسرا گروہ بچا پہلے دونوں گروہ بندر بنا دیئے گئے۔ (كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ) ترجمہ ہو جاؤ بندر دھتکارے ہوئے۔

یہ دوسرا گروہ جو مچھلیاں نہیں پکڑتے تھے۔ انہیں کیوں عذاب میں مبتلا کیا گیا۔ صرف اس لئے کہ گناہگاروں کو برائی سے روکتے نہیں تھے۔ معلوم ہوا کہ برے کام سے روکنا ایک بہت

یہی ہی ہے جو یہودی بندر بنا دیئے گئے تھے وہ تین دن کے بعد سب مر گئے۔ موجودہ بندر اُن کی اولاد سے نہیں ہیں۔

فرمانِ خداوندی ہے۔ وَ اَنْجَیْنَا الَّذِیْنَ یَنْھَوْنَ عَنِ السُّوْءِ (ترجمہ۔ ہم نے برائی سے منع کرنے والوں کو نجات دی) جیسے جمعہ کے دن خرید و فروخت منع ہے یہودیوں کو ہفتہ کے دن شکار مچھلی کا منع کیا گیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں یہ واقعہ بیان فرمایا تاکہ جمعہ کے دن دکانیں کھولنے والے۔ خرید و فروخت نہ کریں۔ تیری بھلائی اِسی میں ہے۔ کہ جمعہ کے دن کی اذان کے بعد نہ کچھ خریدے نہ بیچے۔ جمعہ پڑھنے تک۔

مسلمانوں کے لیے جمعہ چھٹی کا دن ہے۔ انگریز عیسائی تھا۔ اتوار کے دن گرجا میں جانے کے لیے چھٹی رکھتا تھا۔ مگر مسلمان باوجود آزاد خود مختار حکومت مل جانے کے جمعہ کے دن چھٹی نہیں کرتے اور انگریز کی پیروی میں اتوار مناتے ہیں۔

انگریز تو چلا گیا اب اتوار کو رخصت کرو اور جمعہ کے دن باقاعدہ دفتروں۔ کچہریوں عدالتوں اور سکولوں میں چھٹی کرو تاکہ اسلامی تہذیب لوگوں کے دلوں پر منقش ہوتی چلی جائے۔ ۷۰ سال گذر نے پر بھی آپ جمعہ کو تعطیل قرار نہیں دیتے۔ حالانکہ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا۔ پاکستان کا مطلب کیا۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ ہے

ایک شیر نے بھیڑوں میں ایک شیر کے بچے کو دیکھ کر کہا "تو شیر ہے۔ تیرا بھیڑوں میں کیا کام" وہ بولا۔ میں تو بھیڑ ہوں۔ شیر نہیں۔ اسی طرح ہم مسلمان انگریزوں میں رہ کر اپنا آپ بھول گئے ہیں۔ لباس۔ چال ڈھال اور معاشرت میں انگریز بنتے جا رہے ہیں۔

مصر میں جب لوگوں نے اسلام قبول کیا تو گورنر مصر کے پاس آئے اور کہا کہ دریائے نیل میں ہر سال ایک کنواری لڑکی بنا سنوار کر ڈال دیتے ہیں تاکہ دریا میں پانی آئے اور ہم اپنے کھیت اور باغ سیراب کریں۔ آپ فرمایئے حضور علیہ السلام کا دامن پکڑنے کے بعد

Marfat.com

یعنی ہمیں غیر قوموں کے دستور پر چلنا چاہئے یا نہیں۔ گورنر مصر نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالے
کی خدمت میں ایسے ہی لکھا۔ آپ نے دریا کے نام حکم لکھا۔ کہ اے دریا اگر تو اپنی مرضی سے چلتا
ہے تو ہمیں تیری ضرورت نہیں اور اگر خدا کے حکم سے چلتا ہے۔ تو جاری ہوجا۔ جونہی خط دریا
میں ڈالا گیا۔ پانی کا ایک سیلاب دریا میں آگیا۔ کہ آج تک خشک نہیں ہوا۔

کلمہ شریف پڑھنے کے بعد رسوم جاہلیت جائز نہیں۔ اتوار عیسائیوں کی چھٹی ہے
اور ہفتہ یہودیوں کی۔ ہمارا مقدس دن جمعہ ہے۔ جمعہ کو چھٹی ہو تو اطمینان سے غسل کریں۔
بچوں کو نہلائیں دھلائیں اور نماز جمعہ میں اپنے ساتھ لے جا کر وعظ سنوائیں جمعہ کی نماز پڑھنے سے
ایک حج مقبول کا ثواب ملتا ہے۔

جمعہ کی فضیلت بے حساب ہے فرشتے مسجد کے دروازے پر کتابیں لئے بیٹھ جاتے ہیں
پہلی صف والوں کو اونٹ کی قربانی کا ثواب دوسری صف والوں کو گائے کا پھر اسی طرح
دنبہ اور بکرا اور انڈے تک کا ثواب درج کرتے ہیں۔ فرشتے منتظر ہیں کہ تیرے نامہ اعمال
میں قربانی کا ثواب لکھیں اور تو دکان پر گاہک کا منتظر ہے۔

اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا۔
(ترجمہ۔ زمین پر کوئی چلنے پھرنے والا ایسا نہیں جس کا رزق اللہ کے ذمہ نہ ہو)
اللّٰہُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَاءُ وَیَقْدِرُ (ترجمہ اللہ تعالیٰ جس کا چاہے رزق
فراخ کر دے اور جس کا چاہے گھٹا دے)
وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْأَرْضِ (ترجمہ۔ اگر اللہ تعالےٰ ...... تو
وسیع رزق دیدیتا تو البتہ وہ زمین میں فساد کرتے)

یعنی نفس امارہ تو انسان کے ساتھ ہے۔ اگر فکر معاش نہ ہوتی تو پھر لوگ عزت و جاہ
کے لئے آپس میں کشت و خون کرتے۔ جیسے جس چیز کے قابل سمجھا عنایت فرمایا۔ معلوم ہوا فکر
معاش بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے۔ اگر دولت مند حلال رزق کمائیں اور اللہ کی راہ میں خرچ

کریں تو یہ بہت بڑی نیکی ہو۔ اور اگر نیت خالص نہیں تو اس سے بڑھ کر اور برائی کیا ہوگی۔
تیرا تو کل خالق پر ہونا چاہیئے۔ جب تو بچہ تھا۔ مانگ نہیں سکتا تھا۔ تیرے لئے ماں کی
چھاتی پہ دو نہریں جاری کر دیں۔ شاہ و گدا۔ امیر و غریب سب کے بچوں کے لئے کہ تو جتنا
چاہے نرم نرم ہونٹوں سے دودھ پیئے اور پیٹ بھرے۔

بہتری اسی میں ہے کہ تو جمعہ کے علاوہ دوسری نمازوں کی بھی پابندی کرے۔ اپنا یہ
عقیدہ چھوڑ کہ جمعہ کے دن دکان بند کریگا تو روزی کہاں سے ملے گی۔ روزی رساں تو وہ رازقِ
حقیقی ہے تو کن فکروں میں پڑا ہے اکثر لوگ جمعہ میں حاضر ہی نہیں ہوتے اور جو آتے بھی ہیں
تو گھڑی دیکھ کر جماعت کب کھڑی ہوتی ہے بس ایک دو منٹ پہلے آگئے اور دوڑ بھاگ کر
جماعت میں مل گئے۔ اور واپس جانے کی جلدی کر رہے ہیں۔ نمازیوں کے آگے سے کندھے
پھلانگتے بھاگے جا رہے ہیں۔ وعظ کی آواز سے تو بچ گئے۔ نہ احکام خداوندی سنے نہ ان
پر عمل کرنے کی نوبت آئی۔

پہلے زمانے کا مسلمان مسجد کے دروازے پر لائن بناتا تھا اور افسوس ہے کہ آج کل
کا مسلمان فلم کے دروازے پر ٹکٹ خریدنے کے لئے لائن میں کھڑا ہے۔

مسجد میں حضور کے صحابہ کرام داخل ہو رہے تھے۔ آپ نے فرمایا بیٹھ جاؤ۔ ایک صحابی
جوتیوں میں ہی بیٹھ گیا۔ آپ نے وجہ پوچھی تو عرض کیا کہ حضور کا حکم ہو اور میں کھڑا رہوں۔
یہ نہیں ہو سکتا۔ آج کل کا مسلمان نماز روزے کو بھول کر صرف نام کا مسلمان رہ گیا ہے۔
انگریزی سکولوں کالجوں میں تعلیم پانے سے فیشن بھی انگریزی ہو گیا۔ اسلامی رسم و
رواج۔ لباس۔ شکل و شباہت ترک کی جا رہی ہے۔ اور انگریزی فیشن کرنے میں ہی فخر کیا
جاتا ہے۔

حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ
مِنْهُمْ۔ (ترجمہ۔ جو کوئی کسی قوم کی مشابہت کرتا ہے۔ انہی میں سے ہوتا ہے)

Marfat.com

ایک مرتبہ ریل گاڑی میں سفر کے دوران مسافروں کی آپس میں لڑائی ہو گئی۔ پٹائی کروانے والے ایک مسلمان نے دوسروں کو طعن کیا کہ اچھے مسلمان تھے۔ مجھے ہندوؤں سے چھڑوایا بھی نہیں۔

مسلمان بولے بھائی جان ہم تو تمہاری شکل وصورت اور لباس سے یہی سمجھے کہ کوئی ہندو ہے یا عیسائی آخر مسلمانوں والی کوئی نشانی ہمیں بھی تو بتادو۔ بس وہ شرمندہ ہو کر رہ گیا۔

جتنے فضول کام تھے اُن میں تو انگریزوں کی پیروی ہو گئی۔ دکان کا ناغہ ہوا تو تاش لے بیٹھے۔ جس میں ایک پائی کا بھی فائدہ نہیں۔ کسی مزدور کو کہو کہ ایک دن کام کرے مگر وہ بھی مزدوری مقرر کئے بغیر کام نہیں کرتا۔ کہ دیکھو بھلا وہ بھی اپنا دن اس طرح ضائع کرتا ہے۔ جس طرح آپ تاش کھیل کر کر رہے ہیں۔

نفع بخش کام تو انگریز نے ہمیں سکھلایا نہیں تھا۔ ریل کے انجن۔ انجنوں کے پرزے۔ ہوائی جہاز بنانا غرض سب کچھ ولایت سے ہی منگواتا تھا۔ اب ان کے جانے کے بعد کپڑے دھاگے کے بیسیوں کارخانے۔ سائیکلوں کی فیکٹریاں الغرض بیسیوں کارخانے ہمارے پاکستان میں کھل رہے ہیں۔ مگر انگریزوں کے ہوتے ہوئے ایک بھی نہ تھا۔

انگریز نے ہمیں سکھایا۔ کہ فلمیں بناؤ۔ فلمیں چلاؤ۔ گندے گیت گاؤ۔ اور اخلاق خراب کرو۔ ایسے کام نہیں سکھلائے۔ جن سے روٹی کما سکیں۔

انگریزوں نے کوشش کی کہ بہر صورت اسلامی ذہنیت لوگوں کے دماغوں سے نکل جائے۔ نام رکھیں تو انگریزوں کی طرح۔ لباس انگریزی۔ تعلیم انگریزی۔ علاج انگریزی۔ دوائیں انگریزی۔ سر پر ٹوپی انگریزی کہ نماز میں بھی رکاوٹ ہو۔ دل میں اچھی طرح جم گیا ہے۔ کہ ہر چیز ولایتی اچھی ہوتی ہے۔ اور اپنے ملک کی خراب۔ بھلا کوٹ پتلون والے اطمینان سے رکوع سجود بھی کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

اب کھانے انگریزی فیشن کہ کھڑے کھڑے جانوروں کی طرح کھاؤ یا چل پھر کر کھاتے پھرو ۔

نئی تہذیب کے انڈے ہیں گندے

اٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں

اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے دین اسلام کو پسند فرمایا ۔ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا (ترجمہ ۔ اور تمہارے لئے دین اسلام پسند فرمایا) ۔

اور تم نے انگریز کا دین پسند کر لیا ۔ انگریز وائسرائے لارڈ کرزن کی سنت پوری کی یعنی ڈاڑھی مونچھ صفا چٹ ٹیڑھی مانگ اور نام ہے زیڈ ۔ اے ۔ بھٹی ہے کوئی اسلامی نشان ۔ کیا اس میں ہی تیری شان ہے ۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔ وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْہُ ۔

(ترجمہ جو کوئی اسلام کے علاوہ کوئی دین پسند کرے تو ہرگز قبول نہیں کیا جائیگا ۔

حضور داتا صاحب سید علی ہجویری داتا گنج بخش اپنی کتاب کشف المحجوب میں فرماتے ہیں یہ انسان کی نجات دین کی تابعداری میں ہے ۔ اس کی ہلاکت دین کی مخالفت میں ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو دین کی فرمانبرداری اور نیکی کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِیْن

سید محمد معصوم صاحب قبلہ نے خطاب فرمایا

مورخہ ۲۲ ۹ / ۸۵

Marfat.com

وعظ پنجابی

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ۝ وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ

ترجمہ بے شک نیکوکار ضرور چین میں ہیں اور بے شک بدکار ضرور دوزخ میں ہیں

بے نماز جنت دی کنجی کہیا رسول ہوراں نے — ہو گا حساب نماز دا اول حشر دیہاڑے

اک صحابی دا مسجد کولوں ہوسی گھر دراڈا — گھر بنا لیں دا نیڑے مسجد کیتا اوس ارادہ

خبر سنی جاں پاک نبی نے اکھیا اس دے تائیں — گھر دراڈا مسجد کولوں بہتر تیرے تائیں

مسجد کولوں جتنا ہوسی گھر دراڈا تیرا — جتنا چل کے پڑھسیں آ کے تینوں ثواب ودھیرا

کسے صحابی پچھیا اک دن پاک نبی تھیں — یا نبی اللہ افضل کیہڑا عمل بتاؤ تھیں

پاک نبی تاں ایہہ فرمایا آپ رسول غفاری — نماں تیری رہ مرنے تائیں نماز دا جہ جاری

نعمت عیش آں حشر دیہاڑے ملسی نیکوکاراں

ملسی سخت عذاب جہنم بدکاراں فجاراں

Marfat.com

وعظ پنجابی

چڑھی گھٹا رحمت دی فضلوں خوش برساتاں ریاں
سکیاں سڑیاں کھیتیاں کیتیاں رحمت مینہ دی ہریاں

رحمی ہوسے پہیاں اُتے جاوں خداوند باری
گھٹے بدل برسن والے کر کے کرم غفاری

گھوہ پل واہنے دی بھی ہرگز لوڑ نہ رہ جائے کوئی
ایہہ نا کرم خداوند عالی خلقت وصلی ہوئی

پھر پنڈاں وچ اکثر ونکیاں ٹلیاں کوڈی پائے
پائیے تاش کھیڈا وچ اپنا ضائع وقت گوالے

مینہ وسن دا شکر ہے ہی آسیلیں وڈے
کماں کوں ہو کے فارغ سب نمازاں پڑھدے

کھول قرآن کتاب خدا دی بہت زیادہ پڑھدے
نیک کماں دی گھر اپنے وچ بہت ہدایت کرتے

چنگا عالم سنتی سا کے وعظ بیان سناندے
بھلیاں تائیں راہ نیکی دسنال محنت لاندے

وعظ کرانے داہڑیاں رکھو پینے سب مناؤ
ہو کے مسلم علیسائیاں والی نہ تسیں شکل بناؤ

پاک نبی سرور نوں داہڑی داوا سجدی آئی
پلک بھی سرور دی داہڑی سینہ کجدی آئی

تو سویرے اُٹھ فکر تسیں داہڑی روز منا ندا
جھاڑ نبی اپنے دا راہ اڈ دے جاندا

وعظ کرالے فلم دیکھن دا نہیں ہرگز کائی
فلم دیکھنی تسیں اساں تے عام ہوئی گمراہی

فلماں والے فیشن لوکاں ہین سکھاندے رہندے
گئے سے ڈاکو چور اُچکے ہین بناندے رہندے

ہر چمبرائی بے حیائی فلماں والے دسن
سنگے بانکاں ظرف سلاخ دور دور اڈے نسن

مغرب ہور نماز عشا دی ضائع روز کرائے
پینگے ہو کے وقت نمازاں فلماں تہ چلاندے

انگریزاں نے اس ملک وچ اول فلم چلائی ۔۔۔ مسلماناں نوں گمراہ کرن دی خاطر اوہناں بنائی

نوجواناں نوں ایس فلم نے کیتا بہت آوارہ

اکھن بابجھ فلم دیکھن دے ہوندا نہیں گذارہ

مسلماناں نوں اس فلم دا فیض نہیں ہرگز کوئی ۔۔۔ اس فلم ہیں مسلماناں وچہ بہت خرابی ہوئی

عشقیہ فلماں گندے گانے لوکاں نوں سناون ۔۔۔ نوجواناں راہ شیطانی موڑ نیکی تھیں لاون

فلم اندر تصویراں ہوون نالے فحش گانے ۔۔۔ اے دواں چیزاں نوں جائز نہ جانن عالم چھد بانے

دو نمازاں وچہ فلم دے ضائع روز ہو جاون ۔۔۔ مغرب عشاء دے ویلے اکثر فلماں روز چلاون

مسلماناں نمازاں پڑھدے اندر جنگ لڑائیاں ۔۔۔ آج فلم نے مسلماناں نوں نمازاں چھڈائیاں

اے مسلم فلم ویکھن کدی نہ جاویں ہرگز ۔۔۔ دیکھ تصویراں پیسے اپنے نہ گنواویں ہرگز

چنگے ہے سی فلماں اندر بانگاں جا کھواندے

مسلماناں تیں پڑھو نمازاں عام اعلان کراندے

کرسیاں چک کے صفاں بچھا کے جماعت کراندے ۔۔۔ جنگاں اندر جیو نکر غازی نماز بھلاندے

اوہ مجاہد جنگاں اندر سب نمازاں پڑھدے ۔۔۔ تیرے وانگوں فلماں اندر قضا نماز نہیں کردے

اوہ مجاہد راہ رب دے وچہ جاناں مال لٹاندے ۔۔۔ تیرے وانگوں فلماں اندر نہیں سن مال گنواندے

اوہ مجاہد کھیڈاں کولوں دور دراڈے رہندے ۔۔۔ تیرے وانگوں چھڈ نمازاں نہ وچ فلماں بہندے

فلم ویکھن دا توں عاشق ہر دن شوق لگاویں ۔۔۔ من کے بانگاں مسجد اندر ہرگز قدم نہ پاویں

اوہ مجاہد مسجد اندر شوقوں نفلوں جاندے ۔۔۔ تیرے وانگوں فلماں اندر نہیں سن ویلے لاندے

ویکھ تصویراں فحش گانے سن تینوں صبر نہ آوے

وعظ نصیحت والی مجلس تینوں کدے نہ بھاوے

بعضے اپنے بیوی بچے فلماں وچہ لیجاندے ۔۔۔ اپنی ہتھیں اپنی بیڑی آپ غرق کراندے

فضائلِ سیدالمرسلین

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ہ

عزیزان! آج مجھے اپنے آقائے دوجہاں، سرورِ کونین ۔ خاتم النبیین ۔ سید المرسلین ۔ احمد مجتبےٰ ۔ جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلیٰ مقامات کا کچھ ذکر کرنا ہے ۔ خداوند تعالےٰ نے آپ کو دونوں جہاں کی رحمت قرار دیا ہے ۔ آیت پاک وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ہ (آپ کو دونوں جہاں کی رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے) حضور نے اپنے اچھے اخلاق اور نیک سلوک سے نہ صرف اپنے دوستوں بلکہ اپنے دشمنوں کا دل بھی موہ لیا تھا ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسلام لانے سے پہلے قتل کے ارادہ سے گھر سے نکلے اور جب واپس گھر میں پہنچے تو آپ کے غلام بن چکے تھے ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نے فرمایا کہ میں قیامت کے دن حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد کا سردار ہوں ۔ اور سب سے پہلے قبر سے اٹھونگا اور سب سے پہلے شفاعت کرونگا ۔ اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول ہوگی ۔ حدیث پاک یہ ہے ۔ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ ۔ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَاَوَّلُ مَنْ یَّنْشَقُّ عَنْہُ الْقَبْرُ وَاَوَّلُ شَافِعٍ وَّاَوَّلُ مُشَفَّعٍ ہے ۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے آپ کو جمیع اختیارات عطا فرمائے تھے۔ اور اب بھی ہیں۔ ایک مرتبہ فضالہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ بہ سبب کاروباری مشغولی کے پانچوں نمازوں کی محافظت نہیں کر سکتا مجھے کوئی ایسا جامع امر فرما دیجئے کہ جب میں اُسے کروں تو مجھے کرے۔ آپ نے فرمایا کہ عصرین کی محافظت کر۔ اور یہ کہ لفظ عصرین میری لغت کا نہ تھا اس لئے میں نے پوچھا یا رسول اللہ عصرین کیا ہوتا ہے۔ آپ نے فرمایا ایک نماز سورج نکلنے سے پہلے کی یعنی فجر اور ایک سورج غروب ہونے سے پہلے کی۔ یعنی نماز عصر اس حدیث پاک کو ابوداؤد نے عبداللہ ابن فضالہ کی طرف سے روایت کیا حدیث پاک یہ ہے۔ عَنْ عبد اللّٰہ ابن فضالۃ عن ابیہ قال علمنی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم وکان فی ما علمنی وحافظ علی الصلوٰۃ الخمس قال قلت ان ھذہ ساعات لی فیہا اشغال فمرنی بامر جامع اذا انا فعلتہ اجزء عنی فقال حافظ علی العصرین وما کانت من لغتنا فقلت ما العصران فقال صلوٰۃ قبل طلوع الشمس وقبل غروبہا

(ابوداؤد)

اب دیکھئے قرآن و حدیث کے مطابق تو پانچوں نمازیں ہر ایک کے لئے فرض قرار دی گئی ہیں۔ مگر آپ کو اختیار ہے۔ کہ وہ جسے چاہیں دو نمازوں کی محافظت کا ہی حکم دیدیں۔

ایک اور حدیث پاک جو حضرت ابی ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔ اس طرح ہے۔

عَنْ ابی ذر قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم انی اری ما لا ترون واسمع ما لا تسمعون۔ (رواہ احمد و الترمذی و ابن ماجہ)

(ترجمہ) ابوذر کہتے ہیں کہ حضور نے فرمایا تحقیق میں دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے۔ اور سنتا ہوں جو تم نہیں سنتے۔ اس حدیث کو۔ احمد۔ ترمذی۔ اور ابن ماجہ نے روایت کیا۔

معلوم ہوا کہ آپ کا دیکھنا اور سننا عام انسانوں کی طرح نہیں تھا بلکہ وہ دور کی

Marfat.com

آواز بھی سن سکتے تھے جسے ہم نہیں سن سکتے اور آپ وہ سب کچھ دیکھ سکتے تھے۔ جسے ہم نہیں دیکھ سکتے۔

ان آیات واحادیث سے صاف صاف ظاہر ہوگیا کہ آپ کی بشریت ہماری بشریت کی طرح نہیں تھی بلکہ نہایت ارفع واعلیٰ تھی جس کا ہم تصور بھی نہیں کر سکتے۔

ایک مرتبہ اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے پاس کھڑے ہوگئے اور فرمایا ان دونوں کو عذاب ہو رہا ہے۔ صحابہ کرام نے انکار نہیں کیا بلکہ ان کا عقیدہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم زمین میں دفن کئے ہوئے مردوں کے حال سے بھی واقف ہو جاتے ہیں۔ صحابہ نے عرض کیا کہ حضور ان کو کیوں عذاب ہو رہا ہے۔ تو حضور نے فرمایا کہ ان میں ایک چغل خور تھا۔ اور دوسرا اپنے آپ کو پیشاب کے چھینٹوں سے محفوظ نہیں رکھتا تھا۔

اس موقع پر کسی صحابی نے انکار نہیں کیا۔ یہ تو آپ کبھی نہیں کہیں گے چغلخور کو تو معلوم کر لیتے ہیں۔ مگر چور اور ڈاکو کو آپ معلوم نہیں کر سکتے۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ جو اعمال ہم دنیا میں کرتے ہیں۔ حضور کو معلوم ہو جاتے ہیں تو چغل خور نے چغلیاں تو دنیا میں کی ہونگی۔ لیکن حضور نے قبر کے پاس کھڑے ہو کر بتا دیا کہ یہ چغل خور تھا۔ وہ قبر میں تو چغلیاں نہیں کرتا تھا۔ اور پیشاب کے چھینٹے بھی قبر میں سے نظر نہیں آسکتے کیونکہ مردے کو دفن کرنے سے پہلے خوب نہلایا جاتا ہے۔ خوشبو لگائی جاتی ہے۔ چھینٹوں کا کیا ذکر۔

کئی لوگ تمام عمر علماء سے تعلق پیدا نہیں کرتے مگر موت کے بعد تو علماء کو بھی تلاش کرنا پڑتا ہے۔ معلوم ہوا کہ علماء کی ضرورت بہرحال ہے۔ بچہ پیدا ہو تو اذان علماء سے دلواتے ہیں۔ قرآن شریف پڑھنا ہو تو علماء کی تلاش کرتے ہیں۔ غرض نکاح۔

جنازہ جو کچھ بھی ہو علماء کے بغیر گذارہ نہیں ہو سکتا وہ لوگ جو علماء سے عداوت رکھتے ہیں۔ ضرورت ان کو بھی پڑ جاتی ہے۔ نزع کے وقت سورۂ یٰسین پڑھوانے کے لئے علماء کو بھی تلاش کرنا پڑتا ہے۔ ان کے بغیر گذارہ نہیں ہو سکتا۔

بس اور طرف چلا گیا۔ بیان یہ کر رہا تھا۔ کہ بندہ جس خیال میں تمام دن گذارتا ہے سوتے ہوئے بھی وہی خیالات آتے رہتے ہیں۔ ایسے ہی مرنے کے بعد بھی وہی خیالات آئیں گے جو زندگی میں آیا کرتے تھے۔ مگر وہاں تو اچھے خیالات کی ضرورت ہے۔ گندے خیالات مصیبت کا باعث بن جائینگے۔

اصحاب کہف نے وطن چھوڑ دیا۔ لیکن اللہ کو نہیں چھوڑا۔ ۳۰۹ سال غار میں پڑے گذر گئے۔ مگر خیال یہی رہا کہ وہ ظالم بادشاہ کہیں ہم کو نہ پکڑ لے۔ جس ساتھی کو کھانا لانے کے لئے بھیجا اُس کو تاکید کر دی کہ چپکے سے کھانا خرید لائے کسی کو پتہ نہ چلے کہ تم کون ہو۔ ایسا نہ ہو کہ پکڑے جائیں۔ معلوم ہوا کہ جو خیال یہاں وہی خیال وہاں۔

اگر دنیا میں فلموں میں ہی مشغول رہا تو قبر میں نماز کا خیال کیسے آئیگا۔ سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم معراج کی رات حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر کے پاس گذرے تو دیکھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام قبر میں نماز پڑھ رہے ہیں۔ اگر تو دنیا میں فلمیں ہی دیکھتا رہا تو قبر میں نمازوں کا خیال کیسے آئیگا۔

اللہ تعالیٰ تجھے سمجھ عطا کرے۔ ہمیشہ نیکوں کا دوست بن دنیا میں جس کے ساتھ تیری دوستی ہو گی قیامت میں اُسی کے ساتھ تیرا حشر بھی ہو گا قرآن شریف میں آتا ہے۔

اَلْاَخِلَّآءُ یَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِیْنَ ۝

(ترجمہ) بعض دوست بھی ایک دوسرے کے دشمن ہو جائیں گے لیکن جو پرہیزگار ہیں۔ ان کی دوستی

قائم رہے گی۔

معلوم ہوا نیکیوں کو دوست بنانا ہی مفید ہے۔ خدا کرے آپ کا حشر نیک لوگوں کے ساتھ ہو۔ کیونکہ قیامت کے دن سوائے نیک لوگوں کے اور کسی کی دوستی کام نہیں آئیگی۔ اللہ تعالیٰ تمہیں اور مجھے متقی بنائے اور متقی لوگوں کی دوستی عطا فرمائے۔ بزرگوں کی محبت دے۔

وَ اَدۡخِلۡنَا الۡجَنَّۃَ مَعَ الۡاَبۡرَارِ وَاحۡشُرۡنَا مَعَ الۡمُتَّقِیۡنَ (ترجمہ) یا رب العالمین ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ جنت میں داخل کر اور ہمارا حشر پرہیزگاروں کے ساتھ ہو۔

ایسی دعائیں مانگنے کے لئے اللہ تعالےٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔ معلوم ہوا کہ اگر کسی کے ساتھ دوستی پیدا ہو جائے تو ہمہ وقت اسی کی تعریفیں بیان کرتا رہتا ہے۔ علمائے اہل سنت کا وعظ کیا ہوتا ہے۔ حضور کی صفتیں بیان کرنا۔ آپ کی شان کا اظہار کرنا ایک شخص نے اپنے دوست سے کہا کہ تو ہر وقت میری تعریفیں ہی بیان کرتا رہتا ہے۔ میرا کوئی عیب کیوں نہیں بیان کرتا۔ اس نے جواب دیا کہ میں تیرا دوست ہوں۔ مجھے صرف آپ کی خوبیاں ہی نظر آتی ہیں۔ عیب نظر نہیں آتے۔ دوست کو تو صرف خوبیاں ہی نظر آئیں گی۔ عیب پوچھنے ہوں تو کسی دشمن سے پوچھئے۔ مجھے عیب نظر نہیں آ سکتے۔ علمائے اہل سنت حضور کے غلام ہیں۔ وہ تو اُن کا وسیع علم حضور کے اختیارات اور آپ کی شان ہی بیان کرینگے ؎

زباں تا بود در دہاں جائے گیر
ثنائے محمدؐ بود دلپذیر

(ترجمہ) جب تک زباں منہ میں چل سکتی ہے۔ اسوقت تک حضور پاک کی صفت وثنا ہی بیان ہوتی رہے گی۔

حضور کے زمانہ میں ایک مرتبہ بڑی خوفناک آواز سنائی دی۔ صحابہ نے پوچھا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ آواز کیسی ہے۔ آپ نے فرمایا یہ آواز ایک پتھر کے گرنے کی ہے۔ جب سے دنیا بنی ہے۔ یہ پتھر تحت الثریٰ کیطرف جارہا تھا۔ اب وہاں گرا ہے۔ یہ اُس کی آواز ہے۔ جس کی نظر تحت الثریٰ تک جا پہنچے۔ آج کوئی ان کا علم بیان کیسے اور کہے کہ ان کو یہ معلوم نہیں تھا۔ کتنی بے ادبی اور حماقت ہے۔

بے ادب لوگ یہ تو کہتے ہیں کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کو نو کوس کے فاصلہ سے یوسف علیہ السلام کے کنوئیں میں گرنے کی خبر نہیں آئی تھی بھلا یہ کیوں نہیں بیان کرتے کہ جب بشیر مصر سے حضرت یوسف علیہ السلام کا کرتہ لیکر چلا تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے کنعان میں فرمایا کہ آج مجھے یوسف علیہ السلام کی خوشبو آرہی ہے۔

یہ بے ادب لوگ ہمیں بتائیں کہ کیا یوسف علیہ السلام کو کنعان کا راستہ بھول گیا تھا۔ وہ خود بخود کیوں اپنے باپ کے پاس نہیں آگئے۔ جواب دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا حکم نہ تھا۔ ہمارا جواب یہ ہے۔ کہ کنوئیں میں گرنے کا حادثہ بھی حضرت یعقوب علیہ السلام نے اس لیئے نہ بتایا کہ بتانے کا حکم نہ تھا۔

اے عزیزان۔ کشف المحجوب تو پڑھ کر دیکھو۔ جس میں سرتاج اولیاء حضرت علی ہجویری داتا گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

ایک شخص کو حج کرنے کا شوق ہوا۔ اُس کی والدہ نے اپنی خدمت کے لیئے کہا اور سفر پر روانہ ہونے سے منع کیا۔ مگر وہ چلا گیا۔ ایک بزرگ جو ولی اللہ تھے ان کے پاس بیٹھ گیا۔ اس ارادے سے کہ جب بیدار ہونگے تو اُن سے اجازت لے کر آگے جاؤنگا۔

Marfat.com

بیدار ہوتے پر اس بزرگ نے فرمایا کہ مدینہ کے راہی تیرے لئے سرکار مدینہ کا فرمان آگیا ہے۔ کہ ماں کا حق نگاہ میں رکھ۔ یہ حج کرنے سے بہتر ہے۔ جب یہ حکم سنا تو وہ شخص واپس آیا۔ حج کرنے کے لئے نہیں گیا اور اپنی والدہ کی خدمت میں مشغول ہوا۔

اے واعظ کوئی عقل کی بات بیان کر جب حضور کے غلام حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کئی سو کوس کے فاصلہ سے لڑائی ہوتی دیکھ کر حضرت ساریہ کو فرماتے ہیں۔ یا ساریۃ الی الجبل تو تو خود حضور کے متعلق کیوں کہتا ہے۔ کہ ان کو دیوار کے پیچھے کا علم نہیں تھا ؎

غلام جنہاں دے کئی سو کوہاں خبر پہنچادن دوروں
توں کیہ جانے علم نبی نوں کتنا بخش حضوروں

فاروق اعظم نے مسجد میں خطبہ دیتے ہوئے ساریہ کو آواز پہنچادی۔ آواز دیواروں سے گذر گئی۔ پہاڑوں سے گذر گئی۔ کھجوروں کے باغوں نے نظر کو نہ روکا۔ دیکھ بھی لیا۔ آواز بھی پہنچادی اور ساریہ نے سن بھی لی۔ جن کے غلام اتنی دور سے دیکھ بھی لیں آواز بھی پہنچادیں اور جس کو آواز دی گئی وہ سن بھی لے۔ مدینہ پاک میں مسجد میں کھڑے سینکڑوں میلوں پر ملک ایران میں آواز پہنچ جائے۔ اب بتاؤ۔ جب غلام اس مرتبے کے ہیں۔ تو پھر آقا کا کیا مقام ہوگا۔ آقا کے دیکھنے کی حد کیا ہوگی۔

کلام پاک میں آتا ہے عیسٰے علیہ السلام فرماتے ہیں۔

وَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَأْكُلُونَ وَمَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ (ترجمہ) اور میں تمہیں خبر دوں کہ تم جو کچھ کھا کر آتے ہو اور جو کچھ چھوڑ آتے ہو۔ کھائی ہوئی اور رکھی ہوئی چیز عیسٰے علیہ السلام بتادیں ؎

حضرت عیسٰے کھادی رکھی چیز جو جان ساری
کیوں نہ جانے تی جنوں ہے نبیاں دی سرداری

تو خیال کر وہ جو ماں کے کہنے پر نہیں چلا اُسے مدینہ پاک سے پیغام بھیج دیا۔ اگر علم نہ تھا۔ خبر نہ ہوئی تھی تو پیغام کیسے بھیج دیا۔ معلوم ہوا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ جو اللہ کے کہنے پر نہیں چلا۔ ایک ولی اللہ کے کہنے پر چلے گا۔ وہاں پیغام بھیج دیا۔ انہوں نے پیغام پہنچا بھی دیا۔ پیغام تو وہی بھیج سکتا ہے جو جان لے کہ یہ فلاں ولی اللہ کا عقیدتمند ہے۔ اُسکو نہیں بھیجا۔ بلکہ ولی اللہ کو بھیج دیا۔ اس مقام پر ذرا سوچ تو سہی کہ سید الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے علم دیا ہے کہ نہیں۔ شان بڑا۔ علم بڑا۔ اختیار بڑا۔ نہ علم کی انتہا نہ درجے کی اور نہ ہی اختیار کی۔

حضرت داتا گنج بخش رحمتہ اللہ فرماتے ہیں۔ ولایت کی انتہا۔ نبوت کی ابتدا ہے۔ اگر کوئی پرائمری پاس ایم اے کی کتابیں پڑھنا چاہے تو اُستاد کہیں گے کہ ان کتابوں کا علم تیرے علم سے بہت اونچا ہے۔ تیری اتنی تعلیم نہیں کہ تو ان کو سمجھ سکے۔

سید علی ہجویری حضرت داتا گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ کشف المحجوب میں لکھتے ہیں کہ نبی کا ایک سانس ولی کے تمام زمانوں سے افضل ہے یعنی نبی کا ایک سانس۔ ولی کی ساری عمر سے افضل ہے

حضرت بایزید بسطامی سے لوگوں نے پوچھا۔ کہ نبی کا مقام کیا ہوتا ہے۔ آپ نے جواب دیا۔ میں نے جس کو سمجھا ہی نہیں اُسے بیان کیا کروں۔ یہ واقعہ کشف المحجوب میں حضرت داتا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے درج فرمایا ہے۔ وہ لوگ جو حضور کے علم کے متعلق جنتری کا پیمانہ بناتے پھرتے ہیں کیا ان کو حضرت بایزید بسطامی رحمتہ اللہ علیہ کے برابر علم ہے۔

حضور نے تو شب معراج میں وہاں پہنچے جہاں کوئی نہیں پہنچا۔ سب سواریاں سامنے

Marfat.com

میں ہی تھک کر رہ گئیں حضور ایک ایسی جگہ پہنچے جہاں سے آجا نا آئی

رکے شاہ تو پردے سے آ دا نہ آئی
تو پردے میں آ تجھ سے پردہ نہیں ہے

حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب فرماتے ہیں۔ کہ

اور غیب آپ سے نہاں ہو گیا
جب خدا ہی نہ چھپا آپ پر کروڑوں درود

کوئی ہمیں بتائے کہ آپ نے کبھی کسی سائل کو خالی ہاتھ پھیر دیا ہو۔ جو کوئی در دولت پہ آیا با مراد ہو کر گیا۔

ایک مرتبہ جنگ میں ایک صحابی کی آنکھ نکال دی گئی۔ وہ آنکھ کی پتلی ہتھیلی پہ رکھے حاضر ہوا۔ عرض کیا حضور آنکھ نکال دی گئی۔ آپ نے اپنے دست مبارک سے لب مبارک آنکھ کی پتلی کو لگائی اور وہیں رکھدی۔ آنکھ جوں کی توں ہو گئی۔ سبحان اللہ۔

ایک بازو کٹا حاضر ہوا۔ کٹا ہوا بازو وہیں رکھ کر جوڑ دیا۔ یہ ہیں لب مبارک کی کرامات۔

کنوئیں کا پانی کھاری تھا۔ لب مبارک ڈال کر کملی والے نے کنوئیں کا پانی میٹھا ہو گیا۔

ایک بڑھیا نے عرض کیا حضور تھوڑا سا پسینہ عنایت فرمائیں۔ میرے گھر میں عطر نہیں ہے۔ حضور کا پسینہ کفایت کریگا۔ آپ نے اپنے دست مبارک سے پسینہ عطا فرمایا۔

حضور کا بستر چمڑے کا تھا۔ عورتیں بستر پر سے پسینہ پونچھ کر جمع کر لیتیں۔ بس یہ عطر ایک مرتبہ کا لگایا ہوا ساری عمر ختم نہیں ہوتا تھا۔ خوشبو تا عمر قائم رہتی تھی

Marfat.com

حضور کی خدمت میں کوئی سائل ایسا نہ آیا جو خالی گیا ہو۔

ایک جنگ میں اصحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پانی نہیں ملتا۔ آپ نے پانی کے ایک پیالے میں اپنا دست مبارک رکھ دیا۔ بس پھر کیا تھا۔ پیالے میں سے ہی نہریں جاری ہو گئیں۔ فوجوں نے پانی پیا۔ گھوڑوں اور اونٹوں نے اپنی پیاس بجھائی۔ مشکیں بھر لی گئیں پھر بھی پانی ختم ہونے میں نہ آیا۔

ایک مقروض اصحابی حضور کے دربار میں حاضر ہوئے۔ عرض کیا حضور میرے میرے گھر میں کھجوریں کم ہیں اور قرض خواہ زیادہ ہیں۔ اگر حضور تشریف لے چلیں تو حضور کے قدموں کی برکت سے میرا قرض بے باق ہو جائیگا۔ قرض خواہ سنگدل تھے کہنے لگے قرض تو ہم پیسہ پیسہ لیں گے۔ پائی تک معاف نہیں ہوگا۔ آپ نے فرمایا۔ بھئی چھوڑنے کو کون کہتا ہے۔ دام دام لیجئے۔ حضور نے فرمایا تولنا شروع کرو۔ قرض خواہ اپنا اپنا قرض لیکر چلتے بنے مگر کھجوریں ابھی تک باقی تھیں۔

ایک بی بی صاحبہ حضور کی خدمت میں دودھ کی نذر لائیں۔ آپ نے حضرت ابو ہریرہؓ رضی اللہ عنہ کو فرمایا۔ تمام اصحاب صفہ کو بلا لاؤ۔ ان کی تعداد اس وقت ستر تھی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے خیال کیا کہ دودھ تو میرے لئے بھی کافی نہیں۔ مگر حضور نے ارشاد فرمایا ہے۔ چلے گئے اور سب کو ساتھ لے آئے۔ فرمایا۔ باری باری سے پلاتے جاؤ۔ سب کے سب پی چکے تو حضور نے فرمایا ابو ہریرہ تم بھی پی لو۔ وہ بھی سیر ہو کر پی چکے تو آپ نے فرمایا خوب پیٹ بھر کر پی لو۔ تم نے خیال کیا تھا کہ دودھ تھوڑا ہے یہ تو میرے لئے بھی کافی نہیں۔ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں فرماتے ہیں ؎

کیوں جناب ابو ہریرہ کیسا تھا وہ جام شیر
جس سے ستر صاحبوں کا دودھ سے منہ پھر گیا

Marfat.com

جس طرح حضور نبیوں کے سردار ہیں۔ اُسی طرح ان کے اختیارات بھی بڑے ہیں۔ جسے چاہیں، جتنا چاہیں، جسکو چاہیں عنایت فرمائیں۔

ایک عورت حضور سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ عرض کیا مجھے مرگی کی مرض ہے حضور دعا فرمائیں۔ مجھے شفا ہو جائے۔ میں دعا کے لیے حاضر ہوئی ہوں۔ اگر آج کل کا کوئی مولوی ہوتا تو کہتا جا بی بی اللہ سے مانگ۔ بجز خدا سے مانگنا شرک ہے۔ کوئی مدد نہیں کر سکتا۔ لیکن وہ تھی سُنّی۔

سُنّی مذہب کے پیرو۔ بزرگوں کے خادم۔ اولیاء اللہ کے غلام ہوتے ہیں حضور نے فرمایا اگر ہم تجھے جنت دیدیں۔ عرض کیا یا رسول اللہ اگر جنت مل جائے تو اور کیا چاہیے بے شک دعا نہ فرمائیں۔ مگر بیماری کی حالت میں بے ہوش ہو جاتی ہوں۔ آپ دعا فرمایئے کہ بے ہوشی کی حالت میں میرا بدن ننگا نہ ہونے پائے۔ حضور نے دعا فرمائی۔ اور وہ مائی چلی گئی۔ اس کے بعد بے ہوشی میں بھی اس کے کپڑے اس کے بدن کو ننگا نہ ہونے دیتے تھے۔ سبحان اللہ! کیا دعا ہے اور کیا دینداری ہے اور اس مائی کے کیسے پاکیزہ خیالات تھے۔ اور آج کی مستورات کو دیکھو جو ننگے سر اور باریک کپڑے پہن کر بازاروں میں گھومتی پھرتی ہیں۔ اور کسی سے شرم و حیا نہیں کرتیں۔

ایک دن اتفاق سے اس مائی کا گذر ادھر سے ہوا۔ جہاں صحابہ کرام مسجد نبوی میں بیٹھے تھے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کہنے لگے۔ وہ دیکھو جنتی مائی۔ صحابہ کرام نے عرض کی وہ کیسے تو عبداللہ بن عباس نے کہا جنت کا وعدہ اس سے حضور نے فرمایا تھا۔ اس لئے یہ مائی جنتی ہے۔

صحابہ کرام کا عقیدہ تھا کہ جس کے ساتھ حضور وعدہ کر دیں۔ وہ جنتی ہو جاتا ہے برادران اسلام غور کیجئے جو جنت دے سکتے ہیں۔ تو دنیا کی ان کے سامنے کیا حقیقت ہے۔ سجدہ خدا کا ہی ہے در۔ نہیں اور کوئی مفر مقر۔

Marfat.com

حضرت ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک رات حضور کی خدمت میں حاضر تھے۔ کہ دریائے رحمت جوش میں آیا۔ فرمایا۔ ربیعہ مانگ جو تو چاہتا ہے ؎

مانگ ربیعہ جو تدھ مرضی حضرت نے فرمایا

عرض کیا۔ حضور! مجھے تو چیز دل کے مالک سے محبت ہے۔ مجھے سوائے اُس کے اور کچھ نہیں چاہیئے۔ مجھے تو یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا ساتھ چاہیئے۔ قیامت کے دن میں بھی وہیں ہوں جہاں آپ ہوں ؎

نہ خواہش جنت کی ہے نہ حور و نکی آرزو
بستر قبر کا ہو تیرے در کے سامنے

فرمایا ربیعہ کچھ اور بھی مانگ۔ عرض کیا۔ مجھے صرف اللہ کا رسول ہی چاہیئے میں اور کوئی چیز نہیں چاہتا۔ معلوم ہوا! حضور سب کچھ دے سکتے ہیں۔ جو کچھ کوئی مانگے۔ جتنا چاہیں دے سکتے ہیں۔ اس وقت حضور کی تعریف میں ہزار در ہزار مسائل قطار باندھے سامنے ہیں۔ لیکن وقت کم ہونے کی وجہ سے ملتوی کرتا ہوں ؎

زباں تا بود در دہاں جائے گیر
ثنائے محمدؐ بود دلپذیر

جس ہستی پاک کی تعریف خود خداوند تعالیٰ کرے۔ بندہ کو کیا طاقت ہے کہ اُس کی تعریف کر سکے ؎

ہے انہیں کے دم قدم کی باغ عالم میں بہار
وہ نہ تھے عالم نہ تھا وہ نہ ہوں عالم نہیں

حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کشف المحجوب میں فرماتے ہیں۔ ایک شخص کو وراثت میں بہت سا مال ملا۔ اُس نے سنا کہ ایک شخص کے پاس

Marfat.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بال مبارک ہیں۔ اپنا مال دے دیا اور یہ بال مبارک خرید لئے۔ حضور داتا صاحب فرماتے ہیں۔ تو وہ سودا کرتے ہی اللہ کا ولی ہو گیا دیکھئے بعض سودے ایسے ہوتے ہیں۔ کہ سودا کرتے ہی بندہ ولی اللہ ہو جاتا ہے۔ اب بتائیے اس شخص کو حضور سے کتنی محبت ہوگی جو اپنی ساری جائداد دے کر آپ کے بال مبارک خرید لے۔ اور مرتے وقت وصیت کی یہ بال مبارک میرے منہ میں رکھ کر دفن کرنا۔ سید علی ہجویری فرماتے ہیں جس جگہ اس کی قبر تھی لوگ وہاں جا کر اپنی حاجتیں طلب کرتے تھے۔

یاد رکھو۔ نہ بندے ایک جیسے ہوتے ہیں نہ ان کے بال۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضور کے ناخن رکھے ہوئے تھے جب وفات کا وقت قریب آیا، وصیت کی کہ حضور کے ناخن میری آنکھوں پر رکھ کر دفن کرنا۔

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ سے پوچھیں۔ جب آپ کی والدہ کا انتقال ہوا تو حضور سے درخواست کی کہ آپ اپنا پہنا ہوا کپڑا عطا فرمادیں۔ تاکہ میں اس کپڑے کو اپنی والدہ کے کفن میں رکھوں۔ تاکہ باعث آرام ہو۔ کیا اچھا عقیدہ تھا۔ کہ کپڑا رکھنے سے مولا کی کرم نوازیاں ہو جائیں گی۔ ذرا غور فرمائیں کپڑا کس نے مانگا۔ مولا باب العلم نے۔ جس کے بارے میں حضور اکرم رؤف الرحیم نے فرمایا۔ جس کے علم کے سامنے تمام علمائے کرام اور اولیائے عظام کے علوم سورج کے سامنے چراغ ہیں۔ ان کے بارے میں حضور نے فرمایا۔

أَنَا مَدِيْنَةُ الْعِلْمِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا۔

ترجمہ (میں علم کا شہر ہوں۔ اور حضرت علی اس کے دروازے ہیں)

جب حضور کی صاحبزادی بی بی ام کلثوم رضی اللہ تعالی عنہا کا انتقال ہوا۔ تو حضور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا پہنا ہوا ایک کپڑا دیا اور فرمایا اسے

Marfat.com

کفن میں رکھ دو۔

سن لیجئے! برادران اسلام نہ بندے ایک جیسے نہ کپڑے ایک جیسے۔ ایک دن آپؐ گھر میں تشریف لائے۔ آپ کے کپڑے بالکل خشک تھے۔ حضرت بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر کتنی بارش ہو رہی ہے۔ لیکن آپ کے کپڑے گیلے نہیں ہوئے۔ کیا بات ہے۔

فرمایا اے عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا میری چادر تمہارے سر پر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تم اللہ کی رحمت برستی دیکھ رہی ہو۔ یہ سب اس چادر کی برکت ہے۔ کہ تمہیں رحمت کی بارش باران رحمت نظر آ رہی ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا۔ میرا کرتہ لے جاؤ۔ اور میرے باپ کی آنکھوں پہ ڈال دو (فَأَلْقُوهُ عَلَىٰ وَجْهِ أَبِي يَأْتِ بَصِيرًا) آنکھیں روشن ہو جائینگی۔ کرتا بھیجنے والے نے پہلے ہی بتا دیا۔ کرتے نے جو کام بعد میں کرنا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اگر نبیوں کو علم دیا ہے۔ تو یقیناً ولیوں کو بھی دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو بھی اولیائے کرام کی نگاہ باطن دیکھنے کی توفیق دے۔

ذرا حضور داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب پڑھ کر دیکھئے کشف المحجوب میں ایک واقعہ لکھا ہے۔ کہ ایک لڑکا حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی نظر سے گذرا۔ آپ نے دعا فرمائی۔ یا اللہ جس طرح اس لڑکے کو شکل اچھی دی ہے۔ ایسے اچھے عمل کرنے کی توفیق بھی دے۔ اللہ والے کی فیض رساں نظر کا پڑنا تھا کہ وہ حسین و جمیل نوجوان قدموں میں آگرا اور کلمہ پاک پڑھنے لگا۔ اور اللہ تعالیٰ کے ولیوں میں سے ایک ولی ہو گیا۔ اللہ کے دوستوں کی نگاہ تجھے بھی اللہ کا دوست بنا سکتی ہے۔ بس کانٹا بدلنے کی دیر ہے۔ جب کانٹا بدل جائے گا۔ کراچی جانے والی گاڑی لاہور کی طرف مڑ جائے گی۔ اللہ تعالیٰ تجھے توفیق دے تاکہ تو ولیوں کے مرتبہ کو سمجھ سکے۔ اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ

Marfat.com

سائل نے کہہ دادو داد ہیں ہو کچھ نہ دیں
مردہ دیہ مراد کس روایت خبر کی ہے

شہر لاہور میں ایک مائی نے مولوی محمد علی کی مسجد میں بجلی کا پنکھا لگوا دیا۔ رات کو خواب میں سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ فرمایا۔ مدینہ شریف آؤ۔ وہ مائی کراچی چلی گئی۔ حج دفتر کے ملازموں نے پوچھا کیا تیرا نام کا قرعہ نکلا۔ اس نے کہا قرعہ کیسا۔ میں نے تو درخواست بھی نہیں دی تھی۔ مجھے سرکار مدینہ نے خود بلایا ہے۔ اور مجھے ضرور جانا ہے۔ افسر۔ سرکاری ملازم۔ جو بغیر قرعہ نکلے بھیج نہیں سکتے۔ متاثر ہو گئے۔ اور جہاز کا ٹکٹ اس مائی کو دے دیا۔ مائی کو حج نصیب ہوا۔ زیارت روضہ پاک حضور پر نور اس کی آنکھوں نے کی۔ مدینہ پاک میں حضور کی خدمت میں کئی دن گذارے۔ ابھی تک وہ خوش نصیب مائی زندہ ہے ؎

اس گلی کا گدا ہوں جس میں
مانگتے تاجدار پھرتے ہیں

شہر سیالکوٹ کا ایک رضی جو معماری کا کام اچھی ہی جانتا ہے۔ حج کرنے گیا۔ بغداد شریف اور کربلا معلی ہوتا ہوا۔ مدینہ پاک جا پہنچا۔ روضہ پاک پر حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں کاریگر تو ہوں نہیں مگر حاجتمند ہوں۔ آپ کی مسجد کا کام ہو رہا ہے۔ مجھے بھی کام پر لگائیں۔ سعادت عطا فرمائیں۔ اٹھا۔ کام کرنے والوں کے قریب جا کھڑا ہوا۔ کاریگروں نے پوچھا معماری کا کام جانتے ہو۔ جواب دیا۔ ہاں کچھ تو جانتا ہوں۔ انہوں نے کل کام پر آنے کو کہا۔ پچاس روپیہ یومیہ ملنے لگا۔ ایک اچھے کاریگر نے شکایت کر دی کہ یہ کاریگر اچھا کام نہیں جانتا۔ افسر دیکھنے کو آئے۔ کام پاس ہو گیا۔ بھلا جسے خود حضور کام پر لگائیں اسے کون ہٹا سکتا ہے ؎

نفس اُنہاں دیاں پکڑن ناہیں گنہگار واہاں
بڈھی وانگ جنہاں فریاداں پیراں تیک پہنچایاں

ایک دفعہ وہی مستری مجھ سے ملنے کے لئے یہاں لاہور آیا۔ لمبی لمبی نورانی ڈاڑھی روشن چہرہ۔ میری پہچان میں نہ آیا۔ کہنے لگا میں وہی مستری ہوں جسے خود حضور نے اپنی مسجد کے کام پر لگایا ہوا ہے۔ لڑکوں کی شادیاں کی ہیں۔ اب اُن کی بیویوں کو لے کر مدینہ پاک جا رہا ہوں۔ کیا خوش نصیب ہیں وہ لڑکیاں جنہیں سرکار مدینہ کے ہمسایہ میں گھر مل گیا ؎

تیرے قدموں میں جو ہیں غیر کا منہ کیا دیکھیں
کون نظروں پہ چڑھے دیکھ کے تلوا تیرا

جب میرے پیشوا حضرت بابا فضل نور رحمۃ اللہ علیہ وقت وصال قریب آیا مجھے فرمایا۔ قریب ہو جاؤ۔ کہا۔ میری قبر کہاں بناؤ گے عرض کیا۔ جہاں آپ فرمائیں کہنے لگے میرے قبلہ و کعبہ میرے پیر و مرشد کے دروازے کے سامنے۔ وہ قبرستان تین سو سال کا پرانا ہے۔ دروازے کے سامنے کی جگہ کھود کر دیکھی تو خالی تھی۔ کوئی قبر پہلے سے وہاں نہ تھی۔ آپ کی خوش نصیبی دیکھئے۔ پیدا ہوئے ہوتی مردان۔ ساٹھ سال دربار داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ میں نوکری دیتے رہے۔ اور دفن ہوئے اپنے پیر کے دروازے پر ؎

پھر کے گلی گلی تباہ ٹھوکریں سب کی کھائے کیوں
دل کو جو عقل دے خدا تیری گلی سے جائے کیوں

یہ نصیب اللہ اکبر! سوچنے کا مقام ہے۔

جن لوگوں نے اللہ کے دوستوں کا ادب کیا کمال تک پہنچ گئے۔ حضرت بابا جی صاحب سادہ چک میں عرس کے دن سے ایک ماہ پہلے پہنچ جاتے۔ مزار کے ارد گرد جھاڑو

Marfat.com

دیتے . مسجد کی صفائی کرتے ۔ بیٹھک کو جھاڑ پونچھ کر صاف ستھرا کر دیتے تھے مسجد میں
بیٹھے رہنا ۔ کم سونا ۔ بات چیت بہت کم کرنا ۔ بس اللہ اللہ کرتے رہنا ۔ انکا وطیرہ تھا ۔
انعام کیا ملا ۔ اپنے پیر کے پہلو میں ۔ روضۂ مرشد کے سامنے انکا روضہ بنا ۔
جہاں تک مردِ خدا کی نگاہ کام کرتی ہے ۔ نو دمردوں کی نہیں کرنی ۔ افسوس ہے ان
لوگوں پر جو حضور کے علم اور اختیارات کا اندازہ کرنے میں لگے رہتے ہیں ۔ انہیں کوئی
پوچھے سیشن جج کے حکم سے پھانسی ہو جاتی ہے یا نہیں ۔ سنو کوئی ڈپٹی ہو ۔
کمشنر ہو ۔ گورنر ہو اور اسے اختیار نہ کوئی بھی نہ ہو تو وہ کیا کام کر سکے گا ۔
اے بے نصیب مولویو جو حضور کے علم کی نفی کرتے ہو ۔ انہیں بے اختیار کہتے ہو ۔
